★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 19 ذیقعد 1446ھ، 17 مئی 2025ء 4 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 189

بھارتی جارحیت سے خطے میں امن کی صورتحال میں بگاڑ پیدا ہوا پاکستان

عالمی برادری بھارت کو جارحیت سے روکے، جب بھی مذاکرات ہوں گے کشمیر پر بات ہوگی، مسلح افواج نے پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کے لیے جوابی کارروائی کی اور آپریشن بنیان مرصوص کا انعقاد کیا

ہمارے جواب کے پیچھے محرکات سب کے سامنے واضح تھے، پاکستان بھارت کے درمیان سیز فائر کا معاہدہ خوش آئند ہے، پاکستان دونوں ممالک کے درمیان سیز فائر کے معاہدے کی خیر مقدم کرتا ہے: ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے واضح کیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جب بھی مذاکرات ہوں گے کشمیر پر بات چیت ہوگی، بھارت کی جارحیت کی وجہ سے خطے میں امن کی صورتحال میں بگاڑ پیدا ہوئی، مسلح افواج نے پاکستان کی سلامتی اور خود مختاری کے لیے جوابی کارروائی کی اور آپریشن بنیان مرصوص کا انعقاد کیا، ہمارے جواب کے پیچھے محرکات سب کے سامنے واضح تھے۔ صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان پنجاب اسمبلی میں یوم تشکر تقریب کا کیک کاٹ رہے ہیں

صدر مملکت کی شہید سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کے گھر آمد، اہلخانہ سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے معرکہ حق میں شہید ہونے والے پاک فضائیہ کے سکواڈرن لیڈر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

اضافی ٹیکس اقدامات، این ایف سی ایوارڈ پر آئی ایم ایف کا فوکس

حکومت کی تنخواہ داروں، رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے لیے گنجائش نکالنے کی کوششیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے اضافی ٹیکس اقدامات اور این ایف سی ایوارڈ میں ازسر توازن پر فوکس کرلیا، حکومت نے تنخواہ دار طبقے اور رئیل سٹیٹ سیکٹر کیلئے گنجائش نکالنے کی کوششیں تیز کر دیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے تنخواہ دار طبقے کیلئے استثنیٰ 6 سے 12 لاکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ٹرمپ نے خطے کو ہولناک تباہی سے بچا کر انسانیت کی خدمت کی، وزیر داخلہ

محسن نقوی سے امریکی قائمقام سفیر نیٹلی بیکر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، پاک امریکا تعلقات اور دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال ہوا

امریکا کے ساتھ باہمی تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتے ہیں، محسن نقوی نے پاک بھارت جنگ بندی میں کلیدی کردار پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور سفیر کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان سیز فائر کا کریڈٹ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو جاتا ہے، امریکی صدر نے خطے کو ہولناک تباہی سے بچا کر انسانیت کی خدمت کی ہے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکا کی قائمقام سفیر نیٹلی بیکر کی اہم ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، پاک امریکا تعلقات اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

امریکی انتظامیہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کا فروغ ترجیح ہے، سفیر رضوان سعید شیخ

پاکستان اپنی استعداد بروئے کار لاکر امریکی منڈی کی ضروریات پوری کرسکتا ہے، چند ہفتوں میں پاک امریکا تجارتی معاملات کے خدوخال واضح ہوجائیں گے

پاکستان کے جوہری اثاثے مکمل محفوظ ہیں جس کا اعتراف امریکا نے بھی کیا، ہماری روایتی اور غیر روایتی صلاحیتیں دفاع اور امن کے فروغ سے عبارت ہیں، سفیر کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ امریکی انتظامیہ کے ساتھ تجارتی تعلقات کا فروغ ترجیح ہے۔ جاری بیان میں رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستان اپنی استعداد بروئے کارلا کر امریکی منڈی کی ضروریات پوری کرسکتا ہے۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ معدنیات، آئی ٹی اور زراعت میں دوطرفہ تعاون کے فروغ پر کام جاری ہے، چند ہفتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

”ہمارے شاہینوں نے دشمن کو نشان عبرت بنا دیا“ وزیراعظم

بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجا لانے کیلئے ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا، دنیا نے دیکھا کہ کئی گنا بڑے دشمن کو گھٹنے ٹیکنے میں چند گھنٹے لگے

جو طیارے بھارت کا غرور تھے اب راکھ اور نشان عبرت بن چکے ہیں، اپوزیشن جماعتوں سمیت ملک بھر کی سیاسی قیادت، پارلیمان کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے بے مثال اتحاد، تاریخی یگانگت کا مظاہرہ کیا، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے وطن کے دفاع کے دوران دشمن کو چند گھنٹوں میں ہی عبرت کا نشان بنا دیا۔ یوم تشکر کے حوالے سے اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم اور آرمی چیف کی سکواڈرن لیڈر عثمان یوسف شہید کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

یوم تشکر کے حوالے سے وزیراعظم ہاؤس میں پرچم کشائی کی تقریب

پاکستان پرامن ملک، لیکن ہم اپنے دفاع میں جوابی کارروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف یوم تشکر کے حوالے سے وزیراعظم ہاؤس میں پرچم کشائی کی تقریب ہوئی جس دوران وزیراعظم نے پرچم کشائی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کے لئے ملک بھر میں یوم تشکر منایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 اور 7 مئی کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

معرکہ حق کے بعد پاک فوج کی دشمن کو یلغار، نیا نغمہ جاری

یلغار ہے صرف ایک نغمہ نہیں، ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر نے نیا ملی نغمہ یلغار ہے جاری کر دیا جو قوم کے جذبہ حب الوطنی، مسلح افواج کی قربانیوں اور اتحاد واستقامت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ حسنین علی پراچہ کی آواز میں گایا گیا یہ ولولہ انگیز نغمہ ہر اس جوان کی جدوجہد کو سلام پیش کرتا ہے جو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

امریکی دفاعی ماہر نے پاکستانی طیارے گرانے کے بھارتی دعوے کو "بکواس" قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکی دفاعی تجزیہ کار کرسٹین فیئر نے پاکستانی طیارے مار گرانے کے بھارتی دعوے کو بکواس اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

معرکہ حق
م تشکر
ستان ہمیشہ زندہ باد

لاہور: وزیراعلیٰ مریم نواز معرکہ حق یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی کرکے تقریبات کا آغاز کر رہی ہیں

کامیابی پر مسلح افواج کے دلیر سپاہیوں کو خراج تحسین، صدر مملکت

ہماری آپریشنل مہارت کو تسلیم کیا گیا، پاکستان پُرامن ملک ہے، سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی کوئی شق موجود نہیں، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم تشکر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت کے خلاف اس کامیابی پر مسلح افواج کے دلیر سپاہیوں اور سربراہان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اپنے پیغام صدر مملکت نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے جواب میں آپریشن بنیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے قائمقام امریکی سفیر نٹالی بیکر ملاقات کر رہی ہیں

انکم ٹیکس ترمیمی بل سمیت کئی بل قومی اسمبلی سے منظور، اپوزیشن کی مخالفت

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے انکم ٹیکس ترمیمی بل 2024 کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

ملک بھر میں شدید گرمی، ہیٹ ویو برقرار، درجہ حرارت 48 ڈگری تک پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بیشتر علاقے درجہ حرارت معمول سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

ڈاکٹر فیصل کی ممتاز شخصیت نبیل قدیر سے ملاقات

پاکستانی نوجوان اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے ملک کا نام روشن کر رہے ہیں، پاکستانی ہائی کمشنر

لندن (این این آئی) برطانیہ میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوان اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر فیصل نے ان خیالات کا اظہار ممتاز شخصیت نبیل قدیر سے ملاقات میں کیا جو برٹش کونسل کے سٹڈی یو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

کراچی: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سٹاک ایکسچینج کے نمائندوں سے گرین سکوک منصوبے بارے آن لائن خطاب کر رہے ہیں

فوج اور فضائیہ نے بھارت کو چاروں شانے چت کر دیا، گورنر پنجاب

جنگی میدان میں دنیا نے ہمارے جوانوں کی بہادری کو تسلیم کیا، سردار سلیم حیدر کا بیان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ جنگی میدان میں دنیا نے ہمارے جوانوں کی بہادری کو تسلیم کیا۔ جاری بیان میں سردار سلیم حیدر نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

کیپٹن سرور شہید جیسے عظیم سپوت ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، راجہ پرویز اشرف

سابق وزیراعظم نے کیپٹن راجہ محمد سرور شہید (نشان حیدر) کے مزار پر حاضری دی

گوجر خان (این این آئی) سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے افواجِ پاکستان کی شاندار کامیابی کے حوالے سے یومِ تشکر کے موقع پر کیپٹن راجہ محمد سرور شہید (نشان حیدر) کے مزار پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

بھارت کا خطے میں سپر میسی کا خواب دفن ہو گیا، اسحاق ڈار

سندھ طاس معاہدے سے یکطرفہ طور پر کوئی نہیں نکل سکتا، امریکا نے کنفرم کیا کہ پاکستان کا کوئی ایف 16 نہ بھارت گیا اور نہ گرا، انٹرویو

دونوں طرف یہ واضح ہے کہ سیز فائر ہو چکا ہے اور یہ رہے گا، دونوں ملکوں میں افواج کو نارمل سطح پر لے جانے کا سلسلہ جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت کا خطے میں سپر میسی کا خواب دفن ہو گیا، سندھ طاس معاہدے سے یکطرفہ طور پر کوئی نہیں نکل سکتا، امریکا نے بھی کنفرم کیا کہ پاکستان کا کوئی ایف 16 نہ بھارت گیا اور نہ گرا ہے۔ نجی ٹی وی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں طرف یہ واضح ہے کہ سیز فائر ہو چکا ہے اور یہ رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں میں افواج کو نارمل سطح پر لے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

عمران خان کے ٹیسٹ کی اجازت دینے کا تحریری فیصلہ جاری

انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی لاہور کے مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کے پولی گرافک سمیت دیگر ٹیسٹ کی اجازت دینے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ پولی گرافک اور وائس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

امریکا نے حزب اللہ پر نئی پابندیاں عائد کر دیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے لبنانی گروپ حزب اللہ کے 2 سینئر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

ٹرمپ کا امارات کا سرکاری دورہ، صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کا استقبال

ابوظہبی (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ متحدہ عرب امارات کے سرکاری دورے پر ابوظہبی پہنچے۔ متحدہ عرب امارات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب کی اسرائیلی فوج کی طرف سے غزہ میں ہسپتال کو نشانہ بنانے کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے اسرائیلی قابض فورسز کی جانب سے غزہ کے شہر خان یونس میں یورپی ہسپتال کو نشانہ بنائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

اسرائیل نے یمن سے داغا گیا میزائل روک لیا، یروشلم اور وسطی علاقوں میں خطرے کے سائرن

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نیاعلان کیا ہے کہ یمن سے داغا گیا ایک میزائل فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ میزائل حملہ اس وقت سامنے آیا جب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وفاقی وزراء میاں محمد معین وٹو اور انجینئر امیر مقام ہائیڈرو پاور منصوبے بارے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سارے لاہور کو کھود کر چھوڑ دیا، لوگوں کے کاروبار تباہ ہو گئے ہیں‘ لاہور ہائیکورٹ

شہر میں ایئر کوالٹی بھی خراب ہے، لوگ گھروں میں سانس پتہ نہیں کیسے لے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے واسا کے ترقیاتی کاموں کی سست روی پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ ماحولیات کو حکم دیا کہ واسا کے ٹھیکیداروں کو بھاری جرمانے کریں، جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ سارا شہر بغیر کسی احتیاطی تدابیر کے بغیر کھود کر چھوڑ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب سے سینیٹ کی خالی نشست پر عبوری امیدواروں کی فہرست جاری

سینیٹر ساجد میر کے انتقال کے باعث خالی سینیٹ کی نشست پر انتخاب 29 مئی کو پنجاب اسمبلی میں ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب سے سینیٹ کی خالی ہونے والی نشست پر ضمنی انتخاب کے لیے صوبائی الیکشن کمیشن پنجاب نے امیدواروں کی عبوری فہرست جاری کر دی۔ الیکشن کمیشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

امریکہ اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے، ٹرمپ

متحدہ عرب امارات کے صدر کی وائٹ ہاؤس میں میزبانی کے خواہاں ہیں، امریکی صدر

ابوظہبی (این این آئی) ابوظہبی کے دورے اور متحدہ عرب امارات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

جس سینیٹر نے ہمارے لیڈر کو گالیاں دیں اسے برداشت نہیں کریں گے، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز نے کہا ہے کہ جس سینیٹر نے ہمارے لیڈر کو گالیاں دیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)



مظفر آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن خطاب کر رہے ہیں

نیا مالی سال، ٹیکس ہدف 14 ہزار 305 ارب، گاڑیوں پر ٹیکسز میں کمی کی تجویز

زرعی آمدن پر ٹیکس وصولی یکم جولائی 2025 سے شروع ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) نئے مالی سال کے بجٹ میں ٹیکس ہدف 14 ہزار 305 ارب رکھنے کے علاوہ گاڑیوں سمیت کئی دیگر سیکٹرز میں ٹیکسز میں کمی کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

ٹرمپ نے مشرق وسطیٰ کے دورے میں اسرائیل کو سائیڈ لائن کر دیا، ملیحہ لودھی

غزہ میں جنگ بندی نہیں ہوئی، ٹرمپ نے ابھی تک اسرائیل کو نہیں روکا، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی سابق سفیر ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ نے مشرق وسطیٰ کے دورے میں اسرائیل کو بالکل سائڈ لائن کر دیا۔ نجی ٹی وی سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

دنیا پاکستان کے مائیکرو اکنامک استحکام سے مطمئن ہے، وزیر خزانہ

ملک بھر میں یوم تشکر جوش و جذبے سے منایا گیا، گزشتہ روز اسٹاک مارکیٹ بلند ترین سطح پر بند ہوئی، محمد اورنگزیب

پاکستان کیلئے ماحولیاتی تبدیلی خطرہ بن چکی، اثرات سے نمٹنے کیلئے فنانسنگ پر کام جاری، گرین گوننگ سکوک تقریب میں ویڈیو لنک سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ دنیا پاکستان کے مائیکرو اکنامک استحکام سے مطمئن ہے تاہم ہمیں ملائیشیا کے ماڈل کو اپنانا ہوگا۔ انہوں نے گرین گوننگ سکوک تقریب میں ویڈیو لنک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں یوم تشکر جوش و جذبے سے منایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز اسٹاک مارکیٹ بلند ترین سطح پر بند ہوئی۔ محمد اورنگزیب نے بتایا کہ واشنگٹن اور لندن میں سرمایہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

ملک بھر کی طرح خیبر پختونخوا میں بھی یومِ تشکر منایا گیا

مساجد میں قرآن خوانی، صوبائی دارالحکومت میں 21 توپوں کی سلامی دی گئی، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) ملک بھر کی طرح خیبر پختونخوا میں بھی یوم تشکر منایا گیا۔ یہاں سے جاری بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ معرکہ حق میں عوام اور افواج پاکستان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

عوام بانی سے ناانصافی کرنے والے کے گھر میں گھسیں گے، شاندانہ گلزار

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما شاندانہ گلزار نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

اہلکاروں پر تشدد کا مقدمہ، عبدالعلیم خان، شعیب صدیقی سمیت دیگر ملزمان بری

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

وزیراعلیٰ پنجاب لائیو سٹاک کارڈ اسکیم کے دوسرے مرحلے کی رجسٹریشن کا آغاز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لائیو سٹاک کارڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین شہید سلمان سرور کے والد سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

تنازعات کو ہوا نہیں دینا چاہتے بلکہ خاتمہ چاہتے ہیں، ٹرمپ

ہمارے پاس دنیا کی سب سے طاقتور فوج ہے، ایک صدر کی حیثیت سے میری اولین ترجیح تنازعات کا خاتمہ ہے

اگر ضرورت پڑی تو میں امریکہ یا اس کے اتحادیوں کے دفاع کے لیے امریکی طاقت کے استعمال میں ہرگز نہیں ہچکچاؤں گا: امریکی صدر

دوحہ (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے خلیجی دورے کے ضمن میں قطر میں واقع امریکی فضائی اڈے العدید کا دورہ کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اڈے پر خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ان کا ملک دنیا کی سب سے طاقت ور فوج رکھتا ہے۔ ان کے الفاظ تھے ہمارے پاس دنیا کی سب سے مضبوط فوج ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکہ نے اپنی فوج کے لیے تاریخ کا سب سے بڑا بجٹ مختص کیا ہے۔ اپنے خطاب میں ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

HOME DEPARTMENT

لاہور: وزیر قانون پنجاب ملک صہیب احمد بھرتھ وطن پر جان نچھاور کرنے والے پاک افواج کے جوانوں اور شہریوں کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کر رہے ہیں

لاہور: وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ ڈی جی سوشل ویلفیئر کے آفس میں یوم تشکر و معرکہ حق کی تقریب کا کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:55
فجر	4:50
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل،ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر ریسرچ سیل کا افتتاح کرنے کے موع پر ڈاکٹرز کے ہمراہ دعا مانگ رہے ہیں

جنرل ہسپتال: لیب میں ریسرچ سیل کا قیام، پروفیسر الفرید ظفر نے افتتاح کیا

بیماریوں کی روک تھام اور میڈیکل کے شعبہ کی ترقی کیلئے بیسک سائنز سبجیکٹس پر تحقیق ناگزیر

ریسرچ سیل انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ سٹوڈنٹس کو ریسرچ ورک میں معاونت کرے گا: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

ریسرچ سیل ڈائریکٹر سینٹرل ریسرچ لیب پی ایچ ڈی ڈاکٹر غزالہ روبی کی سربراہی میں کام کرے گا

لاہور(خبر نگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ میڈیکل کے شعبہ میں ترقی اور نت نئی ایڈوانسمنٹ کو سمجھنے اور معاشرے میں پھیلنے والے امراض پر قابو پانے کیلئے بیسک سائنسز کے علوم پر ریسرچ وقت کی اہم ضرورت ہے اور تحقیق کے شعبہ کو نظر انداز کر کے بیماریوں کی روک تھام اور علاج کیلئے ٹھوس حکمت عملی مرتب نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لاہور جنرل ہسپتال میں ریسرچ سیل کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ یہ ریسرچ سیل ڈائریکٹر سینٹرل ریسرچ لیب پی ایچ ڈی ڈاکٹر غزالہ روبی کی سربراہی میں کام کرے گا۔ جس کا مقصد کلینیشنز اور بیسک سائنسز کے ماہرین و محققین کو ایک ہی جگہ اکٹھا کر کے مربوط ریسرچ کے کام کو آگے بڑھانا ہے۔ یہ ریسرچ سیل انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سٹوڈنٹس کو ان کی ریسرچ میں معاونت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر ڈاکٹر غزالہ روبی، ڈاکٹر جعفر حسین شاہ، ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر ہیلتھ پروفیشنلز موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ اس ریسرچ سیل کا قیام ایک دیرینہ ضرورت تھی جو آخر کار پایہ تکمیل کو پہنچ گئی اور پی جی ایم آئی، اے ایم سی، ایل جی ایچ کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں میڈیکل کے شعبے میں ترقی کرنے والے ممالک کی بنیادی خصوصیت یہی ہے کہ انہوں نے میڈیکل ریسرچ پر خصوصی توجہ دی اور نت نئی بیماریوں کی روک تھام کیلئے ویکسین اور ادویات متعارف کروانے میں کامیاب ہوئے اور آج ان ممالک کی میڈیکل شعبہ میں خدمات کی دنیا معترف ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ہمیں بھی چاہئے کہ دوسروں کی طرف دیکھنے کی بجائے خود انحصاری کی منزل کی جانب آگے بڑھیں، جس کیلئے سخت محنت اور ہیلتھ سیکٹر کے ہر شعبہ میں تحقیقی کام کو مزید آگے بڑھانا ضروری ہے۔ جس کیلئے میڈیکل انسٹی ٹیوشن کی لیبارٹریز میں روایتی میڈیکل ٹیسٹ کرنے کے ساتھ ساتھ خصوصی ریسرچ سیل قائم کرنا ہونگے۔ تاکہ ہمارا یہ خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔ انہوں نے ریسرچ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے طلبہ کو تاکید کی دور جدید میں تعلیم کے ساتھ ساتھ ریسرچ پر بھرپور توجہ دی جائے تاکہ آپ کا مستقبل روشن ہو۔ ریسرچ سے تحقیق کے نئے دروازے کھلیں گے۔

کمشنر لاہور ڈویژن کی زیر صدارت اجلاس/ چاروں اضلاع میں جاری تجاوزات آپریشن، بیوٹیفکیشن پر پلاننگ پیشرفت، تسلسل اور ٹائم لائنز کا جائزہ لیا گیا

تمام ڈی سیز نے شہروں کی تزئین و آرائش۔ اہم سڑکوں کی بحالی اور پارکس قیام کیلئے پلاننگ بارے بریفنگ دی

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کی زیر صدارت لاہور ڈویژن کے تمام اضلاع میں جاری تجاوزات آپریشن پر پیشرفت، بیوٹیفکیشن و پلاننگ، تسلسل اور ٹائم لائنز جائزہ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چاروں اضلاع کے ڈی سیز نے تجاوزات آپریشن، شہروں کی تزئین و آرائش، اہم سڑکوں کی بحالی اور پارکس قیام کیلئے پلاننگ بارے بریفنگ دی۔ ڈی سیز نے تجاوزات کیخلاف آپریشن و پیشرفت بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور میں شناخت کردہ 93 پوائنٹس میں سے 80 پوائنٹس سے تجاوزات کلئیر کر دی گئی ہیں جبکہ ننکانہ سے 80 فیصد، قصور 84 فیصد اور شیخوپورہ سے 75 فیصد تجاوزات ختم کر دی ہیں۔ کمشنر لاہور نے چاروں اضلاع کے ڈی سیز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ بنی ہوئی اسٹیبلشمنٹ کو دوبارہ بحالی کی کیوں ضرورت پڑی۔ ان وجوہات کا تعین ضرور کریں، انہوں نے کہا کہ لاہور ڈویژن میں ہدایات کیمطابق کمرشل ایریاز کی ڈویلپمنٹ و بیوٹیفکیشن پر پلاننگ کی جارہی ہے جبکہ مین بازاروں، مین سڑکوں پر تجاوزات آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔ کمشنر لاہور نے مزید کہا کہ تجاوزات آپریشن کی کامیابی یہ ہے کہ دوبارہ تجاوزات سر نہ اٹھائیں، تجارتی مراکز کی منظم شکل میں بحالی اور ان تک باسہولت عوامی رسائی کیلئے اقدامات کو پلاننگ کا حصہ بنائیں۔ چاروں اضلاع کے ڈی سیز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

مصطفی آباد: ایل ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کی تنخواہوں کی کٹوتی پر ہڑتال

مذاکرات کے بعد ہڑتال ختم کام شروع کر دیا گیا، آئندہ پورٹل کے بغیر حاضری قابل قبول نہ ہوگی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ایل ڈبلیو ایم سی کے ملازمین کی تنخواہوں کی کٹوتی پر ہڑتال، مذاکرات کے بعد ہڑتال ختم کام شروع کر دیا گیا، آئندہ پورٹل کے بغیر حاضری قابل قبول نہ ہوگی، پورٹل ایشو کی وجہ سے لگنے والی

حاضری کی وجہ سے تنخواہوں کی کٹوتی ہوئی، چند دن تک مل جائے گی، حکام، تفصیلات کے مطابق ایل ڈبلیو ایم سی مصطفی آباد کے ملازمین کی طرف سے تنخواہوں میں کٹوتی کرنے پر ہڑتال کر دی گئی، ملازمین نے کام چھوڑ کر ٹاؤن کمیٹی آفس میں احتجاج شروع کر دیا، اور وردیاں اتار کر پھینک دی، مظاہرین نے کہا کہ ہم نے پورا ماہ کام کیا ہے لیکن ہماری تنخواہوں میں سے کٹوتی کر لی گئی ہے، آج 16 تاریخ ہو چکی ہے لیکن ابھی تک ہمارے اکاونٹ میں تنخواہ نہیں آسکی، الٹا حکام کی طرف سے کہا جارہا ہے کہ گندگی کے ڈھیروں سے نکلنے والا شیشہ، پلاسٹک اور گھتہ ہمیں جمع کروایا جائے، ہمیں سہولیات دینے کی بجائے ہمارے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، ایل ڈبلیو ایم سی حکام سے مذاکرات کے بعد ملازمین نے ہڑتال ختم کر کے کام شروع کر دیا، حکام کے مطابق پورٹل ایشو کی وجہ سے لگنی والی غیر حاضریوں کی تنخواہیں چند روز تک جاری کر دی جائیں گے، آئندہ کسی ملازم کی پورٹل کے بغیر حاضری قابل قبول نہ ہوگی، ملازمین کے دیگر مسائل اپنے اعلی حکام تک پہنچا کر انہیں بھی حل کروانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی، پورٹل پر اپنے وقت مقرر سے نہ تو پہلے اور نہ ہی بعد میں حاضری لگے گی، حکام کی طرف سے مقرر کردہ وقت میں حاضری کو یقینی بنایا جائے، اس ماہ کی تنخواہ میں ایک تو غیر حاضریوں کی کٹوتی کی گئی ہے، دوسرا جن افراد نے عید پر ایڈوانس لیا تھا اس کی بھی کٹوتی کی گئی ہے۔

6 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موبائل فونز سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چھ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور موبائل فونز سے محروم جبکہ مسجد کے گلے سے رقم چوری سیف اللہ موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ کوٹلی نوشہرہ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر تین لاکھ 75 ہزار روپے چھین لئے یاسر حفیظ موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ برج چیمہ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے گیارہ ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا محمد رفیق موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ رچھاڑہ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 55 ہزار روپے چھین لئے رضوان علی موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ باب سیالکوٹ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر 25 ہزار روپے نقدی اور دو موبائل فون چھین لئے محمد ندیم موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ بھروکے کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 20 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا نامعلوم چور گوپی پور مسجد کے گلے کا تالہ توڑ کر 25 ہزار روپے نقدی چوری کر کے لے گئے سرکل پولیس نے مقدمات درج کر لئے

سابق چیئرمین یوسی کنڈن سیان سعید اللہ سیان کی ساتھیوں سمیت ن لیگ میں شمولیت

حلقہ پی پی 52 کی ٹکٹ ہولڈر حنا ارشد وڑائچ کی بھرپور حمایت کا اعلان

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سابق چیئرمین یوسی کنڈن سیان سعید اللہ سیان کی ساتھیوں سمیت ن لیگ میں شمولیت، حلقہ پی پی 52 کی ٹکٹ ہولڈر حنا ارشد وڑائچ کی بھرپور حمایت کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق سابق ایم پی اے چوہدری ارشد جاوید وڑائچ کی وفات کے بعد پی پی 52 میں یکم جون کو ضمنی الیکشن میں حنا ارشد وڑائچ کو کامیاب کروانے کے لیے مقامی لیگی رہنما سرتوڑ کوشش کر رہے ہیں جس کے تحت سابق ایم پی اے چوہدری جمیل اشرف اور معروف بزنس مین و سماجی رہنما چوہدری حسن رضا چیمہ کی خصوصی کاوشوں سے سابق چیئرمین یوسی کنڈن سیان سعید اللہ سیان نے پی ٹی آئی کو خیر باد کہہ کر ساتھیوں سمیت مسلم لیگ ن میں شمولیت اختیار کر لی ہے جس کا باقاعدہ اعلان ٹکٹ ہولڈر پی پی S2 حنا ارشد وڑائچ، سابق ایم پی اے چوہدری جمیل اشرف، سابق چیئرمین بلدیہ سمبڑیال رانا جنگ شیر، سابق ناظم عبد المنان علوی اور سابق چیئرمین یوسی گوجرہ مختار احمد بل کی موجودگی میں اڈا کنڈن سیان میں منعقدہ جلسہ میں کیا گیا اس موقع پر حنا ارشد وڑائچ نے کہا کہ میں اپنے والد مرحوم کے نقش قدم پر چلتے ہوئے کامیاب ہو کر عوامی خدمت کو ہی اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھوں گی اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے سرتوڑ کوشش کرونگی اور کنڈن سیان میں گرلز ڈگری کالج کے لیے وقف جگہ محکمہ تعلیم کے نام ہونے کے باوجود گزشتہ 30 سال سے زائد عرصہ سے تاخیر کا شکار گرلز کالج کی منظوری میری اولین ترجیح ہوگی

مابعد ریٹائرمنٹ ایکسٹینشن دینے کے ایکٹ کو افیسر گریڈ ون تک بطور پالیسی تمام ملک میں نافذ کر دیا جائے۔ ایاز اکبر

نیشنل بنک، ائندہ چند روز میں ریٹائرمنٹ کے قریب ایک یونین لیڈر سعید حیدر کو مابعد ریٹائرمنٹ ایکسٹینشن دینے پر کام جاری۔ ذیشان حیدر

چند من پسند عناصر کو غیر معمولی مراعات فراہم کرنے کی اماجگاہ بنا کر دیگر ملازمین میں احساس محرومی پیدا نہ کی جائے

صدر، چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز نیشنل بنک آف پاکستان سے یونین رہنماؤں کی اپیل

لاہور (خبر نگار) نیشنل بینک ایمپلائز یونین کے صدر ذیشان حیدر جنرل سیکرٹری ایاز اکبر نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ائندہ چند روز میں ریٹائرمنٹ کے قریب ایک یونین لیڈر سعید حیدر کو مابعد ریٹائرمنٹ ایکسٹینشن دینے پر کام جاری ہے اس حوالے سے ہمیں کسی کی ذات سے کوئی پرخاش نہیں ہے تاہم متذکرہ ایکسٹینشن کے تناظر میں آپ کی خدمت میں یہ مطالبہ پیش کرنے میں خود کو حق بجانب سمجھتے ہیں کہ ہیڈ افس کو چند من پسند عناصر کو غیر معمولی مراعات فراہم کرنے کی اماجگاہ بنا کر ملک کے باقی ملازمین میں احساس محرومی پیدا کرنے کی بجائے براہ کرم مابعد ریٹائرمنٹ ایکسٹینشن دینے کے ایکٹ کو افیسر گریڈ ون تک بطور پالیسی تمام ملک میں نافذ کر دیا جائے جس سے فیلڈ میں شب و روز محنت کر کے اس قومی ادارے کو وسیع پرافٹ سے ہم کنار کرنے والے اسٹاف کو incentive بھی ملے گا اور وہ پہلے سے زیادہ لگن اور جان فشانی سے اپنے فرائض سرانجام دے سکیں گے یونین رہنماؤں نے صدر و چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹر نیشنل بینک آف پاکستان سے اپیل کی کہ برائے مہربانی غیر معمولی مرات کو صرف ہیڈ افس بلڈنگ تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اس مفاد جاریہ کی پالیسی کی ملک بھر میں افیسر گریڈ ون تک توسیع فرمائیں

ڈسکہ میں بھی معرکہ حق یوم تشکر ملی جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا

میونسپل آفس میں پرچم کشائی، افواج پاکستان کے حق میں ریلیاں نکالی گئیں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ملک بھر کی طرح ڈسکہ میں بھی معرکہ حق یوم تشکر ملی جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا، میونسپل آفس میں پرچم کشائی، افواج پاکستان کے حق

میں ریلیاں نکالی گئیں، شہداء کے مزارات پر حاضری دی گئی اور نماز جمعہ کے بعد فرزندان اسلام نے تپتی سڑک پر اللہ کے حضور سجدہ شکر ادا کیا۔ بنیان مرصوص کی تاریخی فتح کے بعد معرکہ حق یوم تشکر کے موقع پر میونسپل آفس میں اسسٹنٹ کمشنر عثمان غنی نے سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء سمیت سیاسی سماجی شخصیات اور سول سوسائٹی کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور ملکی سلامتی واستحکام کیلئے دعا کی گئی، کیپٹن عرفان شہید چوک سے اسسٹنٹ کمشنر آفس تک ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے، مرکزی جمعیت اہلحدیث کی طرف سے بھی ریلی نکالی گئی اور اختتام پر کچہری چوک میں دھوپ کی شدت اور تپتی سڑک پر نائب صوبائی امیر حافظ عبدالغفار کی امامت میں اللہ کے حضور سجدہ شکر ادا کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر عثمان غنی، سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء، چیف آفیسر الفت شہزاد نے سیاسی سماجی شخصیات کے ہمراہ شہداء کے مزارات پر دعائے مغفرت اور فاتحہ خوانی کی

سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس اور ریجنل دفاتر میں ملکی قیادت اور افواج پاکستان کے ساتھ اظہار تشکر کی تقریبات

ایم ڈی عامر طفیل، انتظامیہ اور تمام ملازمین نے ان تقریبات میں شرکت کی اور افواج پاکستان کی جرات، شجاعت اور بہادری پر خراج تحسین پیش کیا

لاہور (صدف الطاف چوہدری سے) سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس اور ریجنل

دفاتر میں ملکی قیادت اور افواج پاکستان کے ساتھ اظہار تشکر کی تقریبات سوئی ناردرن گیس ہیڈ آفس اور تمام ریجنل دفاتر میں ملکی قیادت اور پاک فوج کے ساتھ آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے اظہار تشکر کے لیے تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ایم ڈی عامر طفیل، انتظامیہ اور تمام ملازمین نے ان تقریبات میں شرکت کی اور افواج پاکستان کی جرات، شجاعت اور بہادری پر خراج تحسین پیش کیا۔ ایم ڈی عامر طفیل نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام انتظامیہ اور ملازمین دفاع وطن میں اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

ایل ڈی اے کے زیر اہتمام "یوم تشکر" ریلی کا انعقاد، وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے نے ریلی کی قیادت کی

ہماری بہادر افواج نے پوری دنیا میں پاکستان کا سر فخر بلند سے کر دیا ہے، افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ میاں مرغوب احمد

آپریشن بنیان مرصوص قومی یکجہتی اور وحدت کا عملی ثبوت ہے، افواج پاکستان سمیت پوری قوم ہندوستان کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کے کھڑی رہی

پاک فضائیہ نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا ہے، پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

بھارت کو عبرتناک شکست دینے پر پوری قوم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

یوم تشکر
بنیان مرصوص

لاہور (خبر نگار) ایل ڈی اے کے زیر اہتمام آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر "یوم تشکر" ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد اور ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ریلی کی قیادت کی۔ ایل ڈی اے کی جانب سے خیابان فردوسی جوہر ٹاؤن پر یوم تشکر کی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ایل ڈی اے افسران و ملازمین نے ریلی میں بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ آباد کی صدائیں لگائیں اور افواج پاکستان کے حق میں نعرے لگائے۔ اس موقع پر وائس چیئرمین ایل ڈی اے میاں مرغوب احمد نے کہا کہ ہماری بہادر افواج نے پوری دنیا میں پاکستان کا سر فخر بلند سے کر دیا ہے۔ افواج پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ آپریشن بنیان مرصوص قومی یکجہتی اور وحدت کا عملی ثبوت ہے۔ افواج پاکستان سمیت پوری قوم ہندوستان کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کے کھڑی رہی۔ پاکستان تا قیامت قائم رہے گا، اس کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ پوری دنیا افواج پاکستان کی صلاحیتوں کو ماننے پر مجبور ہو گئی ہے۔ افواج پاکستان نے بھارت کو ایسا سبق پڑھایا ہے جس کی گونج پوری دنیا میں سنی گئی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ پاک فضائیہ نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا ہے۔ بھارت کو عبرتناک شکست دینے پر پوری قوم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ریلی کے شرکاء نے شہداء اور پاکستان کی سلامتی کے لئے خصوصی دعا کی۔ ریلی میں ایڈیشنل ڈی جیز، چیف انجینئر ایل ڈی اے، ڈائریکٹر ایڈمن، چیف ٹاؤن پلانرز، چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ، ایل ڈی اے افسران، ملازمین اور ایل ڈی اے ورکرز یونین کے عہدیداران نے بھی شرکت کی۔

جنگلات ڈویژن کا قبضہ مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری

گرینڈ آپریشن میں قبضہ مافیا سے 252 ایکڑ سرکاری زمین واگزار کروالی گئی

شرقپور شریف (نامہ نگار) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق اور سیکریٹری محکمہ جنگلات پنجاب مدثر ریاض ملک کی خصوصی

ہدایات پر محکمہ جنگلات شیخوپورہ / ننکانہ جنگلات ڈویژن کا قبضہ مافیا کیخلاف گرینڈ آپریشن جاری۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ جنگلات شیخوپورہ اور ننکانہ جنگلات ڈویژن نے محکمہ ریونیو اور محکمہ پولیس کے تعاون سے ڈھانہ اور بچیکی کے سرکاری جنگل میں قبضہ مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا ہے۔ گرینڈ آپریشن میں قبضہ مافیا سے 252 ایکڑ سرکاری زمین واگزار کروالی گئی۔ ڈویژن جنگلات آفیسر شیخوپورہ / ننکانہ رانا زاہد علی اور سب ڈویژن جنگلات آفیسر شرقپور جمشید خان نے حال ہی میں اپنے عہدوں کا چارج لیتے ہی لکڑی چور مافیا اور قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر رکھا ہے اب تک جنگلات کا 275 ایکڑ سے زائد رقبہ پچھلے چند ماہ میں واگزار کروایا جا چکا ہے۔ یہ سرکاری رقبہ جات گزشتہ 20 سال سے زائد عرصہ سے مختلف بااثر لوگ اس رقبہ پر قابض تھے جن سے رقبہ واگزار کروالیا گیا ہے۔

کنٹونمنٹ بورڈ۔ کے سی ای او سبطین رضاء کے زیر اہتمام والٹن آفس میں یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب

اس موقع پر پرچم کشائی سمیت 1965 میں شہید ہونے والے پاک فوج کے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی گئی

لاہور (تخلیق صدیقی سے) ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کی جانب سے والٹن کنٹونمنٹ

بورڈ۔ کے سی ای او سبطین رضاء کے زیر اہتمام والٹن آفس میں یوم تشکر کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب متعدد افسران کی شرکت۔ گزشتہ روز پاکستان بھر میں یوم تشکر پر پرچم کشائی کی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے آفس میں سی۔ای۔او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سبطین رضا کے زیر قیادت پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پرچم کشائی سمیت 1965 میں شہید ہونے والے پاک فوج کے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی گئی اس موقع پر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے سی ای او سبطین رضا نے یوم تشکر کی قیادت کی یوم تشکر کے موقع پر والٹن وائس پریزیڈنٹ چوہدری محمد شریف۔ ڈپٹی سی۔ای۔او میڈم مناہل۔۔ سیکرٹری حسنین حمید بخاری سمیت تمام وارڈ ممبران نے شرکت کی جن میں ایڈیشنل سی۔ای۔او۔ ڈاکٹر علی رضا۔ ڈپٹی سی۔ای۔او۔ حسن عباس۔ چیف پبلیک ہیلتھ وارث بھٹی۔ کرنل فرخ۔۔ انکروچمنٹ انچارج حسن جان۔ سمیت متعدد افراد نے شرکت کی آخر میں پاک فوج کے شہداء سمیت پاکستان کی سلامتی کے لئے دعائیں مانگی گئیں۔

پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام آپریشن بنیان مرصوص کو بطور "یوم تشکر و پاک افواج زندہ باد" منایا گیا

پاکستان کے روائتی دشمن بھارت کے خلاف پاک افواج کی بھرپور کامیابی پر یوم تشکر و پاک فوج زندہ باد منانا اللہ کے احسان اور فضل کا شکر ادا کرنا ہے

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام بھارتی جارحیت کے خلاف پاک افواج کے کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کو بطور "یوم تشکر و پاک افواج زندہ باد" منایا گیا، اس موقع پر پاک فوج زندہ باد ریلیاں اور مظاہرے کئے گئے، اس موقع پر پاکستان سنی تحریک کے صوبائی صدر شمالی پنجاب محمد زاہد حبیب قادری نے یوم تشکر کے موقع پر کہا ہے کہ پاکستان کے روائتی دشمن بھارت کے خلاف پاک افواج کی بھرپور کامیابی پر یوم تشکر و پاک فوج زندہ باد منانا اللہ کے احسان اور فضل کا شکر ادا کرنا ہے، پاکستان کا ازلی دشمن بھارت دن کی روشنی رات کی تاریکی سمندروں خوشکیوں یا فضاؤں سمیت جہاں سے بھی حملہ آور ہوگا منہ توڑ جواب دیں گے، متحدہ عرب امارات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آمد پر لڑکیوں کا رقص قابل مذمت اور افسوسناک عمل ہے، امریکی اشاروں پر اسرائیلی جارحیت پر افسوس کرنے کی بجائے متحدہ عرب امارات نے شرمناک عمل کیا ہے، پاکستان کے غیور متحدہ عرب امارات کے حکمرانوں کی اسرائیلی دوستیوں کو اسلام دشمنی سمجھتے ہیں، محمد آصف مغل کیلانی نقشبندی نے کہا کہ بھارت نے اگر پاکستان پر دوبارہ پھر سے حملہ آور ہونے کی ناپاک جسارت کی تو اس کا پھر ہاتھ موڑ دیں گے، پاک افواج کے بروقت اور بھرپور جواب نے خطے میں بھارت کے مقابلہ میں پاکستان کو برتری دلوائی ہے، پاکستان نے بھارت کے مقابلہ میں جدید ٹیکنالوجی کمپیوٹر سائنس اور اسلحہ کے مناسب استعمال پر بھی بھارت سے برتری حاصل کی ہے، پاکستان کو اب چاہیے کہ وہ جدید اور ترقی یافتہ ممالک کی طرح زراعت فیکٹریوں تعلیم صحت اور روزگار کے مناسب اقدامات میں بھی دشمن سے برتری حاصل کرے۔

ظفر وال میں یوم تشکر کے موقع پر پاکستان رینجرز پنجاب کے سیکٹر کمانڈر بریگیڈیئر زبیر عبداللہ نے نائیک مبارک علی شہید کے گھر کا دورہ کیا

ظفر وال (زاہد مجید سے) یوم تشکر کے سلسلے میں پاکستان رینجرز کے سیکٹر کمانڈر زبیر عبداللہ نے 2007 میں آپریشن لال مسجد میں شہید ہونے والے نائیک مبارک علی کے گھر کا دورہ کیا۔ سیکٹر کمانڈر نے شہید کے اہل خانہ کے ساتھ فاتحہ خوانی کی اور ان کے صبر واستقامت کو سراہا پاکستان رینجرز کی جانب سے شہید کی بیوہ کو پھولوں کا گلدستہ اور نقد امداد بھی پیش کی گئی سیکٹر کمانڈر زبیر عبداللہ نے شہید کے لواحقین کو یقین دہانی کروائی کہ پاکستان رینجرز ہر وقت ان کے ساتھ کھڑی ہے، اور کسی بھی مسئلے کی صورت میں فوری رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ شہداء کی قربانیاں قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، اور ان کی یاد منانا ہم سب کا فرض ہے

بھارت کو عبرتناک شکست کے بعد یوم تشکر اور فلسطین اور غزہ کے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے ریلی کا انعقاد کیا گیا

پاکستان علماء کونسل کے صدر حافظ محمد کفایت اللہ نے ریلی کی قیادت کی۔ جماعت اسلامی۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ، انجمن تاجران کے نمائندے، صحافی، اساتذہ اور طالب علموں نے شرکت کی

پاکستان زندہ باد
پاک فوج زندہ باد ریلی

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) کل جماعتی پاسبان اقصی موومنٹ کے زیر اہتمام معرکہ حق میں بھارت کو عبرتناک شکست کے بعد یوم تشکر اور فلسطین اور غزہ کے مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کل جماعتی پاسبان اقصی موومنٹ کے زیر اہتمام پاک فوج کو بے مثال کامیابی پر خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان علماء کونسل کے صدر حافظ محمد کفایت اللہ نے ریلی کی قیادت کی۔ جماعت اسلامی۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ، انجمن تاجران کے نمائندے، صحافی، اساتذہ اور طالب علموں نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے جیوے جیوے پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے اور قومی پرچم تھام رکھے تھے۔ ریلی میں موجود قائدین نے یادگار کامیابی کے بعد حکومت سے مطالبہ کیا کہ غزہ اور فلسطین کے مسلمانوں کے لئے بھی اقدامات کئے جائیں۔ ان مسلمانوں کو آج ہماری مدد کی ضرورت ہے۔ کافروں کا غرور ٹوٹ چکا ہے۔ یہی موقع ہے کہ فلسطین کے بارے اپنے مطالبات اقوام متحدہ کے سامنے رکھتے ہوئے جنگ بندی کروائی جائے۔ نماز جمعہ کے خطبات میں امام حضرات نے افواج پاکستان کی جرات و بہادری کا ذکر کیا۔ آخر میں ملک و قوم کی سلامتی اور فلسطین کے مسلمانوں کے لئے خصوصی دعا کرائی گئی

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

قوم فوج کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے: پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید

یوم تشکر منانے کا مقصد مسلح افواج کو یقین دلانا ہے کہ پوری قوم بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے: شرکاء کا خطاب

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاکستان کی مسلح افواج نے بھارت کے بزدلانہ حملوں کا منہ توڑ جواب دے کے ثابت کر دیا ہے کہ سرحدوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے نشان عبرت بنا دیا جائے گا۔ یہ بات عزیز فاطمہ میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے چیف آپریٹنگ آفیسر پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید نے یوم تشکر کے سلسلہ میں ایک خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں عزیز فاطمہ ٹرسٹ کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر غلام عباس شیخ، وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر قدوس الرحمٰن، ڈپٹی جنرل منیجر ایڈمن اینڈ ایچ آر آفتاب احمد خاں، پروفیسر ڈاکٹر حنا عائشہ، پروفیسر ڈاکٹر خرم سہیل راجہ، ڈاکٹر ردا آصف کے علاوہ طلبہ نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پرنسپل نے کہا کہ ہمیں اپنے سرحدی محافظوں کے بے مثال حوصلے، جذبہ حب الوطنی اور قربانیوں پر فخر ہے۔ جنہوں نے دشمن کو فوری جواب دے کے اپنی برتری ثابت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ یوم تشکر منانے کا مقصد مسلح افواج کو یقین دلانا ہے کہ پوری قوم بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے اور جب بھی ایسا موقع آیا وہ افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ اس موقع پر طلبہ اور طالبات نے پاک فوج کے حق میں جذباتی نعرے لگائے جبکہ وطن عزیز کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ تقریب کے اختتام پر ملی نغمے پیش کیے گئے جبکہ شرکا نے پاک فوج کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا۔

تحصیل انتظامیہ دیپال پور کے زیر اہتمام یوم تشکر کے موقع پر ریلی کا انعقاد

ریلی میں مرکزی انجمن تاجران کے صدر حاجی شیخ محمد سلیم، اپکا تحصیل دیپالپور کے صدر میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں و دیگر کی شرکت

پاکستان جیت گیا ،قوم کو فتح مبارک
یوم تشکر ریلی

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) تحصیل انتظامیہ دیپال پور کے زیر اہتمام یوم تشکر کے موقع پر ریلی کا انعقاد، ریلی میں مرکزی انجمن تاجران کے صدر حاجی شیخ محمد سلیم، اپکا تحصیل دیپالپور کے صدر میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں، ہیڈ کلرک حاجی نواز کھوکھر، مذہبی اسکالر مولانا حسان صدیقی، معروف کاروباری شخصیت غفار علی، اسسٹنٹ کمشنر ٹو پی آر صابر علی تحصیل بھر کے محکموں کے افسران، انجمن تاجران و علماء کرام سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر دیپال پور نے کہا کہ پاک افواج ہمارے تحفظ کی ضامن اور ہماری سرحدوں کی محافظ ہے بھارت نے من گھڑت اور بے بنیاد پراپیگنڈا کرتے ہوئے پاکستان کی سرحدوں کی خلاف ورزی کی تو پاک افواج نے بنیان مرصوص کے ذریعے بھارتی فوج کا غرور خاک میں ملاتے ہوئے اس کے اڈوں کو نشانہ بنایا اور بھارتی فوج سیز فائر کرنے پر مجبور ہو گئی، قوم سجدہ شکر ادا کرے اور اپنی مسلح افواج سے بھرپور انداز میں اظہار یکجہتی کرے کیونکہ فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دشمن کے مکروہ ارادے خاک میں ملا دیے۔

سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف کاہلوں کی زیر قیادت یوم تشکر کے موقع پر ریلی کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف کاہلوں کی زیر قیادت یوم تشکر کے موقع پر ریلی کا انعقاد، اس موقع پر مختلف سکولوں کے پرنسپل و اساتذہ طالب علموں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی ہاتھوں میں قومی پرچم تھامے طالب علموں نے پاک افواج سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے مسلح افواج کے حق میں بھرپور نعرہ بازی بھی کی، سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف کاہلوں نے کہا کہ پاک افواج نے دشمن بھارتی فوج کو جنگی جارحیت پر کرارا جواب دیتے ہوئے اس کا گھمنڈ اور غرور خاک میں ملا دیا اور بزدل مودی اپنی شکست پر دنیا سے منہ چھپائے پھر رہا ہے، تمام قوم نے مسلح افواج کے شانہ بشانہ متحد ہو کر دنیا کو پیغام پہنچا دیا ہے کہ پاک افواج اور پاکستانی قوم دو جسم ایک جان ہیں اور ہر پلیٹ فارم پر تمام پاکستانی قوم اپنے دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہر دم موجود ہے۔

وطن کے دفاع میں جان قربان کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں: نجیب ثاقب سلہریا

پاک فوج نے بھارتی جارحیت کا مردانہ وار جواب دیا اور شہداء کی قربانیوں کو قوم کبھی نہیں بھولے گی

پسرور (عاطف علوی سے) تفصیلات کے مطابق یوم تشکر کے موقع پر سیاسی و سماجی رہنما ثاقب نجیب سلہریا کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم نے بھارتی جارحیت کے دوران برد باری اور نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا اور سیاسی و عسکری قیادت نے یکجہتی کا عملی ثبوت دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے بھارتی جارحیت کا مردانہ وار جواب دیا اور شہداء کی قربانیوں کو قوم کبھی نہیں بھولے گی۔ ہر پاکستانی دفاع وطن عزیز کے لیے اپنی جان قربان کرنے کو تیار ہے۔ ثاقب سلہریا نے مزید کہا کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں موثر اور بھرپور جواب دے کر تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا ہے۔ آج، بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کے لئے ملک بھر میں یوم تشکر منایا جارہا ہے

سول ڈیفنس سیالکوٹ نے اظہار تشکر منایا۔ چیف وارڈن طاہر مجید کپور

سول ڈیفنس سیالکوٹ پاکستان کی جیت کا جشن منا رہی ہے۔ کمانڈر محمد اسلام میر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان بھارت جنگ میں الحمدللہ افواج پاکستان کی بہترین جنگی حکمت عملی و مسلح افواج پاکستان کے کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کے بعد سرحدی شہر سیالکوٹ میں جاری ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس کی ہدایت پر چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر قیادت جاری تمام جنگی مشقیں موقوف کر دی گئیں۔ اس دوران رضا کار تنظیم شہری دفاع کینٹ میں تسلسل کیساتھ اپنی استعداد کار بڑھانے اور خدانخواستہ جنگ کے دوران اپنے شہریوں کی حفاظت مزید بہترین انداز سے کرنے کیلئے فرضی تربیتی جنگی مشقیں کر رہے تھے۔ مشقوں میں سی ڈی او سیالکوٹ کی زیر نگرانی ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر اور ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ بطور ہیومن ریسورس پرسن و ٹریننگ کو آرڈینیٹر و انسٹرکٹر ذکو تربیت دے رہے تھے۔ اس دوران ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی و ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری موک ایکسر سائز کا مشاہدہ کرنے آتے رہے انہوں نے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے رضاکاران کیجانب سے عملی مشقوں کا مظاہرہ دیکھ کر انکی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔

پاک افواج کی جانب سے بھارتی جنگی عزائم خاک میں ملانے اور مشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر قوم کا اظہار تشکر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاک افواج کی جانب سے بھارتی جنگی عزائم خاک میں ملانے اور مشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر قوم کا اظہار تشکر، اس موقع پر ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں پرچم کشائی کی پر وقار تقریب کا انعقاد اور پاک افواج سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی، ممبر صوبائی اسمبلی غلام رضا ربیرہ، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید، ڈی پی او راشد ہدایت، لیگی رہنما چوہدری ظفر، دیگر محکموں کے افسران اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، پرچم کشائی کی تقریب میں قومی ترانہ بجایا گیا۔

جہلم غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم تواتر کے ساتھ جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم تواتر کے ساتھ جاری۔ جہلم سمیت پنجاب بھر سے افغانیوں سمیت 13 ہزار 442 غیر قانونی مقیم باشندے ملک بدر کر دیئے گئے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق انخلا مہم کے دوران 13 ہزار 520 غیر قانونی مقیم باشندوں کو ہولڈنگ سینٹرز پہنچایا گیا۔ 78 غیر قانونی مقیم افراد ہولڈنگ پوائنٹس پر موجود ہیں ذرائع نے بتایا کہ جہلم سمیت صوبہ بھر میں 46 ہولڈنگ سینٹرز قائم ہیں، سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، تمام غیر قانونی مقیم افراد کا انخلا یقینی بنا رہے ہیں۔ تاہم آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی اس حوالے واضح ہدایات موجود ہیں کہ بین الاقوامی قوانین کے تحت غیر قانونی مقیم باشندوں کے انخلا کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔

حافظ آباد: ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم تشکر ملی جوش جذبے سے منایا گیا

معرکہ حق کے سلسلہ میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ جہاں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے پرچم کشائی کی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم تشکر ملی جوش جذبے سے منایا گیا۔ معرکہ حق کے سلسلہ میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ جہاں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے پرچم کشائی کی۔ مسلم لیگ ن کے رہنما شیخ گلزار احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اینڈ فنانس حامد ناصر گورائیہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر سمیت ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مختلف محکموں کے افسران، ملازمین اور شہریوں نے پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی۔ پولیس، ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس کے دستوں نے سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ملک و قوم کی سلامتی، خوشحالی، سربلندی جبکہ افواج پاکستان سے یکجہتی اور شہداء کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ آج کا یوم تشکر معرکہ حق کی کامیابی کے سلسلہ میں ہے۔ جب افواج پاکستان نے اپنی پیشہ و ارانہ صلاحیتوں، جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن بھارت کو اس کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ پاکستان کی بری، فضائیہ اور دیگر مسلح افواج نے ثابت کیا کہ وہ دنیا کی بہترین فوج ہے جو ملک و قوم کی اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ آپریشن بنیان مرصوص میں افواج پاکستان کے جوانمرد افسران اور فوجی جوانوں نے دشمن کے جنگی طیارے تباہ کیے اور انہیں بھاری نقصان پہنچایا جس وجہ سے بھارت سرنڈر کرنے پر مجبور ہوا۔ پوری قوم اپنے وطن کے دفاع کے لیے افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور انشاء اللہ اسی جذبہ ایمانی، جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قوم ہر محاذ پر اپنی مسلح افواج کے ساتھ ہوگی۔ شہر کی چھوٹی بڑی مساجد میں نماز فجر اور نماز جمعہ کے بعد ملک و قوم کی سلامتی، افواج پاکستان سے یکجہتی اور شہداء کے ایصال و ثواب کے لیے خصوصی فاتحہ خوانی اور دعائیں کی گئیں۔

"بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص" اور معرکہ حق میں شاندار کامیابی پر ملک بھر کی طرح گوجرانوالہ میں بھی 16 مئی یوم تشکر اور قومی دن کے طور پر منایا گیا

مرکزی تقریب، فتح مبین کیک کٹنگ، پرچم کشائی اور ریلی ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کی طرف سے کمشنر آفس گوجرانوالہ میں منعقد کی گئی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) آپریشن "بُنْیَانٌ مَّرْصُوْص" اور معرکہ حق میں شاندار کامیابی پر ملک بھر کی طرح گوجرانوالہ میں بھی 16 مئی یوم تشکر اور قومی دن کے طور پر منایا گیا۔ مرکزی تقریب، فتح مبین کیک کٹنگ، پرچم کشائی اور ریلی ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کی طرف سے کمشنر آفس گوجرانوالہ میں منعقد کی گئی۔ تقریب میں کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، آر پی او طیب حفیظ چیمہ ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سابقہ ایم این اے شازیہ فرید، ممبران صوبائی اسمبلی معظم رؤوف مغل، عمران خالد بٹ، قیصر اقبال سندھو، عبدالرؤف مغل، اقبال گجر، وقار احمد چیمہ، بلال فاروق تارڑ، پیر غلام فرید، امان اللہ وڑائچ، ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (ریونیو) شبیر حسین بٹ، (جنرل) فیصل سلطان، اسسٹنٹ کمشنر ز اقراء مبین گوندل، ناصر شہزاد ڈوگر (یو ٹی) عبدالقدیر زرقون دیگر محکموں کے افسران اور ممبران امن کمیونٹی، یکی کمیونٹی، تاجر برادری اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ قومی ترانہ کے بعد پریڈ اور سلامی پیش کی گئی۔ تقریب میں شہداء کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی لازوال قربانیوں کو یاد کیا گیا جنہوں نے دشمن کی جارحیت کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے مادر وطن کا دفاع کیا۔ اس کے علاوہ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر شہداء کی قربانیوں، قومی یکجہتی، اور افواج پاکستان کی حمایت کے نعرے درج تھے۔ اس دوران فضا "پاکستان زندہ باد" اور "افواج پاکستان پائندہ باد" کے نعروں سے گونجتی رہی۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ افواج پاکستان دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، اور پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ریلی کے اختتام پر وطن کی سلامتی، ترقی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

یوم تشکر
پاکستان ہمیشہ زندہ باد

اسلامیہ ڈگری کالج میاں چنوں میں یوم تشکر کی تقریب، دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانے کے عزم کا اظہار

تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا اور ملک کی سلامتی و ترقی کے لئے خصوصی دعا کی گئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اسلامیہ ڈگری کالج میاں چنوں میں یوم تشکر کی تقریب، دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانے کے عزم کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی تاریخی اور شاندار فتح کے تناظر میں اسلامیہ ڈگری کالج برائے خواتین میاں چنوں میں "یوم تشکر، معرکہ حق" کے عنوان سے ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں صدر جنوبی پنجاب اپسما اور پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ ملتان ڈویژن کی ڈویژنل جنرل سیکرٹری ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں، پرنسپل عبیلہ مجید، انعم معراج اور ادارے کے دیگر اساتذہ و اسٹاف نے شرکت کی تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا اور ملک کی سلامتی و ترقی کے لئے خصوصی دعا کی گئی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر غزالہ وائیں نے کہا کہ پاکستان ایک پر امن ملک ہے، اور اس کے امن کو نقصان پہنچانے والے دشمنوں کو ہمیشہ شکست کا سامنا کرنا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ پاک افواج کے جوانوں نے وطن عزیز کے دفاع میں دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر مودی کے غرور کو پاش پاش کیا اور بھارت کی دہشت گردی کا منہ توڑ جواب دیا، ڈاکٹر غزالہ وائیں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی صرف فوج کی نہیں بلکہ خود دار، باوقار اور غیور پاکستانی قوم کی اجتماعی فتح ہے۔ تقریب کے آخر میں طالبات نے "پاک فوج زندہ باد" اور "پاکستان زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے لگائے اور مادر وطن کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔

تحصیل رائیونڈ کے مین بازار میں تجاوزات کی بھرمار، شہریوں کو مشکلات کا سامنا، انتظامیہ خاموش

تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، تاکہ بازار کا حسن بحال ہو۔ شہری

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) رائیونڈ مین بازار میں تجاوزات کی بھرمار، شہریوں کو مشکلات کا سامنا، انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رائیونڈ شہر کا مین بازار تجاوزات کی زد میں آ کر ایک تنگ گلی کا منظر پیش کر رہا ہے۔ دکانداروں اور ریڑی بانوں نے فٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قبضہ جما رکھا ہے، جس کی وجہ سے راہگیروں اور خریداروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ خواتین، بزرگ شہری اور بچے خاص طور پر متاثر ہو رہے ہیں، کیونکہ پیدل چلنے کی جگہ باقی نہیں رہی۔ ٹریفک کا نظام بھی درہم برہم ہو چکا ہے۔ بازار میں گاڑیوں کی آمد و رفت مشکل ہو گئی ہے، جس سے روزانہ گھنٹوں طویل ٹریفک جام معمول بن چکا ہے۔ شہریوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ تحصیل انتظامیہ کی تجاوزات کے حوالے سے اگر کوئی کارروائی عمل میں لائی بھی جاتی ہے تو انتظامیہ کے جانے کے فوری بعد تجاوزات معافیہ پھر سے تجاوزات قائم کر لیتے ہیں جو انتظامیہ کی نااہلی کا ثبوت ہے۔ شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ انتظامیہ کی خاموشی اس مسئلے کو مزید سنگین بنا رہی ہے۔ کئی بار شکایات درج کروائی گئیں، مگر کوئی عملی اقدام نظر نہیں آیا۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر تجاوزات کے خلاف موثر کارروائی کی جائے، تاکہ بازار کا حسن بحال ہو اور شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر جناح ہال میں یوم اظہار تشکر کی تقریب منعقد کی گئی

ڈی ایس پی چونیاں محمد ریاض، سرکل بھر کے ایس ایچ اوز وملازمین، معززین علاقہ وکلاء وصحافی برادری سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی

چونیاں (تحصیل رپورٹر) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی ہدایت پر افواج پاکستان کے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر جناح ہال میں یوم اظہار تشکر کی تقریب منعقد کی گئی جسکی قیادت سابق پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد اسحاق خاں نے کی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر چونیاں تیمور خاں، ڈی ایس پی چونیاں محمد ریاض، سرکل بھر کے ایس ایچ اوز و ملازمین، معززین علاقہ وکلاء و صحافی برادری سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی سائرن کی آواز کے ساتھ پاک فوج اور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سبز ہلالی پرچم تلے شہداء کو سلامی پیش کی اور خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر حلقہ این اے 133 سے رہنما مسلم لیگ ن رانا محمد اسحاق خاں نے تقریبی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اگر ہم محفوظ ہیں تو یہ افواج پاکستان کی جرات و بہادری کا نتیجہ ہے پاک فضائیہ کے بہادر سپوتوں نے سیسہ پلائی دیوار بن کر دشمن کے دانت کھٹے کیے تمام سیاسی، مذہبی اور دیگر پارٹیاں افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی رہیں پاک فوج نے دشمن ملک بھارت کی فوج اور مودی حکومت کو ایسی عبرتناک شکست سے دوچار کیا ہے کہ وہ دنیا میں کہی۔

سول اسپتال پسرور میں ہیپاٹائٹس ادویات و بی سی ٹیسٹ مہیا ہیں۔ اے سی سدرہ ستار

حکومت پنجاب مریضوں کو ہر ممکن سہولیات پہنچا رہی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پسرور سول ہسپتال میں ہیپاٹائٹس بی سی کی شارٹیج اور کیٹس کے نایاب ہونے کے معاملہ پر اسسٹنٹ کمشنر سدرہ ستار نے فوری نوٹس لیتے ہوئے بھرپور ایکشن لیا جس کے فوری بعد گورنمنٹ سول ہسپتال پسرور میں ہیپاٹائٹس مریضوں کی سہولت کیلئے وائٹ کارڈز آویزاں کر دیئے گئے جن پر واضح طور پر لکھا ہوا ہے کہ۔ سرکاری ہسپتال میں حکومت پنجاب کیجانب سے مریضوں کا مفت علاج و ادویات میسر ہیں اور ہیپاٹائٹس کی تشخیص و بی سی کے ٹیسٹ مفت کیے جاتے ہیں نیز شوگر کے مریضوں کیلئے انسولین و ادویات بھی فری فراہم کی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار کے دورہ کے موقع پر مریضوں سے استفسار پر دور دراز سے بغرض علاج آئے مریضوں اور انکے لواحقین کی جانب سے فوری ایکشن اور دادرسی پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور کا شکریہ ادا کیا گیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف جو اقدامات شہریوں کیلئے اٹھا رہی ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔

چوآسیدن شاہ: شہنشاہ اعزازت، چیف وارڈن آفیسر راجہ مجاہد افسر خان نے افواج پاکستان کی جانب سے ازلی دشمن بھارت کو ناکوں چنے چبوانے اور آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کی خوشی میں ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کو سوئیر پیش کیا

بھارتی شیلنگ سے شہید ہونے والے شہری فرحان کے گھر کور کمانڈر عمران برگیڈیئر علی اور سیاسی شخصیات کی آمد

وزیر بلدیات زیشان رفیق، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض اور فوج کے افسران نے شہید کے والد امجد سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی

پسرور (عاطف علوی) چاروا سیکٹر کے گاؤں مست پور میں بھارتی شیلنگ سے شہید ہونے والے شہری فرحان کے گھر کور کمانڈر عمران برگیڈیئر علی اور سیاسی شخصیات کی آمد وزیر بلدیات زیشان رفیق، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض اور فوج کے افسران نے شہید کے والد امجد سے اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی پسرور: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا، ڈی سی سیالکوٹ صباء اصغر اے سی پسرور تحصیلدار شاہد ناگرہ یونس پٹواری بھی ہمراہ موجود مقامی نمائندوں اور صحافیوں نے بھی شہید کے والد سے اظہار تعزیت کی محمد فاروق سلہری، عاطف رفیق علوی، رانا صیام، وسیم باجوہ، عدنان اکرم چیرمین یوسی چپاڑ باجوہ، ملک چاند عباس۔ فرحان علی چیرمین یو سی پنڈی بھاگو رانا غلام حسین منیم رضا علوی احمد رضا بھٹی عمران دانش بھی شہید کے گھر پہنچے شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور شہید کی بلندی درجات کے لئے خصوصی دعا کی

یوم تشکر کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی کی زیر سربراہی قومی پرچم لہرانے کی تقریب

کمانڈر محمد اسلام میر و سلامی دستہ سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) یوم تشکر کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی کی زیر سربراہی قومی پرچم لہرانے کی تقریب ڈی سی آفس کمپلیکس میں منعقد ہوئی، اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ، چودھری نوید اشرف، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال سنگھیڑا، سید ایوب بخاری، مظفر مختار، اے سی انعم بابر اور سی او ایم سی ایس ملک اعجاز حسین، ڈویژن وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کمانڈر محمد اسلام میر و سلامی دستہ سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ پولیس سول ڈیفنس سیالکوٹ اور ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کی شکر گزار ہے جنھوں نے دشمن کو مذموم ارادوں کو خاک میں ملا کر دیا۔ شرکاء نے کہا آج کا پورا دن اظہار تشکر کے طور منایا جا رہا ہے، سرکاری اداروں، سکولوں اور کالجوں میں یوم تشکر کی خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا گیا ہے، ڈسٹرکٹ و تحصیل ایڈمنسٹریشن کی کی نگرانی اظہار تشکر کی ریلیاں نکالی جا رہی ہیں رات کو اہم عمارت پر چراغاں کیا جائے اور سیمینار میں افواج پاکستان اور شہداء سے اظہار تشکر کیا جائے گا۔

موسمی تبدیلیاں پاکستانی فصلوں کیلئے مفید ہیں: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

جسم ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں: چیئرمین پاکستان چیمبر آف کامرس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان چیمبر آف ایگریکلچر اینڈ لائیو سٹاک کے چیئرمین محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان میں موسمی تبدیلیاں فصلوں کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوتی ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو مختلف موسموں سے نوازا ہے تاکہ ہر موسم کی فصلوں سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔ گندم کی کٹائی کے بعد چاول کی فصل اور دیگر کئی فصلیں بھی اگائی جا سکتی ہیں محنت کو شعار بنانا چاہیے کیونکہ پاکستان کی زمین سونا اگلتی ہے۔ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ ہم ایک ایسا ماحول پیدا کریں جس میں پاکستان کی ساکھ مضبوط ہو۔ کسان" ہمارے ماتھے کا جھومر" ہیں ان کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے اقدامات جاری رکھنے کا ارادہ رکھتے ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ گرمیوں کے موسم میں پاکستان میں کئی اہم فصلیں کاشت کی جاتی ہیں جو ملکی معیشت اور کسانوں کی آمدنی میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ گندم کی کٹائی کے بعد چاول کی فصل کاشت کی جاتی ہے۔ چاول کی کاشت سے کسانوں کو اچھی آمدنی حاصل ہوتی ہ۔ گرمیوں میں مکئی کی فصل بھی وسیع پیمانے پر کاشت کی جاتی ہے مکئی کی کاشت سے کسانوں کو کم وقت میں زیادہ منافع حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس کی بڑھوتری کا دورانیہ نسبتاً کم ہوتا ہے۔ کپاس کو "سفید سونا" بھی کہا جاتا ہے اور یہ پاکستان کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ گرمیوں میں کپاس کی کاشت کسانوں کے لیے انتہائی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے گنا گرمیوں کی ایک اور اہم فصل ہے جس سے چینی اور گڑ تیار کیا جاتا ہے۔ گنے کی کاشت سے کسانوں کو طویل مدتی فائدہ حاصل ہوتا ہے

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر جناح ہال میں یوم اظہار تشکر کی تقریب کا انعقاد

معززین علاقہ وکلاء وصحافی برادری سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی



چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی ہدایت پر افواج پاکستان کے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر جناح ہال میں یوم اظہار تشکر کی تقریب منعقد کی گئی جسکی قیادت سابق پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد اسحاق خاں نے کی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر چونیاں تیمور خاں، ڈی ایس پی چونیاں محمد ریاض، سرکل بھر کے ایس ایچ اوز و ملازمین، معززین علاقہ وکلاء و صحافی برادری سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی سائرن کی آواز کے ساتھ پاک فوج اور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سبز ہلالی پرچم تلے شہداء کو سلامی پیش کی اور خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر حلقہ این اے 133 سے رہنما مسلم لیگ ن رانا محمد اسحاق خاں نے تقریبی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اگر ہم محفوظ ہیں تو یہ افواج پاکستان کی جرات و بہادری کا نتیجہ ہے پاک فضائیہ کے بہادر سپوتوں نے سیسہ پلائی دیوار بن کر دشمن کے دانت کھٹے کیے تمام سیاسی، مذہبی اور دیگر پارٹیاں افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی رہیں پاک فوج نے دشمن ملک بھارت کی فوج اور مودی حکومت کو ایسی عبرتناک شکست سے دوچار کیا ہے کہ وہ دنیا میں کہیں بھی منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے، جس دلیری سے پاک فوج نے دشمن کو ناکو چنے چبوائے، جس قومی جذبے کا پاکستانی قوم نے مظاہرہ کیا اور جس دیدہ دلیری اور میرٹ پر پاکستانی میڈیا نے پوری دنیا کو سچ دکھایا اسکی مثال تاریخ میں کہیں نہیں ملتی اگر کبھی دشمن نے ملک پاکستان کو نقصان پہنچانے کا سوچا بھی تو ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہا دینگے لیکن اپنے ملک پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے۔

ضلع شیخوپورہ کے متعدد بنیادی مراکز صحت آؤٹ سورس کر دیے گئے

ٹھیکیداروں کی حتمی لسٹ جاری تحصیل مریدکے کے ہسپتال بھی شامل ٹھیکیدار یکم جون سے ذمہ داریاں سنبھال لیں گے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ضلع شیخوپورہ کے متعدد بنیادی مراکز صحت آؤٹ سورس کر دیے گئے ٹھیکیداروں کی حتمی لسٹ جاری تحصیل مریدکے کے ہسپتال بھی شامل ٹھیکیدار یکم جون سے ذمہ داریاں سنبھال لیں گے ملازمین کا اظہار تشویش ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان تفصیل کے مطابق پنجاب حکومت نے ہسپتالوں کو نجی حکام کے حوالے کرنے کے فیصلے پر عمل شروع کر دیا ہے جس کے تحت دیہی مراکز صحت اور بنیادی مراکز صحت نجی حکام کے حوالے کر دیے جائیں گے ضلع شیخوپورہ کے 21 بنیادی مراکز صحت کے ٹھیکیداروں کی حتمی لسٹ جاری کر دی گئی آؤٹ سورس ہونے والے بنیادی مراکز صحت باہومان اموکے بھاٹال ایشر کے کالو کے کوٹ سوہندہ نواں پنڈ برج اٹاری وغیرہ جبکہ تحصیل مریدکے چک 44 ڈھامکے غوریاں مغلاں جنڈیالہ کلساں کھٹیالہ ورکاں نظام پور ڈھا کہ پنڈی ماچھیاں قلعہ لال سنگھ وڈایالہ دیال شاہ شامل ہیں نجی ٹھیکیدار یکم جون سے اپنی ذمہ داریاں سنبھال لیں گے مجموعی طور پنجاب کے 975 بنیادی مراکز صحت کو آؤٹ سورس کیا گیا ہے جس سے ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے اور فیصلہ کے خلاف احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے ضلع چکوال کا دورہ کیا

چکوال تا بلکسر روڈ کی تعمیر نو کے سلسلہ میں جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور معیار تعمیر کا بھی جائزہ لیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے ضلع چکوال کا دورہ کیا۔ اور چکوال تا بلکسر روڈ کی تعمیر نو کے سلسلہ میں جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور معیار تعمیر کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فیصل شیر، ایکسین ہائی وے سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ کمشنر راولپنڈی کو ایکسین ہائی وے عدیل احمد نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چکوال تا بلکسر 18 کلومیٹر کارپیٹڈ روڈ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اور مقررہ وقت پر کام مکمل کر لیا جائے گا۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ ڈویژن بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں تاکہ عوام جلد ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ یا سستی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاک بھارت ''عشائیہ''

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے منگل کو پاکستان اور بھارت کے درمیان امن کیلئے واشنگٹن کے مصالحتی کردار کا اعادہ کرتے ہوئے اس امکان کی نشاندہی بھی کی کہ شاید ہم انہیں (یعنی دونوں ملکوں کی قیادتوں کو) ایک خوشگوار عشائیے پر اکٹھا کرلیں۔ نئی دہلی اور اسلام آباد کی طرف سے اگرچہ ایک دوسرے کے سفارتکاروں کو ناپسندیدہ قرار دینے کے حکم، مختلف سطحوں سے آنے والی لفظی جنگ سمیت ایسی باتیں سامنے آرہی ہیں جن کے موجودگی میں دو متحارب ممالک کے رہنماؤں کو خوشگوار عشائیے پر یکجا کرنے کی خواہش یا تجویز بظاہر بعید از امکان محسوس ہوتی ہے مگر دنیا کی تاریخ میں ایسی مثالیں موجود ہیں کہ صدیوں کے دشمن ایک دوسرے کے دوست بن گئے اور انکے درمیان اعتماد و تعاون کی مثالی کیفیت سامنے آئی۔ یہ سب اس بنا پر ممکن ہوا کہ ان ملکوں نے حقائق کا ادراک کیا اور اپنے تنازعات طے کر کے دوستی کی ایسی بنیاد رکھی جس کی عملی صورت یورپ کے ماضی کے متحارب ملکوں کی آج ایک یونین کی صورت یکجائی میں نظر آتی ہے۔ 22 اپریل کو پہلگام میں دہشت گردی کے واقعہ کی پاکستان سمیت دنیا بھر نے مذمت کی مگر نئی دہلی کی حکومت نے کسی تحقیق و ثبوت کے بغیر منٹوں میں پاکستان کو مورد الزام ٹھہرا کر یکے بعد دیگرے جو انتہائی نوعیت کے اقدامات کئے ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ پہلے سے لکھے ہوئے اسکرپٹ کا حصہ تھا۔ 7 مئی کی رات کو مختلف مقامات پر میزائل حملوں، گولہ باری اور فضائی حملوں کی صورت میں جو کیفیت پیدا کی گئی وہ اسی وجہ سے بدلی کہ پانچ جنگی طیاروں کی تباہی سمیت بھارت کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا اور سفید جھنڈے لہرا کر اسے امان مل سکا۔ مگر اگلے ہی روز بھارت نے جو مس ایڈونچر کیا اس کے تناظر میں امریکہ، چین، برطانیہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، ترکیہ سمیت سب ہی کی امن سرگرمیاں مزید تیز ہوئیں تا آنکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کا اعلان کشیدہ صورتحال میں ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ثابت ہوا۔ اب امریکی صدر نے سعودی دارالحکومت ریاض میں ولی عہد محمد بن سلمان کی موجودگی میں اہم خارجہ پالیسی تقریر کے دوران جو کچھ کہا، اس میں وہ پاک بھارت تنازع میں امن کے داعی کے طور پر نمایاں ہوئے۔ پاک بھارت کشیدگی روکنے کو انہوں نے تاریخی کامیابی قرار دیا، واضح کیا کہ ہم اُس تنازع سے آ چکے ہیں جو لاکھوں جانیں لے سکتا تھا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ شاید ہم انہیں ایک خوشگوار عشائیے پر بھی اکٹھا کرسکیں، فریقین سے کہا کہ ایٹمی میزائلوں کی تجارت نہ کریں بلکہ ان چیزوں کی تجارت کریں جو آپ خوبصورتی سے بناتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کاوشیں اور یہ جذبات قابل قدر ہیں تاہم انہیں عملی صورت میں سامنے لانے کیلئے بھارت کی اس سوچ میں تبدیلی ضروری ہے جو علاقے کے ملکوں کو اپنا زیر دست بنانا اور اس مقصد کیلئے ہر اقدام اور ہر بیانیہ جائز سمجھتا ہے۔ ایسے عالم میں، کہ بھارتی وزارت خارجہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی برقرار رکھنے کے اعلانات کر رہی ہے اور پاکستانی دفتر خارجہ معاہدہ توڑے جانے کو اعلان جنگ کے مترادف قرار دے رہا ہے استحکام امن کیلئے بہت کچھ کیے جانے کی ضرورت ہے۔ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے آدم پور ایئربیس پر تقریر کرتے ہوئے جو اشتعال انگیز تقریر کی وہ امن کی سمت قدم بڑھاتے والے کی نہیں، جنگ کی آگ بھڑکانے والے فرد کی تقریر معلوم ہوتی ہے۔ شعلہ فشاں بیانات، سرحدوں کی خلاف ورزی اور پاکستانی علاقے میں بھارتی ڈرون بھیجے جانے کے منظر نامے میں یہ ضرورت بڑھ گئی ہے کہ پاکستانی قوم مثالی اتحاد کا مظاہرہ جاری رکھے اور مسلح افواج ہر دم ہائی الرٹ رہیں۔ جہاں تک دوست اور امن پسند ملکوں کی کاوشوں کا تعلق ہے، وہ پاکستان کا بڑا سرمایہ اور عالمی امن کی ناگزیر ضرورت ہیں، ان کی قدر کی جانی چاہئے۔

نئی روسی اسٹیل مل

پاکستان اسٹیل ملز نے، جس کا قیام روس کے تعاون سے 1970ء کی دہائی میں عمل میں آیا تھا، پاکستان کے سب سے بڑے صنعتی کمپلیکس کی حیثیت سے ملک کے بنیادی ڈھانچے کی تشکیل اور صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کیا لیکن بدانتظامی، بدعنوانی اور بدلتی ہوئی اقتصادی پالیسیاں بتدریج اس کے زوال کا باعث بنیں۔ تاہم جدید ترقی یافتہ ٹیکنالوجی پر مبنی ایک اسٹیل مل بہر صورت ملک کی ضرورت ہے اور یہ امر خوش آئند ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان کراچی میں نئی اسٹیل مل کے قیام کیلئے حالیہ برسوں کے دوران شروع ہونے والی بات چیت میں مثبت پیش رفت جاری ہے۔ ایک سال پہلے صدر پاکستان اور روسی حکام کے درمیان ہونیوالی ملاقات میں پاکستان میں نئی اسٹیل مل قائم کرنے پر غور شروع کیا گیا جبکہ گزشتہ ستمبر میں روس کے نائب وزیر صنعت و تجارت اور اس وقت کے وفاقی وزیر صنعت و پیداوار نے اس ضمن میں ایک ورکنگ گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا اور گزشتہ روز وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار اور روسی وفد کے نمائندے کی ملاقات میں کراچی میں نئی اسٹیل مل کے قیام پر اتفاق کیا گیا۔ روسی حکام کو آگاہ کر دیا گیا ہے کہ حکومت نے پاکستان اسٹیل ملز کی 700 ایکڑ اراضی کو نئی اسٹیل مل قائم کرنے کیلئے مختص کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کے پاس محتاط اندازے کے مطابق آئرن ایک کے 1.887 بلین ٹن کے ذخائر موجود ہیں، اس کے باوجود ملکی ضروریات پوری کرنے کیلئے سالانہ 2.7 بلین ڈالر کی مالیت کا آئرن اور اسٹیل درآمد کرنا پڑتا ہے۔ ان حقائق سے نئی اسٹیل مل کے قیام کی ضرورت و اہمیت پوری طرح عیاں ہے لیکن سابقہ تجربے کو پیش نظر رکھتے ہوئے نئی اسٹیل مل کے معاملات کو کرپشن اور بدانتظامی سے مکمل طور پر محفوظ رکھا جانا لازمی ہے اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب روز اول سے ہر مرحلے پر شفافیت اور میرٹ کا مکمل اہتمام کیا جائے۔

پاک فوج دفاع سے جواب کی جانب

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

بین الاقوامی قانون کے مرکز میں کسی ریاست کے اس خود مختار حق کو تسلیم کرنا ہے کہ وہ جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کرے۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کا آرٹیکل 51، جسے 1945 میں نافذ کیا گیا تھا، واضح طور پر اس موروثی حق کی تصدیق کرتا ہے کہ اگر اقوام متحدہ کے کسی رکن کے خلاف مسلح حملہ ہوتا ہے تو موجودہ چارٹر میں کوئی بھی چیز جائز انفرادی یا اجتماعی دفاع کے اندرونی حق کو کمزور نہیں کرے گی۔۔ "یہ نکتہ اپنے دفاع کے لیے ایک واضح قانونی بنیاد فراہم کرتا ہے، جبکہ جارحیت کی ممنوعہ کارروائیوں (آرٹیکل 2 (4)) اور جائز دفاعی کارروائیوں کے درمیان ایک مضبوط فرق قائم کرتا ہے۔ مشترکہ بین الاقوامی حق اس اصول کو مزید تقویت بخشتا ہے کیونکہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے وجود سے پہلے ہی ریاستوں نے تاریخی طور پر اپنی خودمختاری پر حملوں یا خلاف ورزیوں کا جواب دینے کے حق کا استعمال کیا ہے۔ آج ممالک اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو سرکاری مراسلے میں ردعمل کے اقدامات کا جواز پیش کرنے کے لیے اکثر آرٹیکل 51 کا استعمال کرتے ہیں۔

پاکستان کے تناظر میں ہندوستان دشمنی پر مبنی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور اندرونی چیلنجوں سے توجہ ہٹانے کے لیے اکثر فالس فلیگ آپریشنز کا سہارا لیتا ہے۔ دو نمایاں مثالیں سب کے سامنے ہیں اور وہ ہیں، پلوامہ اور پہلگام کے واقعات۔ 14 فروری 2019 کو، ایک خودکش حملے میں سی آر پی ایف کے ایک دستے کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 40 افراد ہلاک ہوئے۔ بھارت نے پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا اور اس کے علاقے بالاکوٹ میں فضائی حملے کر دیئے۔ ہندوستان کے سرکاری حکام، فوجی نمائندوں اور آزاد مبصرین نے رپورٹ کیا کہ یہ واقعہ ہندوستانی انٹیلی جنس کی جانب سے پاکستان کو بدنام کرنے اور رائے عامہ کو متحرک کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ہندوستانی صحافی ارنب گوسوامی کی طرف سے کئے گئے پیغامات، جن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ فوجی ردعمل کے بارے میں پہلے سے علم رکھتے تھے، نے پہلے سے طے شدہ بیانیے کے حوالے سے شکوک و شبہات کو مزید ہوا دی۔

ابھی حال ہی میں اپریل 2025 میں پہلگام میں ایک حملے میں کئی ہندوستانی سیاحوں کی اموات ہوئیں۔ حتمی شواہد کی عدم موجودگی کے باوجود ہندوستانی حکام نے فوری طور پر پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا۔ پاکستان نے واقعہ میں کسی بھی طرح سے ملوث ہونے کی تردید کی اور اس ڈرامے کو ایک اور ممکنہ جھوٹے فلیگ آپریشن کے طور پر پیش کیا جو مستقبل کی فوجی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور مقبوضہ کشمیر میں اختلاف رائے کو دبانے کے لیے رچایا گیا تھا۔ ناقدین بشمول دفاعی تجزیہ کار اور سیاسی مبصرین، کا کہنا ہے کہ فوری الزامات کی باتیں انتخابی چکروں یا اندرونی تحریک کے ادوار کے دوران ایک سیاسی ایجنڈے کی تکمیل کرتی ہیں۔ پہلگام میں حملے کا وقت، جو ہندوستان میں اہم سیاسی پیش رفت کے دوران پیش آیا، اس کی صداقت پر شکوک و شبہات کا باعث بنا ہے۔ اس واقعے نے علاقائی کشیدگی کو اور بھی بڑھا دیا جس سے فوجی کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ بین الاقوامی برادری نے مزید کشیدگی کے امکان پر اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہندوستان اور پاکستان پر زور دیا کہ وہ اعتدال اختیار کریں اور بات چیت کریں۔ تشدد اور باہمی الزام تراشیوں کے بار بار آنے والے دور نے جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام کی کوششوں میں رکاوٹ پیدا کی۔ پلوامہ اور پہلگام کے واقعات کے بعد، ہندوستان نے فضائی حملوں اور توپ خانے کے استعمال سمیت فوجی ردعمل کا آغاز کیا۔ پاکستان ان اقدامات کو جارحیت کی کارروائیوں کے طور پر دیکھتا ہے جو بھارت اپنے اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لئے کرتا رہا ہے۔

پلوامہ حملے کے بعد ہندوستان نے پاکستان کے علاقے بالاکوٹ میں فضائی حملے کیے۔ 1971 کے بعد پہلی بار ہندوستانی طیاروں نے کنٹرول لائن عبور کی۔ اسی طرح پہلگام کے واقعے کے بعد بھی بھارت نے پاکستانی اہداف پر میزائل حملے کیے جس کے نتیجے میں شہری ہلاکتیں ہوئیں۔ پاکستان نے ان حملوں کو اپنی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ان کی مذمت کی اور کسی بھی قسم کی جارحیت کے خلاف اپنی سرزمین کا دفاع کرنے کا عہد کیا۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ہندوستان کی فوجی کارروائیاں صرف سلامتی کے خدشات سے متاثر نہیں تھیں، بلکہ وہ سیاسی طور پر فائدہ حاصل کرنے کے لیے بھی کی گئی تھیں۔ ان کارروائیوں کا وقت انتخابی معاملات کے درمیان ہوتا ہے، جس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا مقصد اقتدار میں موجود حکومت کے امیج کو مضبوط کرنا اور قوم پرست حمایت کو مستحکم کرنا ہے۔ یہ رجحان داخلی سیاسی مقاصد کے لیے فوجی طاقت کے استعمال کے لیے ایک خطرناک مثال قائم کرتا ہے۔

فالس فلیگ آپریشنز کے جاری الزامات اور اس کے نتیجے میں فوجی کشیدگی میں اضافہ، پلوامہ اور پہلگام جیسے واقعات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان مسلسل غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کرتا رہا ہے لیکن بھارت اس سے انکاری رہا ہے۔ ان واقعات کی تحقیقات کے بغیر امکان ہے کہ الزامات اور جوابی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا جس سے خطے میں مزید عدم استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ حالیہ برسوں میں بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی نمایاں طور پر بڑھ گئی ہے، سرحد پار حملوں، ڈرون حملوں اور توپ خانے کا استعمال ہوا ہے اور یہ سب کشمیر کے متنازعہ علاقے پر مرکوز ہے۔ ہندوستان نے پاکستان پر اس کے درجن سے زیادہ شہروں پر حملہ کرنے کا الزام لگایا، جس میں اہم فوجی مقامات بھی شامل تھے، جس کی وجہ سے ہندوستان کے شمال اور مغرب میں توانائی کی فراہمی منقطع رہی۔ دریں اثنا، پاکستان نے اس میں کسی بھی طرح سے ملوث ہونے کی تردید کی اور ہندوستان کی طرف سے غیر قانونی جارحیت کا جواب دیتے ہوئے درجنوں ہندوستانی ڈرون مار گرائے اور اسے کافی نقصان پہنچانے کا دعویٰ کیا۔

بھارت اور پاکستان کے درمیان جاری تنازعہ کے پیچھے 14 فروری 2019 کا پلوامہ حملہ اور اپریل 2025 کا پہلگام واقعہ ہیں۔ لوگ ان واقعات کو فوجی کارروائیوں کا جواز پیش کرنے اور اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے ہندوستان کی طرف سے مبینہ جھوٹی کارروائیوں کے طور پر دیکھتے ہیں۔ پاکستان کے خلاف بھارت کی جارحیت اکثر شواہد کے بجائے مفروضوں پر مبنی رہی ہے۔ اس کے علاوہ یہ سب کے سامنے ہے کہ ہندوستان کی فوجی کارروائیوں کے نتیجے میں شہریوں کو نشانہ بنایا گیا ہے جبکہ پاکستان نے عام طور پر شہریوں کے نقصان سے بچنے کے لیے بہت احتیاط کا مظاہرہ کیا ہے۔

ہندوستان کی طرف سے " کولڈ سٹارٹ ڈاکٹرائن" کو اپنانا اور اشتعال انگیز بیان بازیاں ایک جارحانہ موقف کی عکاسی کرتی ہے جو بین الاقوامی اصولوں سے متصادم ہے جو براہ راست اور فوری خطرے کے بغیر یکطرفہ فوجی کارروائی کی ممانعت کرتے ہیں۔ اس کے برعکس، پاکستان ڈیٹرنس پر مبنی دفاعی موقف رکھتا ہے، جو تنازعہ شروع کرنے کے بجائے جارحیت کے خلاف دفاع پر مرکوز ہے۔ پاکستان کی جوہری حکمت عملی، جو قابل اعتماد کم از کم ڈیٹرنس پر مبنی ہے، دفاعی سلامتی کے ایک فریم ورک کی نشاندہی کرتی ہے جس کا مقصد جنگ کو روکنا ہے

ریحانہ صدیقی کون ہے؟

موج ندیم

ندیم ملک

nm8448703@gmail.com

ہمارے شعراء کو ایک مرض لاحق ہے اور یہ وہ مرض ہے جس کا علاج کسی ماہر طب، ماہر نفسیات، کے علاوہ کسی ماہر ڈاکٹر کے پاس نہیں یہ مرض شہرت کا مرض ہے اور اس مرض میں نئے لکھنے والوں کے علاوہ بڑے اہم شعراء بھی قدر مشترک ہیں

بقول اعجاز خان توکل

بنا راہوں میں فہرست چھوٹے لوگوں کی
ملال یہ ہے بڑے نام اس میں آتے ہیں

2025 کی جنگ کی شروعات بزدل انڈین فوج نے کی انڈیا نے ہمیشہ رات کے اندھیرے میں حملہ کر کے اپنی بزدلانہ روش برقرار رکھی ہے اور اختتام ہمیشہ کی طرح پاکستانی فوج نے کیا ہے اور ناکوں چنے چبوا کر کیا ہے یہ وہ میدان جنگ تھا جس میں پاک فضائیہ آسمان پر لڑ رہی تھی پاک فوج سرحد پر اور پاک نیوی سمندر پر جب کہ پاکستانی عوام یہ جنگ سوشل میڈیا پر لڑ رہے تھے سوشل میڈیا پر ایک طبقہ ایسا تھا جو اس وقت بھی سیاسی ہتھکنڈے استعمال کر رہا تھا جس وقت انھیں مل کر آواز حق بلند کرنا چاہیے تھا یہ ان کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے خیر میں نے بات ریحان صدیقی کے بارے کرنی ہے کہ یہ کون ہیں ریحان صدیقی ایک ایسا شخص ہے جن نے بہت سے شعراء کو گمنامی کے اندھیرے سے نکال کر دنیا کے سامنے لا کھڑا کیا اس نے بہت سوں کو شہرت دی اس میں کوئی شک نہیں لیکن ایک بات سمجھنے کی ہے اس نے ایسا کیا کیوں؟؟ ہر طرف واویلا ہے سوشل میڈیا پر ایک چیز بار بار دیکھنے کو مل رہی ہے وہ یہ ہے کہ ریحان صدیقی جو بڑے مشاعروں کا آرگنائزر ہے اس نے یہ پیغام پاکستانی شعراء کو دھمکاتے ہوئے دیا کہ جو شاعر بھارت کے خلاف بولے گا بھارت کے خلاف لکھے گا میں اسے اپنے مشاعروں میں شرکت نہیں کرنے دوں گا یعنی میرا اس سے بائیکاٹ ہے تو بھائی میرے آپ کے مشاعروں میں جو مہنگی مہنگی ٹکٹیں فروخت ہو رہی ہیں وہ پاکستانی شعراء کی بدولت ہیں انڈیا میں چند شعراء کے علاوہ شاعری کر کون رہا ہے؟ انڈیا کے شعراء ترنم سے شعر پڑھنا چھوڑ دیں تو چند شعراء جو انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں ان کے علاوہ شاعری کر کون رہا ہے؟ میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہر شخص کو اپنا ملک عزیز ہے اپنے عوام سے محبت ہے اپنی فورس سے محبت ہے لیکن تخلیق کار کا کام انتشار پھیلانا نہیں

بقول جگر

ان کا جو کام ہے وہ اہل سیاست جانیں
میرا پیغام محبت ہے جہاں تک پہنچے

شعراء وادباء نے کب انتشار پھیلایا؟؟ ہر دور میں شعراء نے امن کے گیت لکھے جنگ کے خلاف مل کر آواز بلند کی جنگ کوئی مذاق نہیں ہے انڈین آرمی کا شروع دن سے یہ وطیرہ رہا ہے انڈیا میں کوئی پرندہ پکڑا جائے اسے وہ پاکستانی جاسوس بنا دیتے ہیں یہ تو شکر ہے کہ اس کی سرحد کیساتھ افریقہ کے جنگل کا علاقہ نہیں پڑتا وگرنہ روز یہ جھوٹا انڈین میڈیا جو جھوٹ کا پلندہ ہے اس پر خبروں کی زینت بنا ہوتا کہ شیر پاکستانی جاسوسی کرتا پکڑا گیا فلاں کو آج دہلی سرکار کے اوپر منڈلا رہا تھا ہوش کے ناخن لیں آپ کو صبر و تحمل سے گفتگو کرنی چاہیے آپ نے ایک عرصہ ادیبوں شاعروں میں گزارا ہے لیکن افسوس کی بات ہے کہ آپ کو ابھی تک ادب کے معنی سمجھ نہیں آئے جیسے آپ کو اپنا ملک عزیز ہے ویسے پاکستانی شعراء کو سب سے پہلے پاکستان اور پاکستان کے عوام عزیز ہیں ہم اسی مٹی کے باشندے ہیں اسی مٹی کا کھاتے اور اسی کے گیت بھی گاتے ہیں آپ ان شہرت کے بھوکوں کو بلائیں جنھیں شہرت کا مرض لاحق ہے اور ان کے طبیب آپ ہیں ہم آپ کے مشاعروں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں نہ ہمیں ایسی شہرت عزیز ہے جس سے ہمارے ملک کا وقار خراب ہو نہ ہم آپ جیسے ادب سے ناشناس آرگنائزر سے تعلق رکھنا گوارہ سمجھتے ہیں آپ نے پاکستانی شاعروں کی بدولت لاکھوں روپے کمائے لاکھوں کے ٹکٹ پاکستانی شعراء کے نام سے بیچے آپ ایک مشاعرہ اس ملک کے شعراء کے بغیر کام یاب کر کے دکھائیں تو ہم مانیں آپ کیا آپ کا مشاعرہ کیا آپ کی شاعری کیا چہ معنی، ہمارے یہاں ایک کہاوت ہے

(جس کا کھاؤ اسی کے گیت گاؤ) بھئی آپ تو منافق ہیں آپ کا گھر آپ کا نام آپ کو شہرت جس پاکستان کے شعراء سے ملی آپ انھیں ڈرانے کی کوشش کر رہے ہیں ارے بھائی یہ پاکستان ہے یہاں کے عوام بھی دلیر ہیں یہاں کے شاعر بھی شیر ہیں انھیں آپ کے مشاعروں کی کوئی ضرورت نہیں بھاڑ میں جائیں آپ کے مشاعرے اور بھاڑ میں جائیں آپ مجھے افسوس ان چند شعراء پر ہے جو ابھی تک خاموشی کا لبادہ اوڑھے ہیں ان کے اندر حب الوطنی نام کی چیز موجود نہیں اور مشاعرے اتنے عزیز ہیں کہ آپ کے ڈر سے سہمے ہوئے ہیں کہ کہیں یہ ہمارا بائیکاٹ نہ کر دے یاد رکھیں شعر ہمیشہ زندہ رہتا ہے غالب، میر، داغ، اقبال، فیض، فراز، بہت سے شعراء اس دنیائے فانی سے کوچ کر گئے لیکن آج بھی ان کی شاعری زندہ ہے اور ہمیشہ رہے گی انسان کے اندر انسانیت ہونا ضروری امر ہے شاعری تو ہر دوسرا شخص کر رہا ہے ریحان صدیقی صاحب آپ کو پاکستانی شعراء سے معافی مانگنی چاہیے کہیں ایسا نہ ہو جیسے آپ کا بھارت جنگ ہارا ہے اور پوری دنیا میں رسوا ہوا ہے آپ بھی رسوا ہو جائیں اور جن مشاعروں کا آپ بڑے فخر سے تذکرہ کرتے ہیں وہ فلاپ ہونا شروع ہو جائیں ذرا دھیان سے نہ تو آپ شاعر ہیں نہ آج تک آپ نے کوئی شعر کہا آپ کو شاعر اور شاعری سے کیا مطلب

پاک بھارت جنگ مئی 2025 میں پاکستان آرمی کی کاری ضرب

پروفیسر امتیاز رؤف

دنیا میں جب سے جنگ و جدل کا سلسلہ شروع ہوا ہے تب سے جنگی حکمت عملی اور سپہ سالار کا کردار جنگوں کا نقشہ بدلنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور وہ ہی ملک اور فوج جنگ میں جیت کے جھنڈے بلند کرتی ہے جسکا سپہ سالار بہادر ہو اور اپنے سپاہیوں کے ساتھ اگلے محاذ پر کندھے کے ساتھ کندھا ملا کر کھڑا ہو اور بہترین حکمت عملی اپنانا جانتا ہو۔

پرانے زمانے میں جنگ صرف میدان جنگ میں ہی لڑی جاتی تھی۔ زمانہ بدلنے کے ساتھ ساتھ جنگ کے طریقوں میں بھی بڑی تبدیلی رونما ہو چکی ہے اب جنگ کئی محاذوں پر لڑی جاتی ہے مثلاً میدان جنگ میں سوشل میڈیا اور میڈیا میں اور آئی ٹی کے محاذ پر۔ کوئی بھی ملک جب حالت جنگ میں ہو تو میڈیا اور سوشل میڈیا موثر پروپگنڈا کے ذریعے اپنی افواج اور عوام کے مورال کو بلند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

پہلوان جب کشتی کے لیے اکھاڑے میں اترتے تھے تو وہ مخالف پہلوان کی طاقت اور اسکے داؤ پیچ کو سمجھنے کے لیے ہاتھوں میں ہاتھ اور آنکھوں میں آنکھیں ڈالتے تھے تاکہ انہیں مخالف پہلوان کی طاقت کا اندازہ ہو سکے بالکل اسی طرح جنگ میں بھی دشمن کی طاقت اور حکمت عملی کو سمجھنے کے لیے مختلف طریقے آزمائے جاتے ہیں بعض اوقات دشمن جب تعداد اور جنگی ہتھیاروں میں برتر نظر آ رہا ہو تو دشمن کو نرغے میں لانے کے لیے پسپائی اختیار کرنا پڑتی ہے تاکہ دشمن یہ سمجھے کہ یہ کمزور ہو گئے ہیں اور شکست کے قریب ہیں پھر جب وہ جارحانہ انداز میں حملہ آور ہونے کی کوششیں کرتا ہے اور اندر گھس کر مارنے کی کوشش کرتا ہے اس طرح وہ مخالف فوج کے چاروں طرف سے نرغے میں آ جاتا ہے اور وہ چاروں طرف سے حملہ آور ہو کر اس کا کس بل نکال دیتے ہیں اور اندر گھس کر مارنے کی کوشش کرنے والا اٹھنے کے بھی قابل نہیں رہتا۔

پاکستان اور بھارت کی جنگ میں بھی کچھ اسی طرح ہی ہوا ہے دشمن (بھارت) نیا اندر گھس کر مارنے کی کوشش میں دنیا میں ایسی ہزیمت اٹھائی ہے کہ اب بولتی بند ہو گئی ہے۔

6 اور 7 مئی کی رات بھارت نے بزدلوں کی طرح رات کے اندھیرے میں اپنی 1965 کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے پاکستان کے مختلف شہروں مریدکے، بہاولپور، مظفر آباد وغیرہ میں حملہ کیا۔ بزدل بھارتی فوج نے سمجھا کہ پاکستانی فوج سو رہی ہو گی لیکن پاکستانی تینوں مسلح افواج نہ صرف جاگ رہی تھیں بلکہ اپنے ملک پاکستان کے دفاع اور بھارت کے حملوں کا جواب دینے کے لیے مکمل طور پر تیار تھیں اور پاکستان کی افواج نے نہ صرف اپنا دفاع کیا بلکہ بھارت کے میزائلوں سے حملہ کرنے والے 5 جہازوں کو مار گرایا جس میں 3 جہاز وہ تھے جن پر بھارت کو بہت فخر تھا یعنی فرانس سے خریدے ہوئے رافیل جنگی جہاز۔ جن کو آج تک دنیا میں کسی نے بھی نقصان تک نہیں پہنچایا پاکستان کی ایئر فورس کے شیر جوانوں نے مار گرایا۔ بھارت کے ساتھ ساتھ دنیا کے چوہدری بھی حیران اور پریشان ہو گئے یہ کیا پاکستان نے قیامت ڈھا دی۔ پاکستان کے کچھ بچے اور سول لوگ میزائل حملوں میں شہید ہو گئے ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل احمد شریف نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے ننھے شہیدوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیں گے لیکن وقت اور جگہ کا تعین ہم خود کریں گے۔ بھارت پھر بھی باز نہیں آیا کیونکہ بھارت اور پاکستان میں ہمارے کچھ نادان لوگ سمجھتے تھے کہ پاکستان کچھ نہیں کرے گا اپنی خفت مٹانے کے چکر میں بھارت نے ڈرون اور میزائلوں سے حملے جاری رکھے۔ بھارت کو پاکستان کے اندر گھس کر مارنے کا بھوت سوار تھا لیکن پاکستان کی افواج اپنی حکمت عملی کے مطابق جنگ کو لڑنا چاہتی تھیں۔

افغانستان میں قائم طالبان حکومت کا عملی کردار۔۔۔

نوائے عامر

kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509

خواجہ عامر جاوید

طالبان کی جانب سے 15 اگست 2021 کو اشرف غنی کی حکومت کا کامیاب تختہ اُلٹنے نے علاقائی جغرافیائی سیاسی جہت میں ایک بڑی تبدیلی کی نشاندہی کی۔ اسلام آباد کے لیے طالبان کی واپسی کو ابتدائی طور پر ایک تزویراتی فتح کے طور پر دیکھا گیا۔ پاکستان میں مذہبی رہنماؤں، سیاست دانوں اور میڈیا اینکرز نے اعلانیہ جشن منایا جبکہ انٹر سروسز انٹیلی جنس کے اس وقت کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی آئی ایس آئی) فیض حمید نے کابل کا تاریخی دورہ کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ افغان طالبان کے اقتدار میں آنے سے ''سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا''۔ اس سے اس تاثر کو تقویت ملی کہ پاکستان نے افغانستان میں اپنی تزویراتی عُمق (اسٹریٹیجک ڈیپتھ) دوبارہ حاصل کر لی ہے۔ دوسری جانب بھارت کے لیے، بالخصوص افغانستان کے ترقیاتی اور فوجی تربیتی پروگراموں میں دو دہائیوں کے دوران بھارت کی جانب سے تین بلین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کو مدِنظر رکھتے ہوئے، طالبان کی اقتدار میں واپسی کو تزویراتی پس قدمی اور سلامتی کے حوالے سے اُبھرتے ہوئے نئے خدشات کے طور پر دیکھا گیا۔ تاہم گزشتہ ساڑھے تین سالوں نے ان ابتدائی اندازوں کی نفی کی ہے، جس کی وجہ سے بھارت اور پاکستان کے مقابلے میں طالبان کی تزویراتی ترجیحات اور ان کے علاقائی مقاصد کے بارے میں بہت سی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں۔ طالبان کی پاکستان سے حیران کن علیحدگی گزشتہ تین سالوں میں پاکستان کو طالبان کے ساتھ اپنے تعلقات میں ایک نئی حقیقت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ان کے تعلقات کی موجودہ صورتحال ظاہر کرتی ہے کہ طالبان پاکستان کے خلاف اپنے شکووں اور کینے سے آگے نہیں بڑھے اور نہ ہی وہ امریکی قیادت میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں (پاکستانی) فوج کے کردار کو بھولے ہیں۔ پاکستان میں طالبان رہنماؤں کی اسیری اور ان کے امیرِ اعلیٰ (سپریم لیڈر) ملا اختر منصور کے قتل کی یاد ان کے ذہنوں میں تازہ ہے، جو ہر سال 15 اگست کو ان کی سالانہ فتح کی تقاریر میں دوبارہ سامنے آتی ہے۔ اسلام آباد میں طالبان کے سابق سفیر عبدالسلام ضعیف کی تحریر کردہ سوانح حیات 'مائی لائف ود دی طالبان' (طالبان کے ساتھ میری زندگی) طالبان ممبران میں بڑے پیمانے پر پڑھی جاتی ہے، جن میں سے بہت سے افراد نے پاکستانی فوج کی جانب سے ان کی گرفتاری اور مابعد امریکہ حوالگی کی صریح (گرافک) تفصیلات ازبر کر رکھی ہیں۔ گزشتہ ساڑھے تین سالوں میں پاکستان کو سلامتی سے متعلقہ خطرات میں اضافے کا سامنا کرنا پڑا ہے، جس میں فوجی اہداف بنیادی مرکوز ہیں۔ اطلاعات (رپورٹس) ظاہر کرتی ہیں کہ افغانستان میں طالبان کی حکمرانی کے پہلے سال میں پاکستان میں حملوں میں دُگنا اضافہ ہوا۔ حال ہی میں عالمی دہشت گردی کی اشاریہ 2025 (گلوبل ٹیررازم انڈیکس 2025) میں پاکستان کو 163 ممالک میں دوسرے نمبر پر رکھا گیا ہے، جس نے گزشتہ سال کے دوران دہشت گرد حملوں میں ہونے والی اموات میں 45 فیصد اضافے (اور) مجموعی طور پر ہونے والی 1,081 ہلاکتوں کی طرف توجہ مبذول کرائی۔ اشاریہ (انڈیکس) کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) دنیا کی چار مہلک ترین دہشت گرد تنظیموں میں شامل ہے۔ گو کہ ٹی ٹی پی نے 2024 میں (شمار میں) سب سے زیادہ حملے کیے، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) 2025 کے اب تک کے مہلک ترین دہشت گرد حملے کی ذمہ دار ہے، جس نے ایک مسافر ٹرین کو ہائی جیک (اغوا) کیا اور یرغمال بنائے گئے 50 پاکستانی سیکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا۔ پاکستان افغانستان پر بی ایل اے کے عسکریت پسندوں کو پناہ دینے کا الزام عائد کرتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ یہ جنگجو (ٹی ٹی پی) کے ساتھ مل کر اور کابل کی سرپرستی میں افغان سرزمین سے کام کرتے ہیں۔ اسلام آباد متواتر کابل کو اپنے بڑھتے ہوئے عدم تحفظ کا ذمہ دار قرار دیتا رہا ہے اور افغانستان میں سرگرم ایک درجن سے زائد دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں کو روکنے میں طالبان کی ناکامی پر تنقید کرتا رہا ہے۔ جواباً طالبان نے 11 فروری کو ہونے والے قندوز بم دھماکے جیسے حملوں کو منظم کرنے میں ''بیرونی عناصر'' (ایکسٹرنل ایجنٹس) پر انگلیاں اُٹھائی ہیں۔ افغانستان میں ''بیرونی عناصر'' کا صیغہ ماضی میں (بھی) پاکستان کی آئی ایس آئی کے لئے ایک کنایہ کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان سرحدی جھڑپیں معمول بن چکی ہیں اور دونوں فریقین اکثر فائرنگ کا تبادلہ اور ایک دوسرے کی سیکیورٹی چوکیوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ افغان مہاجرین کی نصف صدی کے قریب خدمت کا صلہ پاکستان کو افغانستان کی جانب سے پراکسیز اور پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیوں اور افواج پاکستان پر حملوں کی صورت مل رہا ہے۔ ٹی ٹی پی کا شمار دنیا کی صف اول کی دہشت گرد۔ تنظیموں میں چار نمبروں میں ہوتا ہے جو بھارتی فنڈنگ کیساتھ افغانستان میں قائم اپنے ٹریننگ کیمپس سے پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیاں کرتا ہے۔ جس سے ہزاروں پاکستانیوں کی شہادتیں آن ریکارڈ ہیں۔

باصلاحیت معاشرے کا قیام: زچہ اور بچہ کی حفاظت سے مشروط

اُمنگ

عائشہ عدیل

journalistayeshakhan@gmail.com

صحت مند، متحرک اور باصلاحیت معاشرے کے قیام میں ماؤں کا کردار بنیادی حیثیت و اہمیت کا حامل ہے۔ اسلامی تعلیمات میں اس پر بہت زور دیا گیا ہے۔ افسوس کہ ہمارے ہاں اس پر توجہ نہیں دی جاتی۔ ہم اپنی تحریروں اور تقریروں میں ماں کی شان تو بڑی شد و مد سے بیان کرتے ہیں، اس حوالے سے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی احادیث بھی بیان کی جاتی ہیں مگر عملاً ہمارے سماجی رویے اِن دعووں سے متصادم نظر آتے ہیں۔ یہ سر پیٹنے کا مقام ہے کہ ہم مرد حضرات جس ماں کی کوکھ سے جنم لیتے ہیں اور اسی کی آغوش میں پرورش پاتے ہیں۔ دُنیاوی معاملات میں اُسی کے بنیادی حقوق کا خیال نہیں رکھتے۔ جنم دینے والی ماں کی رہائش، خوراک اور لباس سمیت صحت کی سہولتوں تک اس کے حقوق پامال کر رہے ہیں۔ یہ صورتحال برقرار رہی تو صحت مند اور باصلاحیت معاشرے کا قیام محض خواب رہے گا۔ اس تناظر میں اِدارہ ہمدرد پاکستان (وقف) کی روح رواں محترمہ آپا سعدیہ راشد کا جتنا بھی شکریہ ادا کیا جائے کم ہے کہ اُنھوں نے اپریل 2025 کے شوریٰ ہمدرد کے اجلاس میں مقررین کو اس اہم سماجی مسئلے پر گفتگو کی دعوت دی تاکہ ملک بھر میں زچہ بچہ کے بنیادی حقوق پر نہ صرف سیر حاصل گفتگو کی جا سکے بلکہ ایسی تجاویز بھی مرتب کی جائیں، جن پر عمل پیرا ہو کر مستقبل میں ماں اور نومولود کے حقوق کے حوالے سے معاشرے میں پائی جانے والی اجتماعی بے حسی اور بے رحمی کا ازالہ ہونے کی راہ ہموار ہو سکے۔

اس موقع پر سابق وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر سعید الٰہی نے اظہار خیال کرتے ہوئے تسلیم کیا کہ ملک میں دعووں اور وعدوں کے باوجود تاحال کسی بھی حکومت نے ایسے بھرپور اقدامات نہیں اُٹھائے جن سے زچہ اور بچہ کے مسائل پر توجہ دی گئی ہو۔

جناب قمر جمیل نے کہا کہ ہمارے سماجی مسائل اور دستیاب وسائل میں بہت تفاوت پائی جاتی ہے۔ ہم 75 برسوں میں آبادی پر کنٹرول نہیں کر سکے۔ ہم سے آزادی حاصل کرنے والے بنگلہ دیش نے بڑھتی آبادی پر قابو پا کر اپنے سماجی اور اقتصادی مسائل حل کر لیے ہیں مگر ہم کچھ نہیں کر سکے۔ ہمارے حالات جوں کے توں ہیں۔ جس ملک میں صحت کے لیے مختص رقم سے فی کس حصہ ایک روپیہ آتا ہو، آبادی کے تناسب سے ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل سٹاف موجود نہ ہو وہاں ماں اور بچے کی صحت کیسے بہتر ہو سکتی ہے۔

رانا امیر احمد خان نے کہا کہ زچہ بچہ کی صحت کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ محترم راشد منہاس نے کہا کہ ہمارے ہاں خاندانی تنازعات اور مالی مسائل ماں کی پریشانیوں میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔ گھروں میں جھگڑے ماں اور بچے کی ذہنی اور جسمانی صحت بگاڑ دیتے ہیں۔ مرد عورت کی کوکھ سے جنم لیتا ہے مگر جب اس کی بیوی دوسری یا تیسری بیٹی پیدا کرتی ہے تو وہ بیوی کو گھر سے نکال دیتا ہے۔ ہسپتالوں کی حالت یہ ہے کہ مائیں بستر دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے برآمدوں کے ٹھنڈے یا گرم فرش پر بچوں کو جنم دینے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ سردی ہو یا گرمی ان کی صحت کا کسی کو خیال نہیں ہوتا۔ مالی دشواریاں غربت کی شکار ماؤں کو موت سے ہمکنار کر دیتی ہیں۔ جس معاشرے میں مائیں ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی راستے میں رکشوں اور گاڑیوں میں بچوں کو جنم دیں، اس معاشرے کو اسلامی کیسے کہا جا سکتا ہے؟ اِن مسائل در مسائل کی بڑی وجہ قومی وسائل کی غیر مساوی تقسیم ہے مگر ارباب اختیار ہیں کہ خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں۔

محترمہ فرح ہاشمی، پروفیسر خالد پراچہ، پروفیسر شفیق جالندھری، ڈاکٹر ابصار احمد اور بریگیڈیر ریاض طور نے بھی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے زچہ بچہ کو یکساں سہولتیں فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

حسینہ واجد دور میں پاک بنگلہ تعلقات منقطع



مشاہدہ

ریاض احمد چودھری

rzchdhry@gmail.com

پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات جو حسینہ واجد دور میں ختم ہو چکے تھے دوبارہ بحال ہو رہے ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے سربراہ محمد یونس کے مشیر اور سابق ریٹائرڈ فوجی جنرل فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت اگر پاکستان پر حملہ کرے تو بنگلہ دیش کو فوری طور پر بھارت کی سات شمال مشرقی ریاستوں پر قبضہ کر لینا چاہیے۔ سابق بنگالی فوجی افسر کا کہنا تھا کہ بھارت کی سات ہی شمال مشرقی ریاستیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں اور اس ضمن میں بنگلہ دیش کو ابھی سے ہی چین کے ساتھ بات چیت کرنی چاہیے۔ پاک- بھارت کشیدگی اور ممکنہ طور پر بھارت کے پاکستان پر حملے کے تناظر میں بنگلہ دیش کو چین سے بات چیت کر کے فوجی مشقیں شروع کر لینی چاہیے۔

خیال رہے کہ بھارت کی شمال مشرقی ریاستوں ارونا چل پردیش، آسام، منی پور، میگھالیہ، مزورام، تری پورا اور ناگالینڈ کی سرحدیں بنگلہ دیش کے ساتھ 1600 کلومیٹر رقبے تک لگتی ہیں۔ بھارت کی ان ہی ریاستوں کی سرحدیں چین، میانمار، نیپال اور بھوٹان سے بھی لگتی ہیں، مذکورہ علاقے کی متعدد ریاستوں کے کئی علاقوں پر نیپال، بھوٹان، چین اور میانمار اپنا دعویٰ بھی کرتے رہے ہیں۔

بنگلہ دیش میں طلبا تحریک کے نتیجے میں وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کا تختہ الٹنے کے بعد جہاں ایک طرف سابق وزرا کی پکڑ دھکڑ جاری ہوئی وہیں دوسری طرف برسوں سے جیلوں میں قید اپوزیشن رہنماؤں کی رہائی کا عمل شروع ہو گیا۔ ڈھاکہ کی ایک عدالت نے کوٹہ اصلاحات کی تحریک کے دوران گرفتار بی این پی کی قائمہ کمیٹی کے رکن امیر خسرو محمود چوہدری اور جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل میاں غلام پرور سمیت بی این پی اور جماعت اسلامی کے ایک ہزار سے زائد رہنماؤں اور کارکنوں کی ضمانت منظور کر کے رہائی کا حکم دے دیا۔

بنگلہ دیش کی چار عشروں پر مشتمل سیاسی تاریخ بتاتی ہے کہ نوے فی صد مسلم اکثریت اور عوامی سطح پر ٹھوس اسلامی روایات رکھنے والے اس ملک کا قیام تو سیکولر عنوان سے عمل میں آیا تھا لیکن اس کا سیکولر تعارف بنگلہ دیش کے عوام کو ہضم نہیں ہوا۔ چنانچہ خلافت اسلامیہ کے قیام کے علمبردار حافظ جی حضور نے جو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کے خلفاء میں سے تھے جب خلافت کے عنوان سے بنگلہ دیش کے صدارتی الیکشن میں حصہ لیا تو اسلامی نظام اور خلافت کے لیے بنگلہ دیشی عوام کے جذبات دیدنی تھے اور بہت سے سیاسی ذرائع اب تک یہ بات دہرا رہے ہیں کہ اگر مبینہ طور پر دھاندلی نہ ہوتی تو حافظ جی حضور صدارتی الیکشن کی دوڑ میں دوسرے امیدواروں سے آگے گئے تھے۔

جماعت اسلامی نے دیگر جماعتوں کے ساتھ مل کر گیارہ بارہ سال تک جمہوریت کے لئے زبردست جدوجہد کی تھی۔ اب وقت تھا کہ وہ عوام کے دوش بدوش کھڑی ہو جاتی اور یحییٰ خانی ٹولے پر واضح کرتی کہ تم غلط راستہ اختیار کر رہے ہو، جتنی جلدی ممکن ہو اقتدار عوامی نمائندوں کے حوالے کر دو، لیکن افسوس جب ملٹری ایکشن شروع ہوا تو جماعت کے رہنما مشرقی پاکستان میں تعینات ہونے والے نئے مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ٹکا خان کی چکنی چپڑی باتوں میں آ کر امن کمیٹیاں بنانے پر تیار ہو گئے۔

پھر 1988 میں بنگلہ دیش کی منتخب پارلیمنٹ نے اسلام کو ریاست کا سرکاری مذہب بھی دستوری طور پر قرار دے دیا جو بنگلہ دیش کے عوام کے دینی جذبات کا مظہر تھا، لیکن عوامی لیگ نے ملک کے سیکولر تشخص کے نام پر اپنے دورِ حکومت میں اسے ''ریورس گیئر'' لگا دیا اور اب بھی وہ اسی سیکولر تشخص کے تحفظ کے لیے ہر طرف ہاتھ پاؤں مار رہی ہے۔

جماعت اسلامی بنگلہ دیش کے امیر مطیع الرحمان نظامی کو 1971 کی جنگ آزادی کے دوران جنگی جرائم کے ارتکاب پر پھانسی دے دی گئی۔ ملک کی سب سے بڑی اسلام پسند جماعت کے سربراہ کو جنگی جرائم کے خصوصی ٹرائبونل نے نسل کشی، قتل، تشدد اور ریپ کے 16 الزامات کے تحت سزائے موت دینے کا حکم دیا تھا۔ پھانسی سے قبل انہیں پاکستان مردہ باد کا نعرہ لگانے کا کہا گیا مگر انہوں نے انکار کر دیا۔ اسی طرح پروفیسر غلام اعظم ایک بنگلہ دیشی اسلام پسند سیاست دان تھے۔ وہ بنگلہ دیش کی سب سے بڑی اسلامی سیاسی جماعت بنگلہ دیش جماعت اسلامی کے سابق رہنما تھے۔ اعظم کو 11 جنوری 2012 کو بنگلہ دیش کی حکومت نے 1971 کی بنگلہ دیش کی آزادی کی جنگ کے دوران جنگی جرائم کے الزامات میں مجرم پائے جانے کے بعد گرفتار کیا تھا۔ انہیں خصوصی عدالت نے 90 برس قید کی سزا سنائی۔

انسانی حقوق کی تنظیموں کا کہنا ہے کہ حسینہ واجد سکیورٹی فورسز نے تقریباً 600 سے زائد افراد کو اغوا اور غائب کیا جن میں سے متعدد لوگوں کا تعلق حزب اختلاف کی بڑی جماعت بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی اور ملک کی سب سے بڑی اسلام پسند جماعت کالعدم جماعت اسلامی سے تھا۔

بنگلہ دیش میں انقلاب کے بعد جماعت اسلامی نے ڈھاکہ میں اپنا پارٹی دفتر ایک دہائی سے زیادہ عرصے تک بند رہنے کے بعد کھول دیا۔ اسی کے ساتھ ساتھ جماعت کے طلبہ ونگ اسلامی چھاترا شبر کا ہیڈ آفس بھی دوبارہ کھول دیا گیا۔ موگ بازار محلے میں پارٹی کا ہیڈ آفس 2011 میں زبردستی بند کر دیا گیا تھا، اور عدالتی حکم کے باوجود اسے دوبارہ کھولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

بنگلہ دیش جب دستوری طور پر مشرقی پاکستان تھا اور پاکستان کا آئینی حصہ تھا یہ تب کی بات ہے کہ مشرقی پاکستان کو پاکستان سے الگ کرنے کے لیے آزادی کے نام پر تحریک چلائی گئی تھی جو صرف سیاسی نہیں بلکہ عسکری بھی تھی، اس عسکری اور سیاسی تحریک کو بھارت کی مکمل پشت پناہی حاصل تھی اور اس کی حمایت میں بھارت نے وسیع پیمانے پر فوجی مداخلت کی تھی۔ اس وقت مشرقی پاکستان کی جماعت اسلامی نے سیاسی اور عسکری دونوں محاذوں پر پاکستان کی حکومت اور فوج کا ساتھ دیا تھا اور مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی تحریک کے عسکری ونگ ''مکتی باھنی'' کا ''البدر'' اور ''الشمس'' کے نام سے عسکری ونگ بنا کر مقابلہ کیا تھا۔

آسمان کے فاتح

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

جب سے حضرت آدمؑ نے اِس کرہ ارضی پر قدم رکھ کر افزائش نسل کا آغاز کیا ہے اور پھر یہ انسان مختلف قبیلوں قوموں میں تقسیم ہوتا چلا گیا آبادی بڑھنے کے ساتھ انسانی نقل وحمل کے ساتھ ہی دھرتی ماں انسانوں سے آباد اور بھرتی چلی گئی تہذیب وتمدن کا ترقی کے ساتھ علم کی روشنی کے ساتھ قبیلے ملکوں میں بدلتے چلے گئے آج کرہ ارضی مختلف ملکوں میں بدل چکی ہے طاقتور ملک اپنی فوجی اور سائنسی ترقی کے زور پر کمزور ملکوں کو دبا کر ڈرا کر اپنا غلام بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں موجودہ دور میں فوجی برتری اسلحے کے جدید انبار میزائلوں اور جہازوں کے لشکر کو ہی طاقت بنا کر کمزور ملکوں پر اپنی حکومت جاری رکھے ہوئے ہیں طاقتور ملک یہ بھول جاتے ہیں کہ طاقت دولت اقتدار تاریخ کے ہر دور میں عبرت کا نشان بنتے آئے ہیں لیکن جلد باز بے صبرا انسان ماضی سے سبق لینے کی بجائے طاقت اور جدید اسلحے کے زور پر انگڑائی لے کر کمزور ملکوں پر حملہ کر دیتا ہے یہ بھول جاتا ہے کہ اِس دھرتی کائنات کا اکلوتا وارث بھی ہے جو یہاں پر روز اول سے قیامت تک اپنی ہی حکومت کرے گا اور جب بھی کوئی ملک طاقت اسلحے کے زور پر کمزور ملک کو دبانے کی کوشش کرے گا تو آسمان کے پار اکلوتا وارث اپنی کن فیکون کی چھڑی کو حرکت میں دیتا ہے اور طاقت مغرور انسان اور ملک کو عبرت کا نشان بنا دیتا ہے مختلف قوموں ملکوں کی تاریخ میں بعض اوقات کوئی ایک لمحہ واقعہ دن ایسا آتا ہے کہ وہ گمنامی کے پردوں سے نکل کر تاریخ انسانی کے آسمان پر شہرت کا ایسا چاند بن کر طلوع ہوتا ہے کہ سارے ستارے ماند پڑ جاتے ہیں اور پھر وہی آسمانوں کا فاتح اور شہنشاہ ہوتا ہے 10 مئی کا دن بھی ایسا ہی لمحہ واقعہ دن تھا جو پاکستان اور پاکستانی عوام پر آیا کہ پاکستان گمنامی کمزوری کے پردوں سے نکل کر بوڑھے آسمان پر شان بان سے اِس طرح چمک رہا ہے کہ سارا یورپ امریکہ اور ترقی یافتہ ملک انگلیاں دانتوں تلے دبائے حیرت سے دیکھ رہے ہیں کہ ہم تو پاکستان کو ناکام ریاست کمزور غریب قرضے میں جکڑا ملک سمجھتے تھے جو اپنے معاملات چلانے کے لیے دوسرے ملکوں سے قرضوں کا محتاج ہے لیکن ہم کیا اِس کمزور اور ناکام ریاست نے اپنے سے کئی گنا بڑے ملک کی طاقت فضائیہ فوجی برتری دولت گھمنڈ کو زمین بوس اِس طرح کیا کہ طاقت ور بھارت ملک امریکہ یورپ کے پاؤں پڑ گیا کہ خدا کے لیے پاکستان کو روکیں نہیں تو ہمیں تباہ و برباد کر دے گا پاکستان نے ہمارے سارے سسٹم جام کر دیئے ہیں ساری دنیا حیرت سے یہ منظر دیکھ رہی تھی کہ پاکستان نے ڈرونز اور پاک فضائیہ کے جانباز سوار اپنے جیٹ طیاروں کے ذریعے بھارت کی سرزمین پر پرواز کر رہے تھے اور جہاں سے چند دن پہلے پاکستان پر حملے کر رہے تھے ان جگہوں کو بار بار ٹھوک رہے تھے تیز رفتار میزائلوں کو دشمن کے اڈوں پر تاک تاک کر راکھ کے ڈھیروں میں تبدیل کر رہے تھے جدید تاریخ انسانی کی یہ پہلی جنگ تھی کہ دشمن پر سائبر وار کر کے اُس کے سارے نظام اڑا کے رکھ دیا جس کے بارے میں انڈیا کہتا تھا کہ یہ آئرن ڈوم ہے اِس کی موجودگی میں کوئی جہاز میزائل بھارت کی سرزمین یا فضا میں نہیں آ سکتا اور اگر کسی نے آنے کی جرات کی تو اُس کو فضا میں یہ اڑا دیا جائے گا لیکن بھارت اُس وقت حواس باختہ اور ششدر رہ گیا جب پاکستان نے اُس کا قابل فخر ایس چار سو دفاعی نظام ہی اڑا دیا اُس کے ستر فیصد بجلی کے گرڈ اڑا دیئے اُس کے کمپیوٹر ہیک کر لیے بھارت کی مختلف ویب سائیٹس پر اپنی مرضی کا ڈیٹا اپ لوڈ کرنا شروع کر دیا پھر آخری جھٹکا بھارت کو یہ دیا کہ پی ایل پندرہ آواز سے تیز رفتار سونک بے آواز میزائل سے بھارت کے مختلف دہشت گردی پھیلانے والے اڈوں کو راکھ کے ڈھیروں میں بدلنا شروع کر دیا بھارتی عوام اور فوج چیخیں مار رہے تھے کہ پاکستان میزائل انتہائی تیز رفتار ہیں اِن کو روکنا بھارت کے بس میں نہیں ہے پاکستانی جانبازوں نے بھارت کے سارے سسٹم جام کر دیئے تھے وہ کسی بھی قسم کا ردعمل یا جواب دینے کی پوزیشن میں نہیں تھے مغرور قوم بھارت ادھ موئے چوہے کی مانند تھی صرف تماشائی تھی پاکستانی جانبازوں نے اپنی مرضی سے دہشت گردی کے ٹھکانوں کو راکھ کا ملبہ بنایا بوڑھا آسمان اور اقوام عالم کے سیٹلائیٹ حیرت سے منظر دیکھ رہے تھے کہ طاقت اور رافیل جہازوں اور ایس چار سو کے غرور میں مبتلا بھارتی فوج کو پاکستان کو برباد کرنے پر تلی ہوئی تھی مگر کس طرح بے بسی اور شکست خوردگی کی حالت میں صرف دیکھ رہی تھی کہ پورے بھارت ہندوستان پر پاکستانی ڈرونز اور جیٹ جہازوں کا راج تھا وہ اپنی مرضی سے جہاں چاہ رہے تھے حملہ کر کے بھارت کے اکھنڈ نظریے ہندوتوا کے مجسموں کو پرزے پرزے کر رہے تھے تاریخ انسانی میں شاید ہی کوئی ایسی جنگ ہوئی ہو کہ طاقت ور فضائیہ کے دعوے دار ایک بھی جہاز نہیں اڑا رہے تھے بلکہ اپنے جہازوں کو چھپا رہے تھے کہ پاکستانی جانباز بھارت کے مہنگے جہازوں کو راکھ کے ملبے میں ڈھیر نہ کر دیں پاکستانی جانبازوں نے اپنی مرضی سے بھارت کے بیس دہشت گردی کے ٹھکانوں کو راکھ کے ڈھیر میں بدلہ اور کامیابی سے واپس آ گئے اقوام عالم نے کیا خوب منظر دیکھا کہ پاکستانی جانباز آسمان کے بادشاہ کے طور پر تاریخ عالم پر امر ہو گئے آج کے آسمان کے فاتح پاکستانی ہیں جن کو پوری دنیا مان رہی ہے دس مئی کے دن پاکستانی عوام کی آنکھوں میں خوشی کے ستارے چمک رہے تھے اور ہاتھ اپنے جانبازوں کے لیے ماتھے پر تھے وہ سیلوٹ کر رہے تھے اپنے جانبازوں کو جنہوں نے چار گھنٹے میں بھارت کو راکھ کے کھنڈر میں بدل کر رکھ دیا۔

''آپریشن سندھور'' بمقابلہ ''معرکہ بنیان مرصوص''

عبدالغفور چودھری

ابتدائے آفرینش سے ہی یہ زمانے کا دستور رہا ہے کہ ہر بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو نگلنے کی کوشش کرتی ہے۔ اب چھوٹی مچھلی کی ہمت اور حکمت پر منحصر ہے کہ وہ اس غنڈہ گردی سے خود کو کیسے محفوظ رکھنے کی کتنی کوشش کرتی ہے۔ کیوں کہ کوشش ہی کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے۔ عربی کے ایک مقولے کا ترجمہ ہے: ''جس نے کوشش کی اس نے پالیا''۔ تاریخ اسلام کے مطالعہ سے بھی یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ جب سرور کائنات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے گئے تو ان کے ساتھ ہجرت کرنے والے مہاجرین مالی لحاظ سے بہت ہی کمزور تھے۔ انصار نے انھیں سہارا دیا۔ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے میں ان کی معاونت کی۔ اس کے نتیجے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی قیادت میں مجاہدین کی ایک چھوٹی سی جماعت تیار ہو گئی۔ قریش مکہ اپنی طاقت کے زعم میں بدمست تھے۔ وہ اس چھوٹی سی جماعت کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے خواہاں تھے۔ وہ ایک ہزار کا لشکر لے کر مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کی نیت سے مدینہ پر حملہ آور ہوئے۔ ادھر سے مسلمان بھی سپاہ سالار اعظم حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولولہ انگیز قیادت میں تین سو تیرہ مجاہدین کو لے کر مدینہ سے نکلے۔ مقام بدر پر دونوں لشکروں کا آمنا سامنا ہوا۔ محبوب خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی کامیاب جنگی حکمت عملی اور خدائے لم یزل کی نصرت سے دشمنان دین کو عبرت ناک شکست ہوئی۔ وہ میدان چھوڑ کر بھاگے اور بھاگتے ہوئے اگلے سال پھر آنے کی دھمکی دے گئے۔ اگلے سال فریقین کا مقابلہ احد کے مقام پر ہوا۔ قریش مکہ کو شکست فاش ہوئی لیکن چند مجاہدین کی اجتہادی غلطی کی بنا پر مسلمانوں کا بہت زیادہ نقصان ہوا۔ سن 5 ہجری میں وہ پھر 3000 کا لشکر لے کر مدینہ پر چڑھ دوڑے۔ تاجدار مدینہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حکمت اور حوصلے سے کام لیا۔ صحابہ کرام کے مشورے سے مدینہ کے اندر رہ کر ہی دشمنان دیں کا مقابلہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ کفار نے مدینہ کا محاصرہ کر لیا۔ مجاہدین مدینہ نے جنگی حکمت عملی کے تحت جنگ کو طول دیا۔ حوصلے اور ہمت سے کام لیا۔ بالآخر قریش مکہ ناکام لوٹے۔ اس ساری بحث سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جنگ کے موقع پر حوصلہ، ہمت، جنگی حکمت عملی اور اللہ پر یقین ایسے عناصر ہیں جو جنگ جیتنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

6 اور 7 مئی۔ 2025 کی درمیانی شب طاقت کے نشے میں دھت بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے حکم پر بھارتی افواج نے پہلگام واقعہ کا بہانہ بنا کر پاک سرزمین کی سرحدوں کی خلاف ورزی کی۔ اسے ''آپریشن سندھور'' کا نام دیا۔ میزائل داغے۔ بہت سے بے گناہ شہریوں کو شہید کیا۔ جواب میں پاکستانی مسلح افواج نے ناقابل تسخیر سمجھے جانے والے تین عدد فرانسیسی ساختہ ''رافیل'' سمیت پانچ جنگی جہاز بھارتی سرزمین پر ہی مار گرائے۔ پھر بھارت نے 8 اور 9 مئی کو پاکستان کے مختلف شہروں پر اسرائیلی ساختہ ڈرونز سے حملے کیے۔ لیکن ہماری مسلح افواج نے اللہ کے فضل و کرم سے تمام ڈرونز کو ناکارہ بنا دیا۔ پاکستان کی طرف سے بھارتی حکومت کو بار بار منع کیا گیا کہ وہ اس قبیح حرکت سے باز رہے۔ لیکن اس نے سنی ان سنی کر دی۔ ادھر بھارت اور اسرائیل نواز ملک دشمن عناصر نے سوشل میڈیا پر پراپیگنڈہ مہم شروع کر دی کہ ہماری حکومت اور فوج بزدلی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ لڑنا نہیں چاہ رہی۔ ہماری فوج کو فوری طور پر بھارت پر چڑھ دوڑنا چاہیے تھا۔۔۔ وغیرہ وغیرہ۔ کچھ بدبختوں نے اس سارے آپریشن کو ہی نورا کشتی کا نام دے دیا۔ ان نمک حراموں اور بے شرموں کی طرف سے ایسی پوسٹیں دیکھنے کو ملیں جن کے مطابق نریندر مودی اپنے انتخابات جیتنے کے لیے اور ہمارے آرمی چیف اپنی ایکسٹینشن کے لیے یہ سب کچھ ملی بھگت سے کر رہے ہیں۔ جب کہ ہماری مسلح افواج ایک جنگی حکمت عملی کے تحت یہ سب کچھ ہمت اور حوصلے سے برداشت کر رہی تھیں۔ اور مناسب وقت کے انتظار میں تھیں۔ آخر جب بھارت اپنے اوچھے ہتھکنڈوں سے باز نہ آیا تو 10۔ مئی 2025 بعد از نماز فجر پاکستان کے آرمی چیف جناب جنرل سید عاصم منیر کی دعا کے ساتھ معرکہ ''بنیان مرصوص'' کا آغاز کر دیا گیا۔ پاکستانی شاہین بھارت کی ایئر بیسز پر جھپٹے۔ نہ تو روس کا سیکورٹی سسٹم کام آیا، نہ اسرائیل کے میزائل اور ڈرونز اور نہ ہی فرانس کے مہنگے ترین جدید طیارے۔ ہمارے شاہینوں نے بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ الحمد للہ تمام پائلٹس آپریشن کی تکمیل کے بعد صحیح وسلامت غازی بن کر لوٹے۔ جب بھارت کو ہوش آیا تو بہت سا پانی پلوں کے نیچے سے گزر چکا تھا۔ پھر نریندر مودی کو اپنے آقا اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی یاد آئی۔ ان کی منتیں کیں کہ انھیں پاکستان کی مسلح افواج سے بچائیں۔ جناب ڈونلڈ ٹرمپ اپنے بغل بچے کی حمایت میں کودے اور ''سیز فائر'' کے لیے ایک ٹویٹ کر دیا۔ اور یوں پاکستان کی مسلح افواج کی پوری دنیا پر دھاک بیٹھ گئی۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ اس مختصر سی جنگ میں فریقین نے کیا کھویا اور کیا پایا؟ یوں تو بھارتی بنیے نے نہایت ڈھٹائی کے ساتھ اپنی ہار کو جیت میں تبدیل کرنے کی سعی لاحاصل کی ہے۔ اور سنا ہے کہ وہ اپنی فتح کا جشن بھی منا رہا ہے۔ جب کہ یہ معرکہ بھارت کو کئی سال پیچھے لے گیا۔ اس کا جنوبی ایشیا پر بالادستی کا خواب چکنا چور ہو گیا۔ مسئلہ کشمیر کے مردہ گھوڑے میں جان پڑ گئی۔ چین کی ٹیکنالوجی کی پوری دنیا میں دھاک بیٹھ گئی۔ اسرائیل، فرانس، روس، امریکہ اور بھارت کی جنگی ٹیکنالوجی کا بھی بھرم کھل گیا۔ چین اب باقاعدہ طور پر امریکہ کے ہم پلہ ہو گیا۔ امریکہ جو بھارت کی مدد کر کے اسے چین کے مقابل کھڑا کرنے کی کوشش کر رہا تھا اس کا یہ خواب بھی ٹوٹ گیا۔ پاکستان کی مسلح افواج نے چند گھنٹوں میں اپنی مہارت، جذبہ جہاد، شوق شہادت اور اعلائے کلمۃ اللہ کا حق ادا کر دیا۔ 1971 کی ہزیمت کا بدلہ بھی چکا دیا۔ اس معرکہ نے پاکستانی عوام اور افواج پاکستان کے مورال کو اپنے عروج تک پہنچا دیا۔ پاکستانیوں میں قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی طرح دشمن کی عددی اور ہتھیاروں کی برتری کا خوف ختم ہو گیا۔ پاک چین دوستی نئی بلندیوں کو چھونے لگی۔ ترکیہ اور آذربائی جان کا پاکستان کی مدد کرنے سے غزوہ ہند کے موقع پر بننے والے اسلامی بلاک کا ایک دھندلا سا عکس سامنے آ گیا۔ اب پاکستان کا فرض بنتا ہے کہ اس جیت پر تکبر اور غرور کرنے کی بجائے اس قوم کو شکرانے کے نوافل ادا کرنے کا کہیں۔ اپنے مشکل وقت کے دوستوں کی طرف بھی کبھی نہ بھولیں خواہ اسے جو بھی قیمت ادا کرنا پڑے۔ ہمارے دشمن اب ہمیں طاقتور نہیں خطرناک سمجھنا شروع ہو گئے ہیں۔ وہ کسی وقت بھی اپنی ہزیمت کا بدلہ چکانے کے لیے اکٹھے ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ہمیں ہمہ وقت انکا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ کیونکہ ''ابھی تو پارٹی شروع ہوئی ہے''۔

تمام کالم نیک نیتی سے شائع کئے جاتے ہیں تاہم کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

سکینہ خان ناکام محبت بارے بات کرتے ہوئے جذباتی ہوگئیں

محبت سے بہت امیدیں تھیں جو ٹوٹ گئیں، اب بھی اپنی محبت کا انتظار ہے، اداکارہ

کراچی (شوبز رپورٹر) اداکارہ سکینہ خان ناکام محبت کے بارے میں بات کرتے ہوئے جذباتی ہوگئیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سکینہ نے بتایا کہ حال ہی میں میرے ساتھ ایسا ہوا مجھے اپنی محبت سے بہت امیدیں تھیں جو ٹوٹ گئیں۔ اداکارہ نے کہا کہ جب امید اور یقین ٹوٹتا ہے تو بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے لیکن مجھے اس تکلیف میں بھی بہت عجیب سا سکون ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ جب دو لوگ ایک ساتھ وقت گزارتے ہیں تو انہیں اپنی زندگی میں گزرے اچھے لمحات کی قدر کرنی چاہیے۔

کم کارڈیشین سے پیرس میں کی گئی ڈکیتی کا 9 سال بعد ٹرائل

پیرس (نیٹ نیوز) امریکی ٹی وی اسٹار 44 سالہ کم کارڈیشین اپنے ساتھ 2016 میں ہونے والے ڈکیتی کے کیس میں فرانسیسی عدالت میں پیش ہوگئیں، انہوں نے اپنا بیان ریکارڈ کروادیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کم کارڈیشین پیرس کی مقامی عدالت میں پیش ہوئیں، جہاں انہوں نے 2016 میں اپنے ساتھ پیش آنے والے ڈکیتی کے واقعے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس وقت انہیں محسوس ہوا کہ نقاب پوش افراد انہیں قتل کر دیں گے یا پھر ان کا ریپ کریں گے لیکن خوش قسمتی سے ان کے ساتھ ایسا کچھ نہیں ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ اکتوبر 2016 میں وہ پیرس فیشن ویک میں شرکت کے لیے آئی تھیں، جہاں ان کے ساتھ ناخوشگوار واقعہ پیش آیا۔

بہروز سبزواری اور جاوید شیخ کا بھارت کو منہ توڑ جواب

پاک فوج کے بھرپور جواب نے بالی ووڈ کے خواب چکنا چور کردیئے، گفتگو

کراچی (این این آئی) نامور اداکاروں بہروز سبزواری اور جاوید شیخ نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے بھرپور جواب نے بالی ووڈ کے خواب چکنا چور کردیے۔ بہروز سبزواری اور جاوید شیخ نے نجی ٹی وی پروگرام یوم تشکر میں شرکت کرتے ہوئے پاک بھارت حالیہ تنازعے پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ دونوں فنکاروں نے پاکستانی عوام اور افواج کو سراہتے ہوئے بھارت کو بھرپور جواب دیا اور قومی یکجہتی کا پیغام دیا۔ بہروز سبزواری نے گفتگو کا آغاز جذباتی انداز میں کیا اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان نے ہمارے دل خوش کردیے، بھارت نے ہمیں کمزور سمجھا تھا

''فنکاروں کی کوئی سرحد نہیں ہوتی'' حنا الطاف نے بھی ثناء نواز کو تنقید کا نشانہ بناڈالا

کراچی (آئی این پی) معروف اداکارہ حنا الطاف نے بھی اداکارہ ثناء نواز کو پاک بھارت جنگ کے دوران ان کے متنازعہ بیان پر آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے سوال اٹھایا کہ وہ کہنا کیا چاہ رہی ہیں؟ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر حنا الطاف نے لکھا کہ اداکار بھی اپنے ملک کے شہری ہوتے ہیں، وہ کسی طرح بھی عام شہری سے اوپر نہیں۔ انہوں نے لکھا کہ اداکاروں کو سرحد پر فوج کی طرح لڑنے کا نہیں کہا جا رہا لیکن اداکار اپنے ملک کے دفاع کے لیے عام شہریوں کی طرح بات کر سکتے ہیں۔

جاوید اختر صحافیوں کے سوالات پر برہم، ویڈیو وائرل ہوگئی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے مشہور نغمہ نگار اور اسکرپٹ رائٹر جاوید اختر ایک حالیہ ویڈیو میں صحافیوں کے سوالات پر غصے کا اظہار کرتے نظر آئے اور سوالات کے جواب دینے سے بچنے کی کوشش کی۔ یہ ویڈیو اس وقت کی ہے جب بھارت کو پاکستان کے ساتھ حالیہ جنگی کشیدگی میں بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد صحافیوں نے جاوید اختر سے اس معاملے پر ان کا موقف جاننے کی کوشش کی۔ سوشل میڈیا پر وائرل اس ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ جاوید اختر کو ایک نجی تقریب سے واپسی کے دوران صحافی گھیر کر جنگ اور بھارتی فوج کے جوانوں سے متعلق سوالات کرتے ہوئے ان کی رائے لینے کی کوشش کرتے ہیں

اریج چوہدری نے سیٹ پر پیش آنے والا خوفناک واقعہ بتادیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اریج چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ شوٹنگ سیٹ پر جونیئر اداکارہ کو کپڑے تبدیل کرتے سب مردوں نے دیکھا تھا جس کے بعد میں نے وہاں جاکر مردوں کو دور جانے پر مجبور کیا۔ پاکستانی اداکارہ اریج چوہدری اداکارہ سارہ عمیر اور اداکارہ میمونہ قدوس کے ہمراہ نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شریک ہوئیں جس دوران انہوں نے سیٹ پر پیش آئے خوفناک حادثے کا انکشاف کیا۔ اریج چوہدری نے بتایا کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب میں لاہور میں ایک ڈرامے کی شوٹنگ کررہی تھی

عامر خان کی ترک خاتون اول سے پرانی ملاقات بھاری پڑ گئی

ممبئی (آئی این پی) بالی وڈ کے مشہور اداکار عامر خان ایک بار پھر تنقید کی زد میں آگئے ہیں اور اس مرتبہ وجہ بنی ہے ان کی پانچ سال پرانی ملاقات ترک خاتون اول امینہ اردوان سے، جو اب ایک مرتبہ پھر موضوع بحث بن گئی ہے۔ عامر خان کی نئی فلم ستارے زمین پر کا ٹریلر حال ہی میں ریلیز کیا گیا ہے، لیکن اس کے فوراً بعد سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر فلم کے بائیکاٹ کا ہیش ٹیگ ٹاپ ٹرینڈز میں شامل ہوگیا۔ جب کہ کچھ نے 2020 میں ترکیہ کے دورے کے دوران عامر خان کی ترک خاتون اول امینہ اردوان کے ساتھ لی گئی

ہانیہ عامر نے جعلی خبریں پھیلانے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا

لاہور (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر نے جعلی خبریں پھیلانے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ اداکارہ نے اپنی انسٹا اسٹوری میں ایک وائرل ویڈیو شیئر کی جس میں موبائل فون کے کیمرے کی سیٹنگ کے حوالے سے ٹپس اینڈ ٹریک شیئر کی گئی تھی، تاہم مذکورہ ویڈیو پر ویوز اور لائکس حاصل کرنے کے لیے کانٹنٹ کری ایٹر نے ہانیہ عامر کا نام استعمال کیا۔ ہانیہ عامر نے ایک عام وائرل ویڈیو کے ذریعے جعلی خبروں جیسے سنجیدہ نوعیت کے مسئلے پر توجہ دلانے کی کوشش کی۔ انہوں نے انسٹا اسٹوری میں لکھا کہ گو کہ یہ اتنا سنجیدہ نہیں ہے

76 سالہ فرانسیسی اداکار کو 2 خواتین کیساتھ جنسی ہراسانی پر قید کی سزا

پیرس (آئی این پی) فرانسیسی عدالت نے عالمی شہرت یافتہ اداکار جیرارد ڈیپارڈیو کو جنسی ہراسانی کا مجرم قرار دیتے ہوئے قید کی سزا سنادی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانس کے عالمی شہرت یافتہ اداکار جیرارد ڈیپارڈیو کو دو خواتین کے ساتھ جنسی ہراسانی کے الزام میں 18 ماہ قید کی معطل سزا سنائی گئی

ٹام کروز نے خطرناک اسٹنٹس خود کرنے سے متعلق اہم انکشاف کردیا

پیرس (آئی این پی) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام کروز کینز فلمی میلے میں شریک ہوئے جہاں پرانے ساتھی اور انڈسٹری کے چوٹی کے ہدایتکار کرسٹوفر میکوری بھی انکے ساتھ تھے۔ مشن امپوسبل کے اسٹار نے اس موقع پر اپنی اس ذہنی کیفیت پر جس میں موت سے نبرد آزما اسٹنٹ کیا جاتا ہے



بیوٹی انفلوئنسر ٹک ٹاک لائیو کے دوران قتل کردی گئی



میکسیکو سٹی (نیٹ نیوز) سوشل میڈیا انفلوئنسر ویلیے ریا مارکیز کو ٹک ٹاک لائیو کے دوران فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق میکسیکو کی 23 سالہ سوشل میڈیا انفلوئنسر ویلیے ریا مارکیز کو ریاست جالسکو کے شہر زاپوپان میں اس وقت فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا جب وہ ایک بیوٹی سیلون میں ٹک ٹاک پر لائیو تھیں۔ سرکاری بیان کے مطابق حملہ آور اچانک سیلون میں داخل ہوا اور فائرنگ کر کے مارکیز کو ہلاک کر دیا۔ حملے سے چند لمحے قبل ویلیریا ٹک ٹاک لائیو اسٹریم پر ایک کھلونا تھامے بیٹھی تھیں اور کہہ رہی تھیں کہ وہ آ رہے ہیں۔ یاد رہے کہ بیوٹی انفلوئنسر ویلیریا کے انسٹاگرام اور ٹک ٹاک پر تقریباً 200,000 فالوورز تھے۔ انہوں نے اسی دن بتایا تھا کہ ایک شخص قیمتی تحفہ دینے کے بہانے سیلون آیا تھا، جس سے وہ پریشان دکھائی دے رہی تھیں۔

حرا مانی نئے جنون میں مبتلا، بکھرے بالوں میں ڈرم بجاتے تصاویر وائرل

کراچی (این این آئی) اداکارہ و گلوکارہ حرا مانی نے سوشل میڈیا پر اپنے نئے جنون بارے انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر نئی تصویریں مداحوں کے ساتھ شیئر کی ہیں۔ ان تصاویر میں حرا مانی کو بکھرے ہوئے بالوں میں ڈرم بجاتے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس پوسٹ کے کیپشن میں اداکارہ حرا مانی نے لکھا، میرا نیا جنون۔ حرا مانی کی نئی پوسٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اداکارہ آج کل اپنے گانے کے شوق کو سنجیدگی سے لے رہی ہیں۔

چاہت فتح علی خان نے ملی نغمہ جاری کردیا



لاہور (شوبز رپورٹر) سوشل میڈیا سے شہرت حاصل کرنے والے متنازع مزاحیہ گلوکار چاہت فتح علی خان نے ملی نغمہ ریلیز کر دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر مزاحیہ گلوکار نے نئی ویڈیو شیئر کردی۔ انہوں نے انسٹاگرام کے علاوہ اپنے یوٹیوب چینل پر بھی اپنے نئے نغمے میرے وطن میرے چمن کی 4 منٹ 21 سیکنڈ کی ویڈیو شیئر کی۔ 14 مئی کو ریلیز کیے گئے اس نئے گانے کو مجموعی طور پر اب تک 6 ہزار سے زائد بار دیکھا جاچکا ہے

مجھے میری اوقات سے بہت زیادہ ملا، رتیش دیشمکھ

ممبئی (آئی این پی) بالی وڈ اداکار رتیش دیشمکھ کا ماننا ہے کہ انہیں فلم نگری میں انکی اوقات سے بہت زیادہ ملا ہے۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں بات کرتے ہوئے اداکار نے کہا کہ میں وہ لڑکا تھا جسے لگتا تھا کہ میری پہلی فلم ہی میری آخری فلم ہوگی، اور آج 22 سال بعد میں یہاں بیٹھا ہوں اور یہ انٹرویو دے رہا ہوں۔ اداکار کا مزید یہ بھی کہنا تھا کہ، مجھے میری اوقات سے بہت بہت زیادہ ملا ہے۔ زندگی میں جو کچھ بھی ملا، وہ میری توقعات سے کہیں بڑھ کر ہے۔ رتیش کے مطابق، اچھا کام کرنے کے بعد جو ایک بڑا بونس ملتا ہے میری زندگی کا وہی بونس ابھی چل رہا ہے۔

کانز فلم فیسٹیول میں عریاں لباس پہننے پر پابندی عائد

نیویارک (این این آئی) کانز فلم فیسٹیول نے رواں سال اپنی ریڈ کارپٹ پالیسی میں واضح تبدیلیاں کرتے ہوئے مکمل برہنگی اور غیر معمولی حد تک پر آرائش یا بڑے سائز کے ملبوسات پر پابندی لگا دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اقدام 2022 میں ایک مظاہرہ کرنے والی خاتون کے ٹاپ لیس ہونے اور حالیہ گرامی ایوارڈز میں بیانکا سنسوری کے عریاں لباس پہننے جیسے واقعات کے بعد کیا گیا ہے۔ فیسٹیول انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ان ہدایات کا مقصد لباس پر مکمل پابندی لگانا نہیں

پاکستان سے شکست، بھارتی میوزک کمپنی نے گانوں سے عاطف اسلم کا نام ہٹادیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی میوزک کمپنی زی میوزک نے گانوں سے عالمی شہرت یافتہ پاکستانی گلوکار عاطف اسلم کا نام ہٹا دیا۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی تو ہوگئی لیکن بھارتیوں کو اپنی شکست ہضم نہیں ہورہی اور غصے سے بھرے بھارتی اب اپنی ہار کا بدلہ مختلف طریقوں سے لینے کی کوششیں کررہے ہیں۔

کیریئر کے آغاز میں سینئر اداکار نے انڈسٹری چھوڑنے کا کہا تھا، نعمان حبیب

کراچی (آئی این پی) معروف اداکار نعمان حبیب کا کہنا ہے کہ شوبز کی دنیا کے ابتدائی دنوں میں انہیں ایک سینئر اداکار نے کہا تھا کہ تم ایک اچھے ایکٹر نہیں بن سکتے اور بہتر ہے کہ یہ انڈسٹری چھوڑ دو۔ ایک ٹی وی شو میں بات کرتے ہوئے انہوں نے انکشاف کیا کہ انہیں ایک دفعہ ایک سینئر اداکار نے یہ بھی کہا تھا کہ میں کبھی ایک اچھا ایکٹر نہیں بن سکتا اور مجھے یہ انڈسٹری چھوڑ دینی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ پھر جب میں گھر آیا تو میں نے اپنے آپ سے سوال کیا کہ وہ سینئر ہیں، وہ ٹھیک ہی کہہ رہے ہوں گے تو میں نے اپنے آپ سے کہا کہ میں آج ہی ہار مان گیا تو خود کو کیا جواب دوں گا اور میں نے عہد کیا کہ خود کو ثابت کرکے رہوں گا۔

دورہ پاکستان، بنگلا دیشی ٹیم کو گرین سگنل مل گیا

سی بی آفیشل کے مطابق بنگلا دیشی حکومت کی جانب سے گرین سگنل مل گیا ہے، ابھی حکومت کی طرف سے تحریری طور پر آگاہ نہیں کیا گیا، تحریری اجازت ملنے کے بعد کھلاڑیوں سے بات کریں گے۔ بی سی بی حکام

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کے دورہ پاکستان کیلیے بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کو حکومت سے گرین سگنل مل گیا۔ بی سی بی آفیشل کے مطابق بنگلا دیشی حکومت کی جانب سے گرین سگنل مل گیا ہے، ابھی حکومت کی طرف سے تحریری طور پر آگاہ نہیں کیا گیا۔ بی سی بی حکام کے مطابق تحریری اجازت ملنے کے بعد کھلاڑیوں سے بات کریں گے۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش اور پاکستان کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز شیڈولڈ ہے۔ جس کیلیے 25 مئی سے 3 جون تک شیڈول کا اعلان کیا گیا تھا۔ پی ایس ایل کی وجہ سے سیریز میں رد و بدل کیا جائے گا۔ سیریز 27 مئی سے 5 جون تک کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ سیریز کا پہلا میچ فیصل آباد کے بجائے لاہور میں کرانے کا آپشن بھی زیر غور ہے۔ لاجسٹک کی وجہ سے لاہور میں پہلا میچ کرانے کے آپشن پر غور کیا جا رہا ہے۔

سکندر رضا پی ایس ایل بقیہ میچز میں شرکت کو تیار

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں لاہور قلندرز کے زمبابوین کھلاڑی سکندر رضا نے بقیہ میچز میں شرکت کے معاملے پر خاموشی توڑ دی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے پی ایس ایل 10 کے بقیہ میچز کے شیڈول کا اعلان کیا گیا جس کے مطابق 17 مئی کو کراچی کنگز اور پشاور زلمی کی ٹیمیں پنڈی اسٹیڈیم میں مدمقابل آئیں گی۔ اتوار کے روز راولپنڈی میں دو میچز کھیلے جائیں گے، پہلے میچ میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور ملتان سلطانز کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی جبکہ دوسرے میچ میں پشاور زلمی اور لاہور قلندرز کے درمیان میچ ہوگا۔ پنڈی میں آخری میچ 19 مئی کو دفاعی چیمپئن اسلام آباد اور کراچی کنگز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

پی ایس ایل، غیر ملکی پلیئرز کیلیے فرنچائزز کی وقت سے ریس جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کے بقیہ میچز میں غیر ملکی پلیئرز کی دستیابی یقینی بنانے کیلیے فرنچائزز کی وقت کے ساتھ ریس جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل میں غیر ملکی پلیئرز کی دستیابی یقینی بنانے کیلیے فرنچائزز دن رات کوششوں میں مصروف ہیں، ایونٹ کے آغاز میں 2 دن باقی رہ گئے تاحال تمام اسکواڈز مکمل نہیں ہوسکے۔ پی سی بی نے آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور انگلینڈ سمیت کئی کرکٹ بورڈز سے پلیئرز کو این او سی کیلیے رابطہ کیا ہے، انہیں یقین دلایا گیا کہ اب جنگ بندی ہوچکی لہذا کسی کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ گزشتہ روز ری پلیسمنٹ ڈرافٹ کا انعقاد ہونا تھا

نجم سیٹھی کا انٹرویو کرنے پر بھارتی صحافی کیخلاف مقدمہ درج

نئی دہلی (این این آئی) پاکستانی تجزیہ کار نجم سیٹھی کا انٹرویو کرنے پر بھارتی صحافی کرن تھاپر کے خلاف دہلی میں مقدمہ درج ہوگیا۔ کرن تھاپر کے خلاف مقدمہ بھارتی وکیل گوتم سمھروال کی شکایت پر درج کیا گیا ہے۔ بھارتی وکیل نے مقدمے میں یہ موقف اختیار کیا کہ نجم سیٹھی نے بھارتی صحافی کو انٹرویو دینے سے پہلے آئی ایس آئی کے جنرل ہیڈ کوارٹر سے بریفنگ لی ہوگی اور یہ حقیقت شاید کرن تھاپر صاحب کو بھی معلوم تھی۔ گوتم سمھروال نے ایک بھارتی یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کرن تھاپر کی جانب سے نجم سیٹھی سے پوچھے گئے متعدد سوالات پر اعتراض کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نجم سیٹھی نے کرن تھاپر کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مجھے ذاتی طور پر یقین ہے کہ پہلگام واقعے میں بھارت ہی ملوث ہے پھر چاہے یہ بھارتی حکومت کی جانب سے کروایا گیا فالس فلیگ آپریشن تھا یا کسی مسلح گروپ کو اکسا کر کروایا گیا لیکن کرن تھاپر نے یہ جواب سن کے اپنے ملک کے دفاع میں ایک لفظ بھی نہیں کہا۔ بھارتی وکیل نے کہا کہ کرن تھاپر کو بی این ایس کی دفعہ 152 اور 153 اور آفیشل سیکریٹ ایکٹ کی دفعہ 3 اور 4 کے تحت گرفتار کیا

آئی سی سی ویمنز ٹیموں کی سالانہ ون ڈے رینکنگ جاری، پاکستان کی 1 درجے بہتری

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ویمنز ٹیموں کی سالانہ ون ڈے رینکنگ جاری کردی۔ آسٹریلیا ویمن ٹیم کی 167 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ جاری رینکنگ کے مطابق انگلینڈ ویمنز ٹیم کا دوسرا جبکہ بھارتی ٹیم کا تیسرا نمبر ہے۔ آئی سی سی کی نئی رینکنگ کے مطابق پاکستان اور بنگلا دیش ویمنز ٹیموں کی ایک ایک درجہ بہتری ہوئی ہے۔ جاری رینکنگ کے مطابق بنگلا دیش ساتویں اور پاکستان ٹیم آٹھویں پوزیشن پر پہنچ گئی۔

پرائم منسٹر یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ، کوئٹہ میں باکسنگ ٹرائلز مکمل

اسلام آباد (آئی این پی) پرائم منسٹر یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت کوئٹہ میں باکسنگ ٹرائلز کا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کے ڈائریکٹر سپورٹس جاوید میمن نے بتایا کہ پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے تحت ایچ ای سی کے زیر اہتمام بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تعاون سے ٹیلنٹ ہنٹ یوتھ اسپورٹس لیگ کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے کوئٹہ میں باکسنگ ٹرائلز میں بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان باکسرز نے بڑی تعداد میں شرکت کا مقصد گراس روٹ سطح پر باصلاحیت ایتھلیٹس کی نشاندہی کرنا اور انہیں منظم تربیت، مواقع اور قومی و صوبائی سطح پر نمائندگی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

پی ایس ایل، شکیب الحسن کی 8 سال بعد واپسی، لاہور قلندرز کی نمائندگی کرینگے

لاہور (آئی این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کے بقیہ میچز کیلیے لاہور قلندرز نے 8 سال کے طویل عرصے بعد بنگلا دیش کے اسٹار اسپنر شکیب الحسن کو اپنے اسکواڈ کا حصہ بنالیا۔ پاک بھارت کشیدگی کے بعد پی ایس ایل کے بقیہ میچز کا آغاز کل 17 مئی سے ہوگا جبکہ ایونٹ کا فائنل 25 مئی کو لاہور کے تاریخی قذافی اسٹیڈیم میں منعقد ہوگا۔

ویرات کی ریٹائرمنٹ پر ٹنڈولکر کو کیا یاد آیا؟ جذباتی واقعہ شیئر کردیا



نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے ریکارڈ ساز بیٹر لیجنڈ ٹنڈولکر کو ویرات کوہلی کی ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ پر جذباتی واقعہ یاد آگیا اور اس کو شیئر کردیا۔ بھارتی کپتان روہت شرما کی ریٹائرمنٹ کے دو دن بعد ویرات کوہلی نے بھی ٹیسٹ کرکٹ سے اچانک ریٹائرمنٹ کا اعلان کر کے سب کو حیران کر دیا۔ ویرات کوہلی کے اعلان ریٹائرمنٹ پر سچن ٹنڈولکر نے انہیں کرکٹ کی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا اور اس موقع پر انہیں اپنی ریٹائرمنٹ سے جڑا ایک واقعہ یاد آیا۔ سچن ٹنڈولکر نے لکھا کہ آج سے 12 سال قبل جب وہ اپنے طویل کرکٹ کیریئر سے ریٹائر ہوئے تھے تو نوجوان ویرات نے اس خاص دن انہیں ایک بہت ہی خاص تحفہ دیا تھا،

بابر اعظم کو لاہور قلندرز کے بیٹر سیم بلنگز نے ٹرول کرنا شروع کردیا

انگلش کرکٹر سیم بلنگز نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری شیئر کی، جس نے مداحوں کو ہنسنے پر مجبور کردیا

لاہور (این این آئی) پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم کو لاہور قلندرز کے جارح مزاج بیٹر سیم بلنگز نے ٹرول کرنا شروع کردیا۔ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن میں لاہور قلندرز کی نمائندگی کرنیوالے انگلش کرکٹر سیم بلنگز نے گزشتہ روز اپنی انسٹاگرام اسٹوری شیئر کی، جس نے مداحوں کو ہنسنے پر مجبور کردیا۔ سیم بلنگز نے ایک پوسٹ شیئر کی جس میں پی ایس ایل 2025 کی تیز ترین اور سست ففٹیز کا ذکر کیا گیا تھا، جہاں بابر اعظم نے مختصر ترین فارمیٹ میں 47 گیندوں پر نصف سنچری بنائی جبکہ انگلش کرکٹر نے محض 19 گیندوں میں سنگ میل عبور کیا۔

ایلکس ہیلز اسلام آباد یونائیٹڈ کا دوبارہ حصہ بن گئے

اسلام آباد یونائیٹڈ کے شائقین اور مینجمنٹ نے ہمیشہ سپورٹ کیا، ٹیم جوائن کرنے کے لیے بیتاب ہوں

لاہور (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے جارحانہ بلے باز ایلکس ہیلز اسلام آباد یونائیٹڈ کا دوبارہ حصہ بن گئے۔ اس حوالے سے ایک بیان میں ایلکس ہیلز نے کہا ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ میرے دل کے بہت قریب ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ پی ایس ایل میں میری پہلی ٹیم تھی جس کے لیے میں نے پاکستان میں کھیلا۔ ایلکس ہیلز نے کہا ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کے شائقین اور مینجمنٹ نے ہمیشہ مجھے سپورٹ کیا۔

راولپنڈی، پی ایس ایل کے بقیہ میچز کیلیے عملہ پچ تیار کررہا ہے

ساری دنیا ایک طرف، آئی سی سی انڈین کونسل بننے کے راستے پر چل نکلی

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) میں بھارت کی اجارہ داری مضبوط ہونے لگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی سی سی میں چیئرمین جے شاہ کے منتخب ہونے کے بعد بھارتی لابی متحرک ہے اور چیف ایگزیکٹو (سی ای او) کیلیے ایک اور بھارتی سنجوگ گپتا عہدے کیلیے مضبوط دعویدار بن گئے۔ اس سے قبل آئی سی سی کے اہم عہدوں پر بھارتی قابض ہیں، جن میں چیئرمین کی اہم ترین پوسٹ پر بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ کے بیٹے جے شاہ، کرکٹ کمیٹی کے چیئرمین سارو گنگولی ہیں

پی ایف ایف ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات کیلیے بلایا گیا غیر معمولی کانگریس اجلاس ملتوی

لاہور (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات کے لیے بلایا گیا غیر معمولی کانگریس اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن نے اجلاس ملتوی کرنے کا اعلامیہ جاری کر دیا۔ پی ایف ایف کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی فیفا اور اے ایف سی کے وفود کے شیڈول پر اثر انداز ہوئی۔ 20 مئی کو اجلاس کے لیے مسائل کا بھی سامنا کرنا پڑا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پی ایف ایف کا غیر معمولی کانگریس اجلاس اب 27 مئی کو لاہور میں ہوگا۔

آئر لینڈ کی فٹبالر میگن کیمبل کا تاریخی کارنامہ، نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈز میں درج

(این این آئی) آئر لینڈ کی خاتون فٹبالر میگن کیمبل نے تاریخی کارنامہ انجام دے کر اپنا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈز میں درج کر لیا۔ لندن سٹی لایونیسز کی کھلاڑی میگن نے دنیا کی طویل ترین تھرو پھینک کر عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔ انہوں نے 30 اپریل کو 37.55 میٹر (123 فٹ 2 انچ) دور گیند پھینک کر یہ شاندار کارنامہ انجام دیا۔ یہ تھرو نا صرف 35 میٹر کی مطلوبہ حد سے آگے تھی بلکہ ایک بلیو ویل مچھلی (جو دنیا کا سب سے بڑا جانور ہے) سے بھی تقریباً 10 میٹر طویل 4 میٹر ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ تھرو ایک مکمل بولنگ ایلی (19.16 میٹر) سے تقریباً دوگنا لمبی تھی۔ 31 سالہ میگن کیمبل نا صرف یہ اعزاز حاصل کرنے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں

مصباح الحق کو ایک مرتبہ پھر پی سی بی میں اہم عہدہ ملنے کا امکان

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان مصباح الحق کو ایک مرتبہ پھر پاکستانی ٹیم میں اہم عہدہ ملنے کا امکان ہے۔ گزشتہ روز پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے پاکستانی وائٹ بال ٹیم کیلیے مائیک ہیسن کو ہیڈ کوچ بنانے کا اعلان کیا تھا، بعد ازاں خبریں سامنے آئی تھیں کہ 50،50 لاکھ تنخواہ وصول کرنیوالے مینٹورز کو عہدے سے فارغ کردیا گیا ہے۔ ان مینٹورز میں مصباح الحق کے علاوہ سابق کپتان سرفراز احمد سمیت شعیب ملک، وقار یونس اور ثقلین مشتاق شامل تھے، رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ مصباح الحق اور سابق کپتان سرفراز احمد کو پی سی بی میں اہم عہدے سے نوازا جائے گا

پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کیلیے پرجوش ہوں، ہیڈ کوچ مائیک ہیسن

پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ میرے لیے بہترین موقع ہے، پاکستانی ٹیم کے نو منتخب ہیڈ کوچ کا جذباتی پیغام جاری

آکلینڈ (این این آئی) پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے نو منتخب ہیڈ کوچ مائیک ہیسن کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کیلیے پرجوش ہوں۔ جاری کیے گئے بیان میں پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے نو منتخب ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے یہ بات کہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کی کوچنگ میرے لیے بہترین موقع ہے۔ واضح رہے کہ پی سی بی نے گزشتہ روز مائیک ہیسن کو وائٹ بال کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کیا ہے۔ مائیک ہیسن 26 مئی سے وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ کی ذمے داری سنبھالیں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے وائٹ بال ہیڈ کوچ کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ مائیک ہیسن پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ ہوں گے جبکہ عاقب کو جاوید ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس مقرر کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیڈ کوچ کیلیے کئی درخواستیں موصول ہوئیں

رسی وین ڈر ڈسن نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو اپنی دستیابی ظاہر کردی

لاہور (این این آئی) جنوبی افریقا کے کرکٹر رسی وین ڈر ڈسن پی ایس ایل 10 کے بقیہ میچز میں شرکت کریں گے۔ رسی وین ڈر ڈسن نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو اپنی دستیابی ظاہر کردی، وین ڈر ڈسن اس سے قبل ذاتی وجوہات کی وجہ سے لیگ سے دستبردار ہوئے تھے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ نے وین ڈر ڈسن کی بقیہ میچز میں شمولیت کا اعلان کردیا ہے۔ یونائیٹڈ کی ٹیم اس سے قبل ایلکس ہیلز کی شمولیت کا بھی اعلان کر چکی ہے۔ دوسری جانب ذرائع کا کہنا ہے کہ پشاور زلمی کے لیوک ووڈ، مکس بربرینٹ اور نجیب زردان کی بقیہ میچز میں شرکت متوقع ہے۔ پشاور زلمی کو لیگ کے 2 میچز کراچی کنگز اور لاہور قلندر کے خلاف کھیلنے ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

ضلع چکوال کی تمام تحصیلوں میں بھی سٹوڈنٹس کونسلز کی حلف برداری کی تقریبات منعقد کی گئیں

اس ضمن میں ضلعی سطح پر سٹوڈنٹس کونسلز کی تقریب حلف برداری گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 چکوال میں منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات بطور مہمان خصوصی شریک ہوئیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) حکومت پنجاب کے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کی روشنی میں صوبہ بھر کی طرح ضلع چکوال کی تمام تحصیلوں میں بھی سٹوڈنٹس کونسلز کی حلف برداری کی تقریبات منعقد کی گئیں۔ اس ضمن میں ضلعی سطح پر سٹوڈنٹس کونسلز کی تقریب حلف برداری گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 چکوال میں منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات بطور مہمان خصوصی شریک ہوئیں۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن محمد صفدر ملک و ڈی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر عبدالوحید دیگر ضلعی افسران اور اے سی چکوال ذیشان شریف قیصرانی نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے نو منتخب سٹوڈنٹس کونسلز کے عہدیداران کو مبارکباد دی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے مذکورہ کونسلز کے منتخب عہدیداران سے کہا کہ محنت ولگن سے تعلیم حاصل کرنا اولین نصب العین ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب تعلیمی کیریئر عملی زندگی میں کامیابی کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹوڈنٹس کونسلز کے منتخب عہدیداران کو تلقین کی کہ مادر علمی کا تقدس برقرار رکھنے، نظم وضبط اور نصابی وہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اپنا حقیقی کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے اعلیٰ اخلاقی اقدار کی پاسداری اور احسن کلامی کی عملی مثالیں قائم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور امید ظاہر کی کہ سٹوڈنٹس کونسلز کے منتخب عہدیداران اپنے سکولوں کی انتظامیہ کے دست و بازو بن کر کام کریں گے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر چکوال نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا#

مریم نواز شریف بہترین وزیر اعلیٰ ثابت ہوئی ہیں: چوہدری اورنگزیب گورائیہ

پنجاب میں دیگر صوبوں کی نسبت زیادہ ڈویلپمنٹ ہے ان شاءاللہ آئندہ الیکشن سے قبل پنجاب ترقی کی راہوں پر ہوگا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بہترین وزیر اعلیٰ ثابت ہوئی ہیں ان سے پہلے شہباز شریف نے پنجاب کی بے مثال خدمت کی ہے حال ہی میں کسانوں کو ٹریکٹر دیے گئے ہیں جس سے زرعی انقلاب آئے گا پنجاب میں دیگر صوبوں کی نسبت زیادہ ڈویلپمنٹ ہے ان شاءاللہ آئندہ الیکشن سے قبل پنجاب ترقی کی راہوں پر ہوگا ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ شہباز شریف وفاق اور مریم نواز پنجاب میں عوام کی خدمت کر رہی ہیں حالیہ پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی عظیم فتح عسکری قیادت کے ساتھ ساتھ موجودہ حکومت کی بہترین اور موثر حکمت عملی کا نتیجہ ہے ہمیں فخر ہے کہ ہم نے ترقی اور خوشحالی کیلئے مسلم لیگ ن کو ووٹ دیا ہے۔

بجلی کی غیر اعلانیہ بندش نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں فیڈرز مسلسل کئی کئی گھنٹے بند رہنا معمول بن گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بجلی کی غیر اعلانیہ بندش نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں فیڈرز مسلسل کئی کئی گھنٹے بند رہنا معمول بن گیا شدید گرمی میں عوام کا پارہ ہائی نماز جمعہ کے دوران بھی بجلی کی آنکھ مچولی جاری رہی نمازیوں کو پریشانی کا سامنا کسی دوسرے شہر میں لوڈ شیڈنگ نہیں ہو رہی صرف نارنگ منڈی میں ہی ایسا سلوک کیوں کیا جا رہا ہے شہری تڑپ اٹھے تفصیل کے مطابق گرمی شروع ہوتے ہی نارنگ منڈی میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے چار سے پانچ گھنٹے مسلسل بجلی بند رہنا معمول بن چکا ہے نارو اسلوک پر شہریوں کا پارہ ہائی ہے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہر ماہ باقاعدگی سے بل ادا کرتے ہیں پھر بھی کئی کئی گھنٹے بجلی رکھی جاتی ہے اگر وجہ جاننے کے لئے رابطہ کیا جائے تو متعلقہ ایس ڈی او صاحبان کال ریسیو نہیں کرتے جبکہ معلومات کے مطابق لوڈ شیڈنگ کا کوئی شیڈول جاری نہیں کیا گیا مگر نارنگ منڈی کے مختلف فیڈرز کو گھنٹوں مسلسل بند رکھا جاتا ہے انھوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے چیف لیسکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

معرکہ حق میں تاریخی فتح کی مناسبت سے پروقار تقریبات منعقد کی گئیں

دن کا آغاز مساجد، مدارس اور تعلیمی اداروں میں قرآن خوانی اور شہداء کے درجات کی بلندی، ملکی ترقی وسلامتی اور افواج پاکستان کے استحکام کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا

عارفوالا (نامہ نگار+نمائندہ قوت) یوم تشکر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع بھر میں افواج پاکستان کی معرکہ حق میں تاریخی فتح کی مناسبت سے پروقار تقریبات منعقد کی گئیں۔ دن کا آغاز مساجد، مدارس اور تعلیمی اداروں میں قرآن خوانی اور شہداء کے درجات کی بلندی، ملکی ترقی و سلامتی اور افواج پاکستان کے استحکام کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا۔ مختلف اسکولوں میں بھی طلبہ و طالبات نے اپنے اساتذہ کی قیادت میں دعائیہ تقریبات میں شرکت کی اور بعد ازاں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلیوں میں بھرپور شرکت کی۔ یوم تشکر کی مرکزی تقریب ڈی سی کمپلیکس کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے کی۔ انہوں نے ضلعی افسران، ممبران امن کمیٹی، مسلم لیگی رہنماؤں کے ہمراہ پرچم کشائی کی، پولیس کے چاک و چوبند دستے اور ریسکیو 1122 کے جوانوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر افواج پاکستان، شہداء اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے کہا کہ یوم تشکر ہمارے قومی اتحاد، استقامت اور افواج پاکستان کے ساتھ غیر متزلزل وابستگی کی علامت ہے، قوم اپنی فوج کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے اور ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ شرکاء تقریب نے کہا کہ بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں جب ہمارے وطن عزیز پر حملہ کیا تو ہماری بہادر افواج پاکستان نے دن کی روشنی میں دشمن کے حملے کا دندان شکن جواب دے کر پوری دنیا کو یہ پیغام دیا کہ پاکستانی قوم اپنی سرزمین کی حفاظت کرنا جانتی ہے، مسلمان جذبہ ایمانی اور شہادت کی آرزو کے ساتھ میدان جنگ میں اترتے ہیں اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنا دیتے ہیں۔ تقریب کے بعد ڈی سی آفس سے افواج پاکستان کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لیے ریلی نکالی گئی جس میں ضلعی افسران، پولیس، ریسکیو اہلکاروں، اساتذہ، طلبہ، سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی شرکاء نے پاک فوج زندہ باد اور پاکستان پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے اور قومی پرچم لہراتے ہوئے اپنی محبت اور حمایت کا بھرپور اظہار کیا۔ اسی نوعیت کی ریلیاں شہر کے مختلف اسکولوں میں بھی نکالی گئیں جن میں طلبہ نے جوش و جذبے سے بھرپور شرکت کی اور افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا اور شہریوں نے یوم تشکر کو قومی وحدت، فخر اور شکریہ کے دن کے طور پر مناتے ہوئے افواج پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا پختہ عزم کیا۔

پاک فوج کی تاریخی فتح پر شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا

ضلع کونسل میں کمشنر مریم خان، آر پی او ذیشان اصغر اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے پرچم کشائی کی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) حکومت پنجاب کی ہدایت پر معرکہ حق میں پاک فوج کی تاریخی فتح پر ڈویژنل انتظامیہ کی زیر سرپرستی یوم تشکر پر ضلعی انتظامیہ نے شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے مرکزی تقریب کا انعقاد کیا۔ ضلع کونسل میں کمشنر مریم خان، آر پی او ذیشان اصغر اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے پرچم کشائی کی۔ سابق اراکین قومی و صوبائی اسمبلی فقیر حسین ڈوگر، میاں عبدالمنان، نجمہ افضل، اجمل آصف، سرکاری افسران، سول سوسائٹی کی شخصیات، سکولوں کے طلبہ اور میڈیا نمائندگان کی بڑی تعداد نے پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی۔ پرچم کشائی کے بعد کمشنر مریم خان، آر پی او ذیشان اصغر، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی قیادت میں واک کی گئی۔ ضلع کونسل تا کلاک ٹاور واک میں شرکاء نے پاکستانی پرچم اٹھا کر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ شرکاء واک نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ کمشنر مریم خان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ شہداء نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر ہمارا مستقبل محفوظ بنایا۔ یوم تشکر کے موقع پر پوری قوم اپنی پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ آر پی او ذیشان اصغر نے کہا کہ شہداء کی فیملیز کے عزم کو سلام پیش کرتے ہیں۔ پاک فوج کی بہادری اور جرات نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا کہنا تھا کہ قومی اتحاد و یکجہتی سے روایتی دشمن بھارت کو منہ توڑ جواب دیا گیا۔ پوری دنیا پاک فوج کی بہادری اور جرات کی معترف ہے۔

ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کے جھومر ہیں۔ الفت شہزاد وڑائچ

آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر یوم تشکر منایا گیا۔ سی او میونسپل کمیٹی ڈسکہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر یوم تشکر کے موقع پر ڈسکہ میں پروقار تقریبات، پاک فوج اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر آج جمعہ المبارک کے بابرکت دن کو یوم تشکر کے طور پر منایا گیا۔ اس موقع پر ٹیم وزیر بلدیات، ایڈمنسٹریٹر و اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، اور دیگر افسران نے بھرپور شرکت کی۔ تقریبات کا آغاز نماز فجر اور قرآن خوانی سے کیا گیا، جس کے بعد میونسپل کمیٹی آفس میں پرچم کشائی ہوئی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی اور ملکی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ بعد ازاں ایک ریلی نکالی گئی جس میں شہریوں، علماء کرام، میڈیا نمائندگان، اور سماجی تنظیموں نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کے اختتام پر اجتماعی دعا کی گئی۔ تقریبات کے آخر میں یادگار شہداء سمبڑیال روڈ پر حاضری دی گئی، جہاں شہداء کی قبروں پر چادریں چڑھائی گئیں، پھول نچھاور کیے گئے اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی۔

جہلم یوم تشکر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر قیادت ڈی سی آفس تا پریس کلب ریلی کا انعقاد

ریلی میں ضلعی افسران سماجی شخصیات طلبہ وطالبات اور تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد کی بھرپور شرکت

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم یوم تشکر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کی زیر قیادت ڈی سی آفس تا پریس کلب ریلی کا انعقاد۔ ریلی میں ضلعی افسران سماجی شخصیات طلبہ و طالبات اور تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد کی بھرپور شرکت۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں یوم تشکر کے موقع پر ضلع جہلم میں ڈی سی افس تا پریس کلب ایک خصوصی ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس، اے ڈی سی جی صبا سحر، اے ڈی سی آر ثانیہ صفی، اسسٹنٹ کمشنر جہلم شمس الرحمن نے کی۔ ریلی میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، سکولوں کالجوں کے طلبہ و طالبات اور سماجی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے کہا کہ پاکستان کے ازلی دشمنوں نے ہمیشہ کی طرح بزدلانہ کارروائی کر کے وطن عزیز کو نقصان پہنچانے کا خواب دیکھا جس کو پاک فوج کے جوانوں اور پاک فضائیہ کے شاہینوں نے ملیامیٹ کر دیا۔ پاک فوج نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو ناکوں چنے چبوا دیئے اس عظیم کامیابی پر پوری قوم آج یوم تشکر منا رہی ہے آج کے دن ہم یہ عزم کرتے ہیں کہ وطن عزیز کی خاطر کسی قسم کی قربانی سے گریز نہیں کریں گے اور ہر موقع پر پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ ریلی کے اختتام پر وطن عزیز کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

حافظ آباد میں المناک ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل اور بولان ایمبولینس میں تصادم، ماں بیٹا جاں بحق

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں المناک ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل اور بولان ایمبولینس میں تصادم، ماں بیٹا جاں بحق، ریسکیو 1122 نے لاشیں لواحقین کے حوالے کر دیں۔ حافظ آباد کوٹ ہرا روڈ پر واقع ککھی انوک سنگھ کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار موٹر سائیکل سوار سڑک کراس کرتے ہوئے سامنے سے آنے والی بولان ایمبولینس سے ٹکرا گیا عینی شاہدین کے مطابق موٹر سائیکل کی رفتار بہت زیادہ تھی اور وہ اچانک کراسنگ کرتے ہوئے ایمبولینس کے سامنے آگیا، جس کے نتیجے میں زوردار تصادم ہوا اور دونوں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے فوری طور پر امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے دونوں لاشوں کو نکال کر ضابطے کی کارروائی مکمل کی اور بعد ازاں ورثاء کے حوالے کر دیا۔

جہلم روزمرہ استعمال ہونے والی اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں بے جا اضافہ کر کے صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم روز مرہ استعمال ہونے والی اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں بے جا اضافہ کر کے صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے جبکہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے اس حوالے سے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے گوشت دودھ دہی روٹی گھی، چاول، دالیں، تیل اور دیگر کھانے پینے کی تمام اشیاء کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ چھوٹے دکانداروں کا کہنا ہے کہ بڑی مارکیٹوں مارٹ وغیرہ میں بیٹھے تاجر جان بوجھ کر قیمتیں بڑھا دیتے ہیں جس کے باعث ہمیں بھی مہنگے داموں خرید کر فروخت کرنی پڑتی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ انتظامیہ بڑے تاجروں اور مارٹ وغیرہ کے خلاف کارروائیاں کرنے کے بجائے چھوٹے چھوٹے دکانداروں پر جرمانے عائد کرتی اور مقدمات درج کرواتے ہیں باوثوق ذرائع کے مطابق شہر میں چند بااثر تاجر پچھلے کئی سالوں سے یہ مکروہ دھندہ کر رہے ہیں اور انتظامیہ ان کے خلاف کارروائیاں کرنے کے بجائے ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

محکمہ تحفظ ماحولیات کے زیر اہتمام یوم تشکر کی تقریب کا انعقاد

جہلم (بیورو رپورٹ) محکمہ تحفظ ماحولیات کے زیر اہتمام یوم تشکر کی تقریب کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تحفظ ماحولیات کے زیر اہتمام 16 مئی 2025 کو پاکستان آرمی کی بے مثال بہادری اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فخر سے یوم تشکر منایا۔ اس تقریب میں بہادر مسلح افواج کو قوم کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا گیا۔ خاص طور ان جوانوں کو جنہوں نے غیر متزلزل حوصلے کے ساتھ ہمارے وطن کی حفاظت کی۔ عملے کے ارکان نے دلی خراج تحسین پیش کیا، اور قومی ترانہ پر سلامی دی گئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات بابر عمران نے کہا کہ پاک فوج نے حب الوطنی کے جذبے کے تحت عظیم کامیابی حاصل کی۔ محکمہ تحفظ ماحولیات جہلم اپنے ہیروز اور اپنی عسکری قیادت کی جواں مردی کو سلام پیش کرتا ہے۔

میاں چنوں: پُروقار تقریب، پرچم کشائی اور ریلی کا انعقاد

ریلی کے شرکاء نے پاکستان سے محبت، قومی یکجہتی اور استحکام کے عزم کا اظہار کیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) پُروقار تقریب، پرچم کشائی اور ریلی کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق

یوم تشکر کے سلسلے میں میاں چنوں میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ بلدیہ سبزہ زار میں منعقدہ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق اور ڈی ایس پی محمد سلیم نے پرچم کشائی کی، جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا اور ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں، تقریب کے اختتام پر یوم تشکر کی مناسبت سے ایک ریلی نکالی گئی جو بلدیہ آفس سے شروع ہو کر ٹی چوک تک پہنچی، ریلی میں ڈپٹی ایم پی اے چوہدری مظہر ستار، تحصیلدار رانا عدیل، سینئر مسلم لیگ (ن) رہنما حاجی عبدالستار، ایس ایچ او سٹی چوہدری محمود اقبال، ریسکیو انچارج عبدالمنان، تحصیل انچارج ویسٹ مینجمنٹ مدثر جاوید، سپرنٹنڈنٹ سجاد شاہ سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ریلی کے شرکاء نے پاکستان سے محبت، قومی یکجہتی اور استحکام کے عزم کا اظہار کیا۔ شہر کی سڑکیں ''پاکستان زندہ باد'' کے نعروں سے گونجتی رہیں، جبکہ شہریوں نے قومی پرچم لہرا کر اپنے جذبات کا بھرپور مظاہرہ کیا۔

یوگا فٹنس کلب زرعی فارم کے سینئر ممبر میاں محمد عارف کی جانب سے ناشتہ کا اہتمام

جس میں سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری، پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد، چوہدری شفقت علی گجر و دیگر نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) یوگا فٹنس کلب زرعی فارم کے سینئر ممبر میاں محمد عارف ارائیں کی طرف سے ممبران کے اعزاز میں ناشتہ کا اہتمام کیا گیا جس میں سینئر استاد میاں اختر حسین جالندھری، پروفیسر ڈاکٹر داؤد احمد، چوہدری شفقت علی گجر، چوہدری شوکت علی گجر نمبردار، سلطان محمود گولڈن، عارف خان سندھیلہ، چوہدری محمد حسین ارائیں، ظفر اللہ واہلہ، حاجی رانا محمد یعقوب علی خاں، طاہر نوید، یامین گجر، نذیر گجر، شیخ علی امتیاز، چوہدری افضل ورک، چوہدری نعیم شہزاد سراء، چوہدری عمر مشتاق ورک، امجد رندھاوا، حاجی احسان اللہ، عامر رندھاوا، چوہدری ارشاد علی ورک، اشتیاق احمد ورک، رائے ظہور، حافظ عبدالمنان، سید علی معظم رضوی، عبدالخالق ورک، سلیم مجوکا، و دیگر نے شرکت کی، تمام احباب کی تواضع پرلذیذ پرتکلف کھانوں سے کی گئی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے میاں محمد عارف ارائیں نے تمام احباب کا دعوت قبول کر کے شرکت یقینی بنانے پر شکریہ ادا کیا جبکہ میاں اختر حسین جالندھری نے میاں محمد عارف ارائیں کی طرف سے ناشتہ کے اہتمام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یوگا کلب زرعی فارم کے اراکین کی باہمی محبت و رفاقت مثالی ہے جسے تقاریب کے انعقاد سے مزید فروغ مل رہا ہے جو نہ صرف باہمی تعلقات کو مضبوط کرنے کا ذریعہ ہے بلکہ اس سے یوگا کو بھی نہایت فروغ حاصل ہو رہا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی شہید جوان کے گھر آمد

پاک فوج کے بہادر جوانوں نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کی آرمی افسران کے ہمراہ نواحی علاقہ 16/1 آر میں پاک فوج کے شہید جوان کے گھر آمد اور فاتحہ خوانی، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے پاک فوج کے شہید جوان کے اہل خانہ سے عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے بہادر جوانوں نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور ہر مشکل کی گھڑی میں اپنے خون دے کر ملکی سالمیت اور سربلندی کی نئی تاریخ رقم کی ہے، ان بہادر جوانوں کے خون کا قوم پر قرض ہے اور پوری قوم ان بہادر سپوتوں کی بے مثل قربانی کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور قوم کے ان بیٹوں کی احسان مند رہے گی، اس موقع پر انہوں نے شہید کے بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

15 سالہ عبداللہ کا کوئی سراغ نہ مل سکا، والدہ کو غشی کے دورے

بہنوں کی وزیر اعلیٰ اور آرمی چیف سے بھائی کی بازیابی کی اپیل

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں) آسمان کھا گیا یا زمین نگل۔ پانچ بہنوں کے اکلوتے بھائی 15 سالہ عبداللہ کا کوئی سراغ نہ مل سکا، والدہ کو غشی کے دورے، بہنوں کی وزیر اعلیٰ اور آرمی چیف سے بھائی کی بازیابی کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد کے رہائشی شہزاد کا بیٹا جو کہ نشتر کالونی میں مدرسے کا طالب علم ہے۔ دو مئی سے مدرسے سے نکلا مگر نہ گھر آیا نہ ہی واپس مدرسے پہنچا ہے۔ عبداللہ کی گمشدگی کو پندرہ دن گزر چکے ہیں مگر تاحال بچے کا سراغ نہیں لگایا جا سکا۔ بتایا جاتا ہے کہ عبداللہ پانچ بہنوں کا اکلوتا بھائی ہے۔ جس کی گمشدگی کی وجہ سے سارا گھرانہ شدید غم میں مبتلا ہے۔ عبداللہ کی والدہ بار بار بیٹے کو یاد کر کے ہوش سے بیگانہ ہو جاتی ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے مگر تاحال کوئی سراغ نہیں لگ سکا۔ عبداللہ کے والدین اور بہنوں نے آئی جی پنجاب، وزیر اعلیٰ مریم نواز اور آرمی چیف سے اپیل کی ہے کہ ہمارے اکلوتے بیٹے کو بازیاب کروایا جائے۔

ایڈیشنل سیشن جج نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغواء کر کے زیادتی کرنے والے مجرم کو دو بار عمر قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغواء کر کے زیادتی کرنے والے مجرم کو دو بار عمر قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 17 ڈی ڈھاری بلوچاں کے رہائشی بجوار کی 15 سالہ بیٹی سمیرہ بی بی گھر اکیلی تھی کہ اچانک اختر علی عرف ماہی ولد فلک شیر اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ گھر میں داخل ہوئے اور سمیرہ بی بی کو زبردستی اغواء کر کے لے گئے جہاں اختر علی عرف ماہی نے اسے زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ پولیس تھانہ شیر گڑھ نے مقدمہ درج کر لیا تھا جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج رینالہ خورد شہریز اختر راجہ نے مجرم اختر علی عرف ماہی کو دو بار عمر قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔

بیرون ملک سے 11 اشتہاری انٹرپول کی مدد سے گرفتار

ملزمان اغوا، قتل، اقدام قتل ڈکیتی و دہشت گردی جیسے سنگین جرائم میں مطلوب تھے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی زیر قیادت ضلع سیالکوٹ پولیس کی شاندار کامیابی۔ انٹرپول کی مدد سے 11 خطرناک اشتہاری ملزمان مختلف ممالک سے گرفتار کر کے وطن واپس لائے گئے۔ گرفتار خطرناک ملزمان اغوا، قتل، اقدام قتل ڈکیتی اور دہشت گردی جیسے سنگین جرائم میں اشتہاری مطلوب تھے۔ پبلک ریلیشنز آفیسر سیالکوٹ کے مطابق سیالکوٹ پولیس کی یہ کارکردگی پنجاب بھر میں نمایاں ہے جو قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کے عزم کا مظہر ہے۔ مجرم چاہے جہاں بھی ہوں، قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

ڈاکٹر محمد عثمان کے گھر پر ہونے والی ڈکیتی کی واردات کے ملزمان گرفتار نہ ہونے پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر کے علاقہ آبادی شیش محل میں مقامی شہری ڈاکٹر محمد عثمان کے گھر پر ہونے والی ڈکیتی کی واردات کے ملزمان گرفتار نہ ہونے پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے گزشتہ برس یکم فروری کو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں علاج معالجہ کیلئے خدمات سرانجام دینے والے ڈاکٹر محمد عثمان کے گھر میں مسلح ڈاکوؤں نے گھس کر فیملی کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنالیا اور لاکھوں روپے نقدی و بھاری مالیت کے زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے جس کا مقدمہ تھانہ صدر پولیس نے درج کیا مگر سوا سال گزرنے کے بعد بھی نہ ملزمان گرفتار ہوئے نہ ہی متاثرہ فیملی کو مال مسروقہ کی واپسی ممکن بنائی گئی جس پر گزشتہ روز شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب پولیس سے فوری نوٹس لینے اور دادرسی کی اپیل کی ہے۔

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر دو افراد سے بھاری مقدار میں ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر دو افراد سے بھاری مقدار میں ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش بھاری مقدار میں شراب کی بوتلیں لیکر سپلائی کرنے کے لئے آ رہے ہیں جس پر ایس ایچ او انسپکٹر جہانزیب وٹو اور سب انسپکٹر حافظ محمد عباس نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے بھاٹک 1 فور ایل کے قریب کار نمبر ایل ای اے 8925 کو روک کر تلاشی لی تو کار سے ولائتی شراب کی 70 عدد بوتلیں برآمد کر کے دو ملزمان شہباز مسیح اور ارشد مسیح کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

منشیات فروشوں اور شوٹر گینگ کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے گی، ایس ایچ او کی صحافیوں سے ملاقات

نوجوانوں میں اسلحہ کلچر خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے، جو نہ صرف معاشرتی امن کے لیے خطرہ ہے بلکہ قانون کی صریح خلاف ورزی بھی ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) تھانہ شکرگڑھ کے ایس ایچ او عامر رشید نے سٹی پریس کلب کے وفد سے تعارفی نشست کے دوران کہا ہے کہ نوجوانوں میں اسلحہ کلچر خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے، جو نہ صرف معاشرتی امن کے لیے خطرہ ہے بلکہ قانون کی صریح خلاف ورزی بھی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاتفریق سخت کارروائی کی جائے گی۔ بات انہوں نے سٹی پریس کلب شکرگڑھ کے صحافیوں سے ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کا اسلحہ لیکر سرعام گھومنا قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لیے چیلنج بن چکا ہے، اور اس رجحان کے خاتمے کے لیے پولیس پوری طرح متحرک ہے۔ منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے گی۔ ایس ایچ او نے کہا کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی، اور جو بھی شخص غیر قانونی اسلحہ کی نمائش یا استعمال میں اور منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث پایا گیا، اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ صحافیوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں امن وامان کے قیام کے لیے قانون کی بالادستی ضروری ہے، اور میڈیا اس سلسلے میں پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرے گا۔

ہم پاک فوج کے ساتھ ہیں۔ ڈی ایس پی، ایس ایچ او ظفروال

ریلی ضیاء شہید چوک سے شروع ہونے والی ریلی چوک ختم نبوت پر ختم ہوئی

ظفروال (زاہد مجید سے) تفصیلات کے مطابق یوم تشکر کے موقع پر پنجاب پولیس ظفروال کی جانب سے پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ڈی ایس پی ظفروال عبدالحمید ورک، ایس ایچ او ظفروال حافظ محمد عاصم، صاحبزادہ عاصم حبیب سلہریا، علامہ سرور سلہریا، ایوب سلہریا، نسیم عباس شاہ، رضا چوہان ایڈووکیٹ، علامہ انوار الحسن موسوی اور دیگران نے خصوصی شرکت کی۔ ضیاء شہید چوک سے شروع ہونے والی ریلی چوک ختم نبوت پر ختم ہوئی۔ اس موقع پر اپنے پیغام میں مقررین نے کہا کہ ہم پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں پاک فوج اور پنجاب پولیس مل کر ارض وطن کا دفاع کریں گے۔ پاکستان کی بہادر افواج نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ صاحب زادہ عاصم حبیب سلہریا نے اپنے بیان میں کہا کہ پنجاب پولیس کا ریلی کا اہتمام قابل قدر اور احسن قدم ہے ہم عبدالحمید ورک اور حافظ عاصم کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

آگ لگنے کے واقعات سے لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی سامان جل گیا

گندم کی باقیات کو آگ لگانے سے تقریباً 2 لاکھ 20 ہزار روپے مالیت کی سولر پلیٹیں واٹر پمپ اور وائرنگ جل گئی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) آگ لگنے کے واقعات سے لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی سامان جل گیا جبکہ دو واقعات میں چوری کی وارداتیں تفصیل کے مطابق رتیاں کے قریب کھیتوں میں گندم کی باقیات کو آگ لگانے سے تقریباً 2 لاکھ 20 ہزار روپے مالیت کی سولر پلیٹیں واٹر پمپ اور وائرنگ جل گئی گندووال میں ہمسائے نے پٹرول والی بوتل میں آگ لگا کر ہمسائے کے گھر پھینک دی 1 لاکھ روپے مالیت کا سامان ترپال موٹر سائیکل چارپائی اور پانی والی ٹینکی جل کر راکھ بن گئی سدھانوالی میں عاطف کا تین لاکھ روپے مالیت کا کتا چوری ہو گیا ڈالہ واہگہ میں مستقیم کے پولٹری فارم کے جنریٹر روم سے 38 ہزار روپے مالیت کی بیٹری چوری ہو گئی جبکہ نواحی آبادی کوٹ عبدالرحمان میں حویلی کو آگ لگا دی گئی جس کے نتیجہ میں حویلی میں کھڑے دو رکشے اور فریج جل کر راکھ ہو گئی نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

اوکاڑہ پولیس کی بروقت کارروائی، 7 سالہ گمشدہ بچہ ملتان سے بحفاظت بازیاب

بچے کی گمشدگی کی اطلاع پر ڈی ایس پی سٹی تقی عباس شاہ کی نگرانی میں تھانہ بی ڈویژن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے کامیاب کارروائی کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس کی بروقت کارروائی، سات سالہ گمشدہ بچہ ملتان سے بحفاظت بازیاب، اہل خانہ خوشی سے نہال۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ پولیس نے محنت کش کے سات سالہ گمشدہ بیٹے کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے بحفاظت بازیاب کروا لیا۔ بچے کی گمشدگی کی اطلاع پر ڈی ایس پی سٹی تقی عباس شاہ کی نگرانی میں تھانہ بی ڈویژن پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے کامیاب کارروائی کی، جس کے نتیجے میں بچہ ملتان سے بازیاب کر لیا گیا۔ احمد رضا نامی سات سالہ بچہ اپنے گھر سے روزمرہ کا سامان لینے کے لیے نکلا مگر واپس نہ آیا۔ بچے کے والد کی مدعیت میں تھانہ بی ڈویژن میں گمشدگی کا مقدمہ درج کیا گیا، جس پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تحقیقاتی عمل شروع کیا۔ تفتیش کے دوران پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور دیگر ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ملتان میں بچے کی موجودگی کا سراغ لگایا۔ ڈی ایس پی سٹی کی نگرانی اور تھانہ بی ڈویژن کی ٹیم نے بروقت اور مربوط کارروائی کرتے ہوئے احمد رضا کو بحفاظت بازیاب کر لیا اور بعد ازاں قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد بچے کو اس کے ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔ بچے کی بحفاظت واپسی پر اہل خانہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ورثاء نے اوکاڑہ پولیس کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پنجاب پولیس نے ان کے دکھ کو خوشی میں بدل دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور بچوں کی گمشدگی کے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جا رہا ہے۔

کارخانہ مالک کو قتل کے مقدمہ میں ملزم کو ایڈیشنل اینڈ سیشن جج نے سزائے موت کی سزا سنا دی

وزیر آباد (نامہ نگار) کارخانہ مالک کو قتل کے مقدمہ میں ملزم کو ایڈیشنل اینڈ سیشن جج نے سزائے موت کی سزا سنادی، 11 ماہ قبل الہ آباد میں ملازم ملزم ندیم عرف دیمو نے پیسوں کے لالچ میں کارخانہ مالک حاجی محمد مالک کو تیز دھار آلے سے قتل کیا تھا جس کا مقدمہ مقتول کے بھائی محمد خالد چوہدری کی مدعیت میں درج ہوا جسمیں ملزم ندیم عرف دیمو کو نامزد کیا گیا، گزشتہ روز جرم ثابت ہونے پر ایڈیشنل اینڈ سیشن جج وزیر آباد محمد اسلم پنجوتھا نے سزائے موت کی سزا سنا دی۔ مدعی کی طرف سے مقدمہ کی پیروی معروف قانون دان ارشاد احمد چیمہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کی۔

حافظ آباد میں یوم تشکر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق و دیگر افسران نے پاک فوج کے شہداء کی قبروں پر حاضری دی

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں یوم تشکر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق و دیگر افسران نے پاک فوج کے شہداء کی قبروں پر حاضری دی۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور انکے ایصال وثواب کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے قبرستان علی ٹاؤن میں پاک فوج کے شہید فیاض حسین شاہ اور قبرستان ریلوے لائن میں محمد عثمان شہید کی قبروں پر حاضری دی۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات بھی کی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ملک وقوم کی حفاظت کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک فوج کے شہداء قوم کے ہیرو ہیں۔ ہم ان کی لازوال قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ انکا کہنا تھا کہ آپریشن بنیان مرصوص افواج پاکستان نے جس جرات و بہادری اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دشمن بھارت کو منہ توڑ جواب دیا۔ پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ ہے اور اپنے وطن کی سرحدوں کی حفاظت کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے۔ علاوہ ازیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے افواج پاکستان سے یکجہتی، معرکہ حق اور یوم تشکر کے سلسلہ میں ریلی نکالی گئی۔

پوری پاکستانی قوم کی طرح ایف ڈی اے کے زیر اہتمام بھی یوم تشکر جوش وجذبے سے منایا گیا

اس سلسلے میں مختلف ایونٹس کے دوران افواج پاکستان کی مایہ ناز صلاحیتوں کو زبردست انداز میں خراجِ تحسین اور شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیا گیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) معرکہ حق میں افواج پاکستان کی شاندار کامیابی پر پوری پاکستانی قوم کی طرح ایف ڈی اے کے زیر اہتمام بھی یوم تشکر جوش و جذبے سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں مختلف ایونٹس کے دوران افواج پاکستان کی مایہ ناز صلاحیتوں کو زبردست انداز میں خراج تحسین اور شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیا گیا۔ یوم تشکر پر ایف ڈی اے کمپلیکس پر پاکستانی پرچم لہرایا گیا اور افواج پاکستان کے افسروں و جوانوں کے جذبہ تحفظ وطن کے شکریے اور ان کی فتح و نصرت پر اظہار تشکر کے لئے سٹیمرز و بینرز آویزاں کئے گئے۔ آپریشن بنیان مرصوص میں عظیم فتح پر اظہار تشکر کے لئے ایف ڈی اے کمپلیکس کی مسجد میں دعائیہ تقریب منعقد ہوئی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور سجدہ شکر ادا کرتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا گیا کہ اللہ کریم نے اپنے خاص فضل و کرم، پاکستانی قوم کی دعاؤں اور مثالی اتحاد کی بدولت فتح و نصرت سے سرفراز کیا۔ افواج پاکستان اور ائرفورس کے باہمت و باصلاحیت شاہینوں نے اس معرکہ حق میں بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور اب دشمن اپنے زخم چاٹنے پر مجبور ہے۔ یوم تشکر کے موقع پر جمعتہ المبارک کے خطبہ میں سرحدوں کی حفاظت کے لئے افواج پاکستان کی بہترین جنگی حکمت عملی کو سراہتے ہوئے جذبہ ایمانی اور دین اسلام میں شہادت کے رتبے و عظمت کو اجاگر کیا گیا۔ خطیب جامع مسجد ایف ڈی اے نے جہاد فی سبیل اللہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہماری پاک فوج کے افسروں و جوانوں میں وطن عزیز کی حفاظت اور دین اسلام کی سربلندی کی خاطر شہادت کا جذبہ ان کی عمدہ کارکردگی و کامیابی کا مظہر ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے اپنے بیان میں افواج پاکستان کی عسکری صلاحیتوں کو زبردست انداز میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے جذبہ ایمانی اور تحفظ وطن کے عزم کو سلام پیش کیا۔ انہوں نے کہا معرکہ حق میں بھارت کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص میں عظیم فتح پر پوری قوم اللہ تعالیٰ کے حضور سر بسجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان دنیا کی ایک منظم و بہادر اور قابل فخر عسکری قوت ہے۔ جس نے اس معرکہ حق میں شاندار فتح و نصرت نے اقوام عالم میں پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور اب پاکستان کا ازلی دشمن بھارت کسی بھی جارحیت یا گھناؤنی سازش کا ارتکاب کرنے سے سو بار سوچے گا جس کو حالیہ جارحیت کا دنداں شکن جواب ملا ہے۔

فتح کے بعد کی فکری جنگ

تحریر: عبدالرزاق سید

حالیہ پاک بھارت جنگ میں افواجِ پاکستان کی شاندار کامیابی نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ دشمن کی جانب سے کی گئی جارحیت کو جس جرات، حکمت اور ایمانی جذبے کے ساتھ پسپا کیا گیا، وہ عسکری تاریخ کا ایک روشن باب بن چکا ہے۔ میدانِ جنگ میں فتح تو حاصل ہو گئی، مگر اب اصل امتحان شروع ہوتا ہے۔ ملک و قوم کو پائیدار امن، ترقی اور استحکام کی راہ پر ڈالنے کا۔

ہمارے سپاہی، افسر، فضائی و بحری جوانوں نے دشمن کی پیش قدمی کو جس بہادری سے روکا، اس پر ہر پاکستانی کا دل مطمئن ہے۔ لیکن کیا یہی کافی ہے؟ کیا ہم صرف وقتی فتوحات پر جشن مناتے رہیں گے یا اس موقع کو قوم سازی کے لیے استعمال کریں گے؟

فتح کے بعد ہمیں چند تلخ حقائق کا سامنا بھی کرنا ہوگا۔ جنگ نے ہمیں ایک بار پھر باور کرا دیا ہے کہ طاقت کے توازن کو برقرار رکھنا ناگزیر ہے، مگر اس کے لیے صرف اسلحہ کافی نہیں ہمیں اقتصادی، تعلیمی، سائنسی اور سفارتی میدانوں میں بھی وہی برتری حاصل کرنا ہوگی جو ہم نے جنگی محاذ پر دکھائی۔

ہمیں سوچنا ہے کہ جنگی فضا نے ہماری معیشت پر کیا اثر ڈالا؟ کتنے وسائل استعمال ہوئے؟ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جنگ کے بعد کیا ہم اس فضا کو امن اور استحکام میں بدلنے کی حکمت عملی رکھتے ہیں؟

اس جنگ نے ہمیں قومی اتحاد کا نیا موقع فراہم کیا ہے۔ سویلین اور عسکری قیادت ایک صفحے پر ہے، عوام کا جذبہ بیدار ہے، اور دنیا ہماری خودداری کی معترف ہو چکی ہے۔ اب وقت ہے کہ ہم اپنے داخلی محاذوں کو بھی اتنا ہی مضبوط کریں جتنا ہم نے سرحدوں کو کیا ہے۔

اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہم اس موقع سے فائدہ اٹھا کر اپنے قومی بیانیے کو مضبوط کریں گے؟ یا ایک بار پھر فتح کے ہنگامے میں اصل اصلاحات کو پس پشت ڈال دیں گے؟

تاریخ یاد رکھتی ہے کہ قومیں صرف جنگ جیتنے سے نہیں، بلکہ جنگ کے بعد کی دانشمندانہ پالیسیوں سے ترقی کرتی ہیں۔ اگر ہم نے اپنی اندرونی صفوں کو درست کر لیا، تو یہ فتح ایک نئے پاکستان کی بنیاد بن سکتی ہے۔

”قوت“ کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

اظہار لاتعلقی

تمام سرکاری اور غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمائیں علی حفیظ باجوہ اور عبداللہ باجوہ کا اشفاق احمد سے کوئی تعلق نہیں ان کے کسی قسم کے قول وفعل کے ذمہ دار نہیں ہوں گے

اشفاق احمد چیف ایگزیکٹو الاحمد گارڈن

بقیہ بقیہ جات 1

دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ بھارت کی جارحیت کی وجہ سے خطے میں امن کی صورتحال میں بگاڑ پیدا ہوئی، مسلح افواج نے پاکستان کی سلیت اور خودمختاری کے لیے جوابی کارروائی کی اور آپریشن بنیان مرصوص کا انعقاد کیا، ہمارے جواب کے پیچھے محرکات سب کے سامنے واضح تھے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان بھارت کے درمیان سیز فائر کا معاہدہ خوش آئند ہے، پاکستان دونوں ممالک کے درمیان سیز فائر کے معاہدے کی خیر مقدم کرتا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ جنگ بندی بہت سارے دوست ممالک کی کوششوں سے کامیاب ہوئی، پاکستان امید کرتا ہے کہ بھارت اس سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ شفقت علی خان نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کی جارحیت سے متعلق اپنے تمام دوست ممالک کو آگاہ کیا، پاکستان ایک پرامن اور امن پسند ملک ہے، ہماری امن سے محبت کو ہماری کمزوری ہرگز نہ سمجھا جائے، پاک بھارت جنگ بندی خطے میں امن کے لیے ضروری تھا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاک بھارت جنگ بندی پر امریکی صدر اور ثالثی میں کردار ادا کرنے والے ممالک کا شکریہ کرتے ہیں، ہم نے جموں وکشمیر پر امریکی صدر کے حالیہ بیان کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ڈی جی ایم آوز کی ملاقاتوں میں بھی جنگ بندی اور امن پر زور دیا گیا جبکہ پاکستان نے امن کی خاطر گرفتار بھارتی فوجی اہلکار واپس کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ہم عالمی برادری سے پھر کہتے ہیں کہ بھارت کو کسی بھی جارحیت سے روکا جائے، پاکستانی مسلح افواج ہمیشہ تیار ہیں اور کسی بھی جارحیت کا جواب دیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ مذاکرات اور امن کی بحالی پر یقین رکھتا ہے، پاکستان مذاکرات کے ذریعے مقبوضہ کشمیر سمیت تمام معاملات کا حل چاہتا ہے، ہم مل جل کر رہنے پر یقین رکھتے ہیں، جموں وکشمیر کے مسئلے کا حل اس خطے کے پرامن مستقبل کے لیے ضروری ہے۔ شفقت علی خان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پاک بھارت جھڑپوں میں جوہری تابکاری کے حوالے سے بھارتی رپورٹس بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاک بھارت جنگ بندی اس وقت قائم ہے، دونوں ڈی جی ایم اوز مرحلہ وار تناؤ میں کمی کے طریقہ کار پر کام کر رہے ہیں اور 10 مئی سے وقتاً فوقتاً رابطے میں ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ چین کی جانب سے اروناچل پردیش پر کیے گئے اقدامات کی رپورٹس دیکھی ہیں، ہم چین کی خودمختاری اور سلیت کی حمایت کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی پر بات چیت سے ہچکچاتا نہیں ہے، پاکستان خود دہشت گردی کا شکار ہے، ہم دہشت گردی کے مسئلے کا خاتمہ چاہتے ہیں جبکہ بھارت خود دہشت گردی کی پشت پناہی کرتا ہے اور ریاستی دہشت گردوں کی سرپرستی کرتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی اور دہشت گردوں کی سرپرستی کے شواہد موجود ہیں، پاکستان نے پہلگام واقعے کی مذمت کی ہے تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ بھارت نے بھی پاکستان میں دہشتگردی کی مذمت نہیں کی۔ شفقت علی خان نے واضح کیا کہ جب بھی باہمی مذاکرات ہوں گے، کشمیر پر بات چیت ہوگی، جموں وکشمیر اقوام متحدہ قراردادوں کی روشنی میں ایک متنازع و حل طلب مسئلہ ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ افغانستان ایک خودمختار اور آزاد ملک ہے، دوسرے ممالک سے تعلقات اس کا حق ہے، ہم اس کے دیگر ممالک سے تعلقات پر بات نہیں کرتے۔

بقیہ بقیہ جات 2

درمیانی شب بھارت نے بزدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر حملہ کر دیا جس کے نتیجہ میں معصوم اور

کیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

سرحدوں پر، میدان جنگ میں یا پس پردہ دشمن کے خلاف ڈٹ کر کھڑا ہے۔ یہ نغمہ آئی ایس پی آر کے آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جذبات انگیز کیپشن کے ساتھ جاری کیا گیا ہے، جس میں قوم کو پیغام دیا گیا کہ وہ ثابت قدمی، قربانی اور مادر وطن سے وفا کے جذبے کو برقرار رکھے۔ نغمے کا مقصد قوم کے اندر اتحاد، ہمت، اور قومی وقار کا شعور اجاگر کرنا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یلغار ہے صرف ایک نغمہ نہیں بلکہ ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے اس میں ہر سپاہی کے عزم اور قربانی کو سراہا گیا ہے۔ نغمے کے بول نہایت جذبہ انگیز اور روح کو جھنجھوڑ دینے والے ہیں جبکہ اس کی ویڈیو میں فوجی آپریشنز، قومی پرچم، شہداء کی تصاویر اور عوامی یکجہتی کے مناظر کو نہایت خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

بے بنیاد قرار دے دیا۔ بھارتی ٹی وی پروگرام میں صحافی کے سوال پر فیئر نے صاف الفاظ میں کہا کہ بھارتی ایئر فورس کا دعویٰ غیر مصدقہ ہے اور اس کی کوئی عالمی سطح پر تصدیق نہیں ہوئی۔ انہوں نے بھارتی میڈیا کی اس رپورٹ کو بھی رد کر دیا جس میں کہا گیا تھا کہ بھارت نے پاکستان کی 20 فیصد ایئرفیلڈز کو نقصان پہنچایا ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے دعویٰ کیا ہے کہ پاک فضائیہ نے بھارت کے 5 نہیں بلکہ 6 جنگی طیارے مار گرائے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جو بھی ہماری خودمختاری کو چیلنج کرے گا، اس کا جواب بے رحم اور فیصلہ کن ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 6

مرصوص کی کامیابی پر یوم تشکر منایا گیا۔ صدر زرداری نے کہا کہ قوم دشمن کی جارحیت کے خلاف بنیان مرصوص کی مانند کھڑی رہی اور مسلح افواج نے بھارتی اشتعال انگیزی کا پیشہ ورانہ انداز اور قوت سے جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا نے پاکستان کے صبر وتحمل کا اعتراف کیا، ہماری آپریشنل مہارت کو تسلیم کیا گیا اور پاکستان پرامن ملک ہے کسی کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری، جغرافیائی سلیت پر سمجھوتہ نہیں کرے گا، ہماری سرزمین کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کو مسترد کرتے ہیں اور معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی کوئی شق موجود نہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے قومی طاقت کے تمام ذرائع بروئے کار لائے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ ان بہادر سپاہیوں کو سلام جنہوں نے جانوں کا نذرانہ دے کر وطن عزیز کا دفاع کیا، بطور صدر یہ اعادہ کرتا ہوں کہ ہم ہمیشہ اپنی افواج کے شانہ بشانہ رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

عثمان یوسف شہید کے گھر جا کر ان کے والد اور دیگر لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ صدر مملکت نے شہید کی وطن کیلئے خدمات اور دفاع وطن میں جان کا نذرانہ پیش کرنے پر قوم کی جانب سے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں اپنے بہادر جوانوں کی قربانیوں پر فخر ہے، پوری قوم، اپنے سپاہیوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، ہم اپنے شہدا اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کے ہمیشہ معترف رہیں گے۔ صدر مملکت نے شہید کیلئے فاتحہ خوانی اور بلندی درجات کی دعا کرتے ہوئے لواحقین کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا اور انہیں صبر جمیل کی دعا دی۔

بقیہ بقیہ جات 8

تک بڑھانے اور نئے ٹیکس سلیب میں شرح 10، 25، 33 اور 35 فیصد کرنے کی تجاویز دیں، آئی ایم ایف کی نظر میں اس سے محصولات پر خاطر خواہ اثر پڑے گا، ایک علیحدہ سیشن میں تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس بوجھ میں کمی کے حوالے سے ایف بی آر کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے حکام پر زور دیا کہ وہ زمینی حقائق سے متعلق دلائل یا لیفر کرو ٹیکس تھیوری پر انحصار کے بجائے اپنے ماہرین سے رائے لیں۔ ذرائع نے بتایا کہ بجٹ منظوری کیلئے وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب کیساتھ اجلاس میں سبکدوش آئی ایم ایف مشن چیف ناتھن پورٹر نے فوکس چار شعبوں تک محدود کیا، اس میں اولین 14.307 ٹریلین ٹیکس ہدف کیلئے اقدامات اور آئینی سکیم متاثر کیے بغیر این ایف سی ایوارڈ کے تحت مالی وسائل کی تقسیم میں توازن پیدا کرنا ہے، باقی دو شعبے ڈاؤن سائزنگ سے بچت اور اگلے مالی سال کی نگہداری ایجنڈہ ہوں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت کے پاس ریئل سٹیٹ سیکٹر کو قابل ذکر ریلیف دینے کی خاطر خواہ مالی گنجائش نہیں، پیکٹ والے دودھ پر سیلز ٹیکس میں کمی پر بھی بات چیت ہوگی، تاہم اس پر تاحال کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 9

پاک امریکا تجارتی معاملات کے خدوخال واضح ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے کانگریس سے خطاب میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا شکریہ ادا کیا، پاکستان کے جوہری اثاثے مکمل محفوظ ہیں جس کا اعتراف امریکا نے بھی کیا۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ جوہری مواد سے متعلق بھارت کا رویہ قابل تشویش رہا ہے، بھارت نے پہلگام واقعے کے بعد انتہائی غیر ذمہ دارانہ رویے کا

کئی ڈگری زیادہ ریکارڈ کیا گیا، محکمہ موسمیات نے آئندہ چند دنوں میں موسم میں مزید شدت آنے کی پیش گوئی کر دی جبکہ متعلقہ ادارے شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایات جاری کر چکے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بالائی و میدانی علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے 5 سے 7 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے، جو کہ ہیٹ ویو کی سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔ گزشتہ روز سندھ کے علاقے دادو اور بلوچستان کے تربت میں درجہ حرارت 48 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا، جو رواں سال کا اب تک کا بلند ترین درجہ حرارت شمار کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح ڈیرہ غازی خان میں پارہ 47 ڈگری، بھکر، بہاولنگر، رحیم یار خان اور نوکنڈی جیسے شہروں میں 46 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ پنجاب میں بھی سورج نے گویا آگ برسانا شروع کر دیا۔ لاہور سمیت صوبے کے کئی علاقوں میں گرم اور خشک موسم کا راج ہے۔ لاہور میں درجہ حرارت کم سے کم 28 اور زیادہ سے زیادہ 43 ڈگری تک پہنچنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ اگلے 2 سے 3 روز تک موسم میں کسی قسم کی بارش کی کوئی امید نہیں ہے۔ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صوبے بھر میں ہیٹ ویو الرٹ جاری کر رکھا ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق 19 مئی تک پنجاب کے میدانی اور شہری علاقوں میں درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے کا خدشہ موجود ہے، جو انسانی صحت کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔ موسمیات اور طبی ماہرین نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ دوپہر کے وقت غیر ضروری طور پر باہر نہ نکلیں، سر کو ڈھانپ کر رکھیں اور پانی و دیگر مشروبات کا زیادہ استعمال کریں تا کہ جسم میں نمی کی کمی نہ ہو۔ محکمہ موسمیات نے پہلے ہی تنبیہ کر دی کہ 20 مئی تک ملک کے بیشتر علاقوں میں ہیٹ ویو کی شدت برقرار رہے گی، اس لیے عوام کو موسم کی شدت سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہماری فوج اور ایئر فورس نے بھارت کو چاروں شانے چت کر دیا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ بھارت کے خلاف جنگ میں کامیابی پر پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے آتش بازی کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب میں سابق وزیراعظم نے افواج پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ "ہماری بہادر افواج نے وطن کے دفاع میں جو کامیابیاں حاصل کی ہیں، وہ قابل فخر ہیں۔ پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نشان حیدر کیپٹن سرور شہید جیسے عظیم سپوت ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، جنہوں نے وطن کی خاطر جان کا نذرانہ دے کر تاریخ رقم کی۔ تقریب میں مقامی سیاسی وسماجی رہنماؤں سمیت شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

جانے کا سلسلہ جاری رہے گا، افواج کو نارمل سطح پر لے جانے کے بعد مذاکرات کا مرحلہ ہوگا۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ طے ہوا تھا کہ دونوں ملکوں کی نیوٹرل مقام پر ملاقات ہوگی، یہ طے ہونا ہے کہ وہ نیوٹرل مقام کون سا ہوگا، پاک بھارت ڈی جی ایم اوز کی اگلی گفتگو 18 مئی کو ہوگی۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے سے یک طرفہ طور پر کوئی نہیں نکل سکتا، جنگ بھارت نے شروع کی تھی ہم نے نہیں، ہم نے بھارت کے صرف پے لوڈ گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے بھی کنفرم کیا کہ پاکستان کا کوئی ایف 16 نہ بھارت گیا اور نہ گرا ہے، ہمارا صبر تب ختم ہوا جب 9 مئی کو بھارت نے نور خان ایئربیس اور دیگر مقامات پر حملہ کیا۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ ہم نے پہلے ہی کہا تھا کہ جب حملہ کریں گے تو چھپائیں گے نہیں، 10 مئی کو صبح سوا 8 بجے مارکو روبیو کا فون آیا کہ بھارت جنگ بندی پر تیار ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے روبیو کو کہا کہ ہم نے جنگ شروع نہیں کی، مارکو روبیو نے کہا کہ میں دوبارہ جے شنکر سے بات کرتا ہوں، سعودی وزیر خارجہ نے بھی کہا کہ اگر آپ کنفرم کرتے ہیں تو میں بھی جے شنکر سے بات کرتا ہوں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ طے ہوا کہ 12 بجے ڈی جی ایم اوز کی ہاٹ لائن کو فعال کیا جائے گا، اطلاع آئی کہ ہاٹ لائن میں ان کی طرف شاید کوئی فنی خرابی ہے، 3 سے 4 بجے کے دوران بات ہوئی جس کے بعد سیز فائر ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 17

میچنگ ٹیسٹ کا فائدہ ملزم اور پراسیکیوشن دونوں کو ہوسکتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے جج منظر علی گل نے 9 مئی کے حوالے سے سابق وزیراعظم عمران خان پر لاہور کے مقدمات میں پولی گراف، فوٹوگرامیٹک اور وائس میچنگ ٹیسٹ کے لیے اجازت دینے کے 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر کو 26 مئی تک پولی گرافک، فوٹو گرامیٹک اور وائس میچنگ ٹیسٹ مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے تحریری فیصلے میں کہا کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل متعلقہ ٹیموں کے لیے جیل میں ہی تمام تر انتظامات کرے، پولی گرافک اور وائس میچنگ ٹیسٹ کا فائدہ ملزم اور پراسیکیوشن دونوں کو ہوسکتا ہے، بانی پی ٹی آئی کے الزامات کی سچائی جاننے کے لیے یہ ٹیسٹ مددگار ثابت ہوگا۔ یہ ٹیسٹ

کرتے ہوئے صدارتی ایئرپورٹ تک ہمراہ ہونے کی اجازت طلب کی اور متحدہ عرب امارات کی جانب سے صدر ٹرمپ کو خوش آمدید کہا۔

بقیہ بقیہ جات 20

کی جانب سے جاری کردہ فہرست کے مطابق اب تک چار امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے ہیں۔ ان امیدواروں میں عبدالکریم، خدیجہ صدیقی، اعجاز حسن اور عبدالستار شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے ذرائع کے مطابق اس نشست پر انتخاب 29 مئی کو پنجاب اسمبلی میں ہوگا۔ عبوری فہرست کے بعد جانچ پڑتال، اعتراضات اور حتمی امیدواروں کا اعلان مقررہ شیڈول کے تحت کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ نشست پروفیسر ساجد میر کی وفات کے باعث خالی ہوئی تھی۔ الیکشن کمیشن نے انتخابی شیڈول کے مطابق تمام تر انتظامات مکمل کرنے کی تیاری شروع کر دی ہے جبکہ عبوری فہرست کے بعد اعتراضات اور حتمی امیدواروں کا اعلان مقررہ تاریخ پر کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 21

جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی وزارت خارجہ نے گزشتہ روز جاری بیان میں کہا ہے کہ خان یونس میں اسرائیلی قابض فورسز کی جانب سے کی جانے والی فوجی کارروائی کے نتیجے میں درجنوں فلسطینی شہید اور زخمی ہوئے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے برادر فلسطینی عوام پر کئے جانے والے مظالم کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ مملکت نے فلسطینیوں کی نسل کشی کے اسرائیلی جرائم کو یکسر طور پر مسترد کرتے ہوئے فوری جنگ بندی کے اپنے مطالبے کا اعادہ کیا اور اسرائیلی قابض افواج کو عالمی اور انسانی ضوابط وقوانین کی مسلسل خلاف ورزی کا مکمل ذمہ دار قرار دینے پر زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

صدر شیخ محمد بن زاید سے ملاقات کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ اور امارات کے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ امریکہ اور امارات کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے صدر کی وائٹ ہاؤس میں میزبانی کی خواہش کا بھی اظہار کر دیا۔ دونوں صدور نے یو اے ای کے دارالحکومت ابوظہبی کے قصر الوطن میں ملاقات کی۔ شیخ محمد بن زاید نے خطے میں امن اور استحکام کے حصول کے لیے امریکہ کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کے اپنے ملک کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ان کا ملک اپنے اور امریکہ کے مفاد میں امریکہ کے ساتھ دوستی کو مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ شیخ محمد بن زاید نے کہا کہ آپ کے منصب سنبھالنے کے بعد سے ہمارے ممالک کے درمیان تعلقات میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ شیخ محمد بن زاید نے ابوظہبی کے الوطن محل میں اپنے امریکی ہم منصب ڈونلڈ ٹرمپ کا استقبال کرتے ہوئے اعلان کیا کہ ان کا ملک اگلے دس سالوں میں امریکہ میں تقریباً 1.4 ٹریلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ شیخ محمد بن زاید نے کہ امارات اور امریکہ کے درمیان ترقی کے لیے ایک مضبوط شراکت داری ہے۔ اس شراکت داری میں خاص طور پر نئی معیشت، توانائی، جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور صنعت کے شعبوں میں ایک بے مثال اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

دیا گیا، لوگ کھڈوں میں گر کر زخمی ہو رہے ہیں، لوگوں کے برے حالات ہیں اور کاروبار تباہ ہو گئے ہیں۔ ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اسموگ تدارک کے لیے شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی۔ جوڈیشل واٹر کمیشن نے لاہور کے مختلف علاقوں سے زیر زمین پانی کی سطح سے متعلق رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق ایف سی کالج کے پاس پانی کا لیول 2022ء میں 41 فیصد تھا، جو دسمبر 2024ء میں کم ہو کر 40 فیصد پر آ گیا ہے۔ عدالت نے پنجاب بھر کے ڈپٹی کمشنرز کو پانی کے بچاؤ کے لیے مراسلہ جاری کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ہدایت کی کہ محکمہ ماحولیات فوری طور پر ڈپٹی کمشنرز کو مراسلہ جاری کرے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ پانی کے پائپوں سے پانی کا چھڑکاؤ بند ہونا چاہیے تھا۔ جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ واسا نے بغیر جامع منصوبہ بندی کے سارے شہر میں ترقیاتی کاموں کے نام پر شہر کو کھود دیا ہے، جس سے لوگوں کے کاروبار تباہ ہو رہے ہیں، کھدائی کے مقامات پر کوئی کام نہیں ہو رہا۔ جن علاقوں کو کھود کر چھوڑا گیا ہے وہاں ایئر کوالٹی بھی خراب ہے، لوگ گھروں میں سانس پتہ نہیں کیسے لے رہے، واسا کے متعلق کیس کو پیر کے روز سنیں گے۔ جسٹس شاہد کریم نے واسا لاہور پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ واسا لاہور کیا کام کر رہا ہے، کوئی فکر ہی نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

یروشلم اور وسطی قابض اسرائیل کے متعدد علاقوں میں سائرن بجنے لگے، جس سے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔ فوجی بیان کے مطابق قابض اسرائیل کے مختلف علاقوں میں سائرن بجنے کے بعد ایک میزائل کو فضا میں کامیابی سے روکا گیا، جو یمن سے داغا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 25

حاصل کرنے پر کاربند رہا جائے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ نے تجویز دی ہے کہ عدالتوں میں پھنسے ٹیکس کیسز کو جلد کلیئر کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 27

گفتگو کرتے ہوئے ملیحہ لودھی نے کہا کہ صدر ٹرمپ کا دورہ انتہائی اہم تھا، بظاہر ان کا دورہ میگا ڈیلز پر مبنی تھا، روز لگتا ہے ٹرمپ اپنے ملک کی خارجہ پالیسی نئے سرے سے لکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے حوثیوں سے جنگ بندی کا معاہدہ کیا، انہوں نے سعودی عرب میں کہا کہ ایران سے نیوکلیئر ڈیل کے بہت قریب پہنچ گئے ہیں، شام کے صدر کی ٹرمپ سے ملاقات ہوئی، امریکی صدر نے شام پر پابندیاں ختم کر دیں۔ سابق سفیر نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی نہیں ہوئی، اس پر افسوس ہے، وہاں قحط کی صورتحال ہے، صدر ٹرمپ نے ابھی تک اسرائیل کو نہیں روکا، اسرائیل غزہ میں بمباری کیے جا رہا ہے۔ ملیحہ لودھی نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی کوشش رہی ہے کہ خلیجی ممالک کو چین سے دور کریں۔

بقیہ بقیہ جات 28

کاروں سے ملاقاتیں ہوئیں، دنیا پاکستان کے مائیکرو اکنامک استحکام سے مطمئن ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کا پہلا سکوک بانڈ لانچ کر رہے ہیں، بجٹ پر کام جاری ہے، اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت ہو رہی ہے، وہ بجٹ تجاویز پیش کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کیلئے ماحولیاتی تبدیلی ایک خطرہ بن چکی ہے، ماحولیاتی اثرات سے نمٹنے کے لیے فنانسنگ پر کام جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

ہے کہ سلمان اکرم راجہ کہتے ہیں ہم عدالتوں میں دروازہ کھٹکھٹانے آتے ہیں۔ جاری بیان میں شاندانہ گلزار نے کہا کہ ہم دروازہ کھٹکھٹانے والوں میں سے نہیں، دروازہ توڑنے والوں میں سے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ جو ناانصافی کرے گا، عوام ان کے گھروں میں گھسے گی۔

بقیہ بقیہ جات 30

قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ فجر کے بعد مساجد میں قرآن خوانی اور دعاؤں کا اہتمام کیا گیا جبکہ صوبائی دارالحکومت میں 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ سرکاری دفاتر اور عوامی مقامات پر فجر کے بعد پرچم کشائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ خطبہ جمعہ میں قربانی، وحدت اور تشکر پر روشنی ڈالی گئی۔ مشیر اطلاعات کہا کہ شہداء کے اہلخانہ سے ملاقاتیں اور قبروں پر پھول چڑھائے گئے جبکہ قومی ہیروز کے مزارات پر حاضری، خراج تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

اہلکاروں پر تشدد کیس میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اور رکن پنجاب اسمبلی شعیب صدیقی سمیت دیگر ملزمان کو بری کر دیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے اہلکاروں پر تشدد کے مقدمہ کی سماعت کی۔ تھانہ چوہنگ پولیس نے عبدالعلیم خان اور شعیب صدیقی سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ ملزمان پر روڈا کی 55 کنال سرکاری اراضی پارک ویو میں شامل کرنے کا الزام تھا۔

بقیہ بقیہ جات 32

اسکیم کے پہلے مرحلے کی کامیاب تکمیل کے بعد دوسرے مرحلے کی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پہلے مرحلے میں 11 قرب کی خطیر رقم تقسیم کی گئی۔ اسکیم کے تحت پانچ تا بیس نر جانور کٹڑے، بچھڑے رکھنے والے مویشی پال کسانوں کے لئے 135000 سے 54000 روپے تک چھ ماہ کی مدت کے لئے بلاسود قرضہ جات کی سہولت دی گئی۔ اس کے علاوہ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے ہر تحصیل کے رجسٹرڈ ڈیلرز سے ونڈا، سائلج اور منرل مکسچر خریدا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

نے کہا کہ وہ تنازعات کو ہوا نہیں دینا چاہتے بلکہ ان کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ ٹرمپ کا مزید کہنا تھا ایک صدر کی حیثیت سے میری اولین ترجیح تنازعات کا خاتمہ ہے نہ کہ انھیں بھڑکانا ... تاہم، اگر ضرورت پڑی تو میں امریکہ یا اس کے اتحادیوں کے دفاع کے لیے امریکی طاقت کے استعمال میں ہرگز نہیں ہچکچاؤں گا۔ امریکی فوج کی طاقت کے حوالے سے ٹرمپ نے کہا کہ ہماری قوت تباہ کن اور فیصلہ کن ہے، اور ہمارے فوجی تہذیب کے دشمنوں کے خلاف برسر پیکار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ان کا ملک اپنی حفاظت کے لیے گولڈن ڈوم بنانا چاہتا ہے، یہ منصوبہ اربوں ڈالر کی لاگت کا حامل ہوگا۔ ٹرمپ نے بتایا کہ امریکی فضائیہ کو جلد ہی F-47 ماڈل کا نیا لڑاکا طیارہ فراہم کیا جائے گا، اور ان کا ملک سکستھ جنریشن کا جنگی طیارہ بھی تیار کرے گا۔ انہوں نے اس بات کی طرف بھی اشارہ کیا کہ امریکی افواج نے صرف دو ہفتوں کے اندر دہشت گرد تنظیم داعش کو شکست دی، اور پچھلے ہفتے انہوں نے بھارت اور پاکستان کے درمیان پیدا ہونے والے بحران کو ختم کیا۔ افغانستان کے حوالے سے ٹرمپ نے کہا کہ ہم افغانستان میں موجود بگرام فضائی اڈا برقرار رکھیں گے اور اسے ہرگز ترک نہیں کریں گے۔ ساتھ ہی انہوں نے افغانستان سے امریکی انخلا کو امریکہ کی تاریخ کا سب سے زیادہ شرم ناک لمحہ قرار دیا۔ اپنے خلیجی دورے کے بارے میں بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا میں اپنے خلیجی شراکت داروں کے ساتھ ایک

پیش کیا۔ شرکاء نے وطن سے والہانہ عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ دشمن کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں، غیور قبائلی عوام اپنی درخشاں روایات کے مطابق مستقبل میں بھی افواج پاکستان کا ہمیشہ ساتھ دیں گے۔ شرکاء نے اس خوشی کے موقع پر پورے شمالی وزیرستان میں افواج پاکستان کی کامیابی پر جشن منایا اور خصوصی ریلیوں کا اعلان کیا۔ اسوہ بوائز سکول سکردو کے طلبہ نے افواج پاکستان کی شاندار فتح پر خوبصورت نغمے کی صورت میں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ نغمے کے بول ”میرے وطن یہ عقیدتیں وطن پر قربان“ کے ذریعے طلبہ نے افواج پاکستان سے والہانہ عقیدت اور محبت کا اظہار کیا۔ طلبہ نے اس موقع پر کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

فضا پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی دن کا آغاز نماز فجر کے بعد مساجد میں دعائیہ تقریبات سے ہوا جن میں شہداوطن کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کی گئی۔ اور پرچم کشائی و گن سلوٹ کی تقریب کے بعد یوم تشکر ریلی نکالی گئی جس نے پی اے ایف مصحف بیس گیٹ پر افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔ اور شہدا کی قبروں پر حاضری دیتے ہوئے ان کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اس موقع پر یوم تشکر سیمینار اور تقریبات میں علما و مقررین نے افواج کو برداشت الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پوری قوم دفاع وطن میں افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہیا اور ملک دشمن کی ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 39

پر منقسم ہے کہ غزہ میں موجود قیدیوں کو رہا کرانا ضروری ہے یا نہیں، اور اس موضوع پر ایک گہرا اختلاف موجود ہے کہ آیا کسی باقاعدہ مذاکراتی تصفیے تک پہنچنا چاہیے یا نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

اپنے دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، ہر محاذ پر پاکستان نے اپنی برتری منوا دی ہے، دنیا پاکستان کی عسکری مہارت اور دفاعی حکمت عملی کا اعتراف کر رہی ہے، وطن کے تحفظ میں اتحاد، حوصلہ اور ایثار ہماری اصل طاقت ہیں۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ ورانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں موثر اور بھرپور جواب دے کر عسکری تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا ہے اور دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا ہے۔ دشمن کے فوجی اڈے، اسلحہ کے انبار اور ایئر بیسز دیکھتے ہی دیکھتے سب کھنڈرات بن گئے۔ ان کے رافیل ہمارے شاہینوں کے نشانے پر آئے اور اللہ کے فضل سے ناکام ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 41

خصوصی طور پر سراہا گیا۔ سی پی او راولپنڈی نے افسران کو تعریفی اسناد کے ساتھ ساتھ نقد انعامات بھی دیے اور کہا کہ جرائم کے خلاف مؤثر اور منظم کارروائیاں عوام کے اعتماد کا باعث بنتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پولیس افسران آئندہ بھی اسی جذبے اور ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کے سپہ سالاروں اور جوانوں نے آپریشن بنیان مرصوص میں بہادری کی نئی مثال قائم کی، معرکہ حق و باطل میں جانیں قربان کرنے والے ہی اصل ہیرو ہیں، پاکستان کی کامیابی اور اللہ کی مدد پر ہم خوشی اور شکر گزاری کا اظہار کرتے ہیں، اور امید رکھتے ہیں کہ اللہ کی نصرت ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 43

انہوں نے برکی روڈ پر بنگالی گاؤں میں معرکہ حق میں تاریخی کامیابی پر یوم تشکر کی مناسبت سے قرآن خوانی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین عشرہ زکوۃ کمیٹی عبدالمجید اعوان، سماجی رہنما حاجی غلام حسین، چوہدری عتیق الرحمٰن، علامہ غلام رسول، مفتی محمود جامعہ صدیقیہ، چوہدری بشارت اعوان، ملک اعجاز حسین، چوہدری عمران بلا، چوہدری شکر اللہ خان سمیت علاقہ کے کثیر تعداد میں معززین بھی موجود تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنیان مرصوص آپریشن ہماری قومی خودمختاری کی علامت کے طور پر ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، آپریشن بنیان مرصوص نے ثابت کر دیا کہ ہم کسی بھی چیلنج کا سامنا کر سکتے ہیں، بھارت نے پہلگام جیسے واقعے کو عالمی برادری کو گمراہ کرنے کے لیے استعمال کیا اور پاکستان کی امن خواہش کو نظرانداز کیا، جس کا بھارت کو منہ توڑ جواب ملا شاہینوں کی شجاعت نے ثابت کر دیا کہ پاک فضائیہ ہر چیلنج سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔ ہم رب ذوالجلال کے شکرگزار ہیں کہ اس نے ہمیں ایک شاندار فتح عطا فرمائی، اللہ تعالیٰ کے کرم سے ہماری افواج نے ملک وملت کے دشمنوں کو ایسی سزا دی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 44

انہوں نے کہا کہ 28 مئی کی طرح اب 10 مئی بھی ملکی تاریخ میں یادگار دن بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہترین دفاعی عسکری قوت نے دنیا بھر پر اپنی دھاک بٹھا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر ہے، جس نے مختصر وقت میں دشمن کو دندان شکن جواب دے کر دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے بھی پاک فوج کی کوششیں قابل قدر ہیں اور اب بھارت کو بھی علم ہو گیا ہے کہ پاکستان اپنا دفاع

اپنا کلیدی کردار ذمہ داری سے ادا کریں گے، ہمیں اپنے اپنے حصے کا کردار ادا کرنا ہوگا تا کہ ایک بہتر معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 50

ہدایت، لیگی رہنما چوہدری ظفر سمیت مختلف محکموں کے افسران اور عوام کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جس کے بعد پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ شرکاء نے وطن کے محافظوں کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا: "پوری قوم کو بھارت کے خلاف عظیم فتح پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک افواج نے دشمن کے جنگی غرور کو پاش پاش کیا۔" ممبر صوبائی اسمبلی غلام رضا ربیرہ کا کہنا تھا کہ: "پاک افواج نے مشن بنیان مرصوص کی کامیاب تکمیل سے دشمن کا ایئر ڈیفنس سسٹم ناکارہ بنا کر نئی تاریخ رقم کی۔ یہ صرف عسکری کامیابی نہیں، یہ پوری قوم کی فتح ہے۔" ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے بتایا کہ: "ملک بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی ضلعی سطح پر یوم تشکر منایا جا رہا ہے، تمام سرکاری اور تعلیمی اداروں میں تقریبات منعقد ہو رہی ہیں اور جمعہ کے خطبات میں پاک افواج کی کامیابی پر خصوصی دعائیں بھی کی جائیں گی۔" اس دن نے ثابت کیا کہ جب قوم متحد ہو، قیادت باہمت ہو اور افواج پرعزم ہوں، تو دشمن کا غرور ریت کی دیوار بن کر بکھر جاتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

چپ میں بھی کیا راز ہے ڈاکٹر صاحب ہی جانتے ہیں اسی لئے قصاب جانوروں کو سلاٹر ہاؤس میں لانے کی بجائے اپنی اپنی دوکانوں کے باہر ہی جانور ذبح کرنے لگے لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والا مافیا اتنا طاقتور ہوگیا ہے کہ بار بار اعلیٰ حکام کی توجہ دلانے کے باوجود بھی کرپٹ مافیا کے خلاف تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہ لائی جا سکی۔ عوامی سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ سمیت اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور سرعام جانوروں کے ذبح کرنے پر پابندی لگائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ہیں اور اس کے سوا کسی چیز کو قبول نہیں کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ ہماری طاقت سیاسی، سفارتی اور صبر واستقامت پر مبنی ہے۔ فلسطینی صدر نے کہا کہ غزہ میں جنگ کو بند ہونا چاہیے۔ وہاں 2 لاکھ سے زیادہ افراد شہید اور زخمی ہو چکے ہیں جو ناقابل تصور ہے۔ غزہ میں 80 یا 90 خاندان ایسے ہیں جواب موجود ہی نہیں، یعنی وہ مکمل طور پر شہری رجسٹر سے مٹ چکے ہیں۔ دنیا کو یہ جاننا چاہیے اور لڑائی کو رک جانا چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ فلسطینیوں کے لئے تنظیم آزادی فلسطین (پی ایل او) ہی ایک جامع اور اکٹھا کرنے والا گھر ہے۔ انھوں نے کہا کہ تنظیم آزادی فلسطین کو واحد قانونی نمائندہ تسلیم کیا جائے، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قانونی اصولوں کا احترام کیا جائے، اور ایک ہی ریاست، ایک ہی فوج اور ایک ہی اسلحے پر مبنی نظم قائم ہو۔

بقیہ بقیہ جات 53

رپورٹس کے مطابق حکومت کی جانب سے پراپرٹی کی فروخت پر کیپٹل گین ٹیکس کی شرح میں 25 فیصد تک اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال کے لیے نئے بجٹ میں کیپٹل گین ٹیکس کو بڑھانے کے لیے تیاری شروع کر دی گئی ہے، جس کے تحت کیپٹل گین ٹیکس کی شرح کو 15 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد تک کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کیپٹل گین ٹیکس کو کارپوریٹ سیکٹر کے لیے عائد انکم ٹیکس کی شرح کے لحاظ سے عائد کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ پراپرٹی کی خرید و فروخت پر لاکھوں روپے منافع پر کم شرح کے مطابق ٹیکس وصولی ہو رہی ہے۔ ریئل اسٹیٹ میں پراپرٹی کی خرید و فروخت پر سی جی ٹی بڑھانے کی ضرورت ہے۔ کیپٹل گین ٹیکس بڑھانے سے ٹرانزیکشنز میں بھی کمی کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ آئی ایم ایف کی سخت شرائط کی وجہ سے ریئل اسٹیٹ سیکٹر پر عائد کیے گئے ٹیکسز کی وجہ سے گزشتہ 3 برسوں میں ملک میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی گروتھ میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

طور پر خصوصی مہم شروع کی ہے۔ وزارت کا کہنا تھا کہ عازمین حج مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ میں قیام کے دوران جب بھی اپنی رہائش سے باہر جائیں لازمی طور پر اپنے ہمراہ رکھیں اور جب بھی کوئی سرکاری اہلکار کارڈ طلب کرے تو اسے کارڈ دکھایا جائے۔ نسک کارڈ میں عازم حج کے بارے میں جملہ تفصیلات فراہم کی گئی ہیں جس میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ان کی عارضی رہائش کا مقام اور مشاعر مقدسہ (وادی منی، عرفات اور مزدلفہ) میں ان کے خیموں کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ نسک کارڈ میں موجود کیو آر کوڈ کو سکین کرتے ہی تمام معلومات سرکاری اہلکاروں کے سسٹم پر ظاہر ہو جاتی ہیں جس سے عازمین اگر اپنی رہائشی عمارت کا مقام بھول جائیں تو انہیں با آسانی وہاں پہنچایا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ بیرون ممالک سے آنے والے عازمین حج کے نسک کارڈز ان کے ممالک کے حج مشنز کے ذریعے عازمین کو فراہم کئے جاتے ہیں جبکہ اندرون مملکت سے فریضہ حج کے لئے جانے والوں کے نسک کارڈز وزارت حج وعمرہ کی جانب سے لائسنس یافتہ لوکل حج سروسز گروپس فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

دستخط شدہ فریم ورک معاہدے کو فعال کرنے کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے۔ یہ معاہدہ فریقین کے درمیان ایک معاہدے پر دستخط کے دوران طے پایا جسے سعودی عرب کے بین الاقوامی آرٹیمس معاہدے میں شمولیت کی توسیع سمجھا جا رہا ہے۔ یہ پرامن مقاصد کے لیے چاند، مریخ، سیارچوں اور دم دار ستاروں کی تلاش کے لیے ایک عالمی اتحاد ہے۔ یہ معاہدہ سائنسی تعاون کے افق کو وسیع کرنے اور مملکت کے بین الاقوامی خلائی منصوبوں میں ایک فعال شراکت دار کے طور پر موجودگی کو مستحکم کرنے مدد کرتا ہے۔ یہ سعودی عرب کے ویژن 2030 کے اہداف کے حصول کی جانب ایک پیش رفت بھی ہے۔ اس معاہدے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سعودی عرب کے دورے کے موقع پر دستخط کیے گئے۔ یہ دورہ دوطرفہ تعلقات کی مضبوطی اور سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط بنانے کی عکاسی کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

صحن مختص کیے گئے ہیں جو لوگوں کی روانی اور ہجوم کی تقسیم کو بہتر بناتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

داد میں مطالبہ کیا گیا کہ کسی بھی امیدوار کو پانچ مرتبہ مقابلے کی امتحان میں حصہ لینے کی اجازت دی جائے۔ سی ایس ایس امتحانات میں حصہ لینے والے امیدوار کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 30 کی بجائے 35 سال کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 58

آل پارٹیز کانفرنس بلانے کے لئے بھی مشاورت جاری ہے۔ کانفرنس میں بلدیاتی نظام ترمیمی بل 2025 پر بھی تمام سیاسی جماعتوں کو تحفظات سے آگاہ کیا جائے گا، آل پارٹیز کانفرنس میں تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

اعداد وشمار پر ایک بار پھر نظر ڈالیں تو ابتدائی طور پر حاصل ہونے والا تجارتی سرپلس اب بتدریج خسارے میں تبدیل ہو رہا ہے، یہ سرپلس زیادہ تر انتظامی اقدامات یا برآمدی اشیاء کی عالمی قیمتوں میں وقتی اضافے کی وجہ سے حاصل ہوا تھا اور یہی وہ اقدامات تھے جو آئی ایم ایف کو ناپسند بھی آئے۔ پاکستان کی برآمدات کے لئے زیادہ تر خام مال درآمد کیا جاتا ہے جس کا حجم بڑھتا ہے تو ہمارا تجارتی خسارہ بھی بڑھ جاتا ہے اس لئے ہمیں اس حوالے سے جامع اور موثر پالیسی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے اپیل ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ایس ایم ایز پر خصوصی

توجہ دی جائے اور اسے برآمدی صنعت میں ڈھالنے کیلئے طویل المدت پالیسی لائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 60

پیش کرتے ہیں، یہ کامیابی صرف پاکستانی افواج کی نہیں بلکہ پوری قوم کی کامیابی ہے، قوم دشمن کی جارحیت کے خلاف بنیان مرصوص کی مانند کھڑی رہی۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج نے بھارتی اشتعال انگیزی کا پیشہ ورانہ انداز میں بھرپور قوت سے جواب دیا، دنیا نے پاکستان کے صبر وتحمل کا اعتراف کیا اور ہماری آپریشنل مہارت کو تسلیم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پرامن ملک ہے، ہم کسی کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتے تاہم پاکستان اپنی خود مختاری، جغرافیائی سلیت پر سمجھوتا نہیں کرے گا، ہماری سرزمین کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ جب دشمن نے حد پار کی، تو بنیان مرصوص بن کر قوم اٹھ کھڑی ہوئی، قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے، آپریشن بنیان مرصوص ہماری قومی غیرت اور وحدت کی علامت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

پاکستان کی حمایت کی تھی۔ سیلیبی ایوی ایشن ہولڈنگ جس کی ویب سائٹ کے مطابق وہ بھارت کے نو بڑے ہوائی اڈوں (جیسے دہلی، ممبئی اور بنگلورو) پر گراؤنڈ ہینڈلنگ سروسز فراہم کرتی ہے، نے اس فیصلے پر فوری کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ دہلی انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے حکام نے بتایا کہ انہوں نے سیلیبی سے علیحدگی کے بعد اب AISATS اور GroupBrid کے ساتھ کام شروع کر دیا ہے۔ بھارتی ڈپٹی وزیر شہری ہوابازی مرلی دھر موہول نے کہا کہ پورے ملک سے سیلیبی پر پابندی کی درخواستیں موصول ہو رہی تھیں، تاہم انہوں نے مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

ساتھ ساتھ اربوں روپوں کی قیمتی زرخیز زمین پر قبضہ جما لیا دونوں پٹریوں کے ساتھ پختہ دوکانیں، سروس اسٹیشن، ویگن اڈے اور دیگر پختہ عمارتیں قائم کر کے قبضہ کر لیا جس سے محکمہ انہار کے مقامی افسران اور عملہ نے خاموشی اختیار کر لی قبضہ مافیا سرکاری اراضی پر دوکانیں قائم کر کے کروڑوں روپوں کے کاروبار کر کے لاکھوں روپے ماہانہ کما رہے ہیں جبکہ نہر کی پٹریوں کے ساتھ زرخیز زمین پر بااثر افراد قبضہ کر کے غیر قانونی کاشتکاری کر رہے ہیں جس سے محکمہ کو ماہانہ لاکھوں کا نقصان ہو رہا ہے شہریوں نے محکمہ کے اعلیٰ افسران اور وزیراعظم سے کروڑوں اربوں روپوں کی سرکاری اراضی قبضہ مافیا سے واگزار کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

نے کہا ہے کہ مذاکرات کے سازگار اور تعمیری ماحول کے لیے کم از کم شرط یہ ہے کہ نیتن یاہو کی حکومت کو سرحدی گزرگاہیں کھولنے اور انسانی، خوراک اور طبی امداد کی ترسیل کی اجازت دینے پر مجبور کیا جائے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جمعرات کو قطر میں ایک کاروباری اجلاس کے دوران ایک بار پھر غزہ کی پٹی پر کنٹرول حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور کہا کہ امریکہ اسے آزاد علاقہ بنائے گا، فلسطینی علاقوں میں بچانے کے لیے کچھ نہیں بچا ہے۔ ٹرمپ نے پہلی بار فروری میں غزہ کے بارے میں اپنا خیال پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ اس علاقے کو دوبارہ ترقی دے گا اور فلسطینیوں کو دوسرے علاقوں میں جانے پر مجبور کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 64

9 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 116.36 کلو گرام منشیات برآمد کی گئی، جو تعلیمی اداروں کے طلبہ سمیت عام شہریوں کو فروخت کی جانی تھی۔ پشاور کے علاقے حیات آباد میں ایک ملزم کے قبضے سے 500 گرام وزنی 1000 ایکسٹیسی گولیاں اور ایک پستول برآمد کیا گیا۔ اسی طرح حاجی کیمپ پشاور کے قریب ایک اور ملزم سے 56 گرام وزنی 100 ایکسٹیسی گولیاں پکڑی گئیں۔ گرفتار ملزمان نے اعتراف کیا کہ وہ تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کر رہے تھے۔ تعلیمی اداروں کے علاوہ دیگر شہروں میں بھی بڑی کارروائیاں کی گئیں۔ اسلام آباد کے جی نائن مرکز میں ایک گاڑی سے 2.4 کلوگرام چرس برآمد ہوئی اور 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ موٹروے ٹول پلازہ اسلام آباد کے قریب ایک اور گاڑی سے 43.2 کلو چرس اور 9.6 کلو افیون پکڑی گئی، جہاں 2 ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ اسی طرح اٹک کے اقبال شہید ٹول پلازہ پر دو الگ الگ کارروائیوں میں ایک مزدہ ٹرک سے 15 کلو ہیروئن اور ایک مسافر بس سے 3.6 کلو چرس برآمد کی گئی، جہاں ایک افغان باشندے سمیت ملزمان گرفتار ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 65

سمیت دیگر قانونی پہلوؤں کو مدنظر رکھنے کی ہدایت کردی۔ جسٹس فاروق حیدر نے ملزم عثمان سیف سمیت دیگر کی اخراج مقدمہ کی درخواست پر سماعت کی، پولیس افسران اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل محمد ادریس بھٹی کے ہمراہ پیش ہوئے، جسٹس فاروق حیدر نے سی پی او فیصل آباد سے کہا آپ آگے آئیں، کتنے چالان جمع کروائے ہیں، سی پی او نے رپورٹ جمع کروا دی، سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم نے بتایا کہ پیکا کے کچھ کیسز باقی ہیں، ایک لاکھ چھبیس ہزار چالان ٹرائل کورٹ میں جمع کروادیئے ہیں۔ جسٹس فاروق حیدر نے رانا ایاز سلیم سے کہا کہ شاباش، آپ کی کارکردگی بہت اچھی ہے، ہم نے ہی اس معاملے کو دیکھنا ہے، اگر پہلے ہو جاتا تو کتنا بہتر ہوتا، سی پی او گوجرانوالہ نے بتایا کہ انٹرنل سکیورٹی کا بھی اہتمام کیا ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

دیگر شاہراہ پر کروڑوں روپیہ مالیت سے لگائی گئی سٹریٹ لائٹس بند پڑی ہیں جس کے باعث شام ہوتے ہی سڑکوں پر اندھیرا چھا جاتا ہے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ راہگیر بھی سڑکوں پر لٹنے لگے۔ شہریوں نے بتایا کہ کئی بار مقامی انتظامیہ سے درخواست کی مگران کے کانوں میں جوں تک نہ رینگ سکی۔ شہر کے سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر ننکانہ سے مقامی انتظامیہ کی غفلت پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

بنے انہوں نے 1970ء میں پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا اور کامیاب ہوئے ان کا شمار ذوالفقار علی بھٹو کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا تھا۔ حاکم علی زرداری 1988ء اور 1993ء میں ممبر قومی اسمبلی بنے 1988ء میں محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے دور حکومت میں حاکم علی زرداری پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کے چیئرمین بنے۔ سابق صدر پرویز مشرف کے دور حکومت میں انہیں جیل بھجوا دیا گیا بعدازاں علالت کے باعث انہیں پمز اسلام آباد میں داخل کروا دیا گیا جہاں وہ 24 مئی 2011ء کو 81 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

بقیہ بقیہ جات 68

والے اقدامات تلاش کر سکتے ہیں جو مذاکرات کے ذریعے اس جنگ کے خاتمے اور مستقبل میں کسی بھی جنگ کی روک تھام کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا، بہت سا کام کرنا ہے۔ ہم اس کے لیے پرعزم ہیں۔ ظاہر ہے، ہر کسی کی طرح بے تابی سے ہم یہ ہوتے ہوئے دیکھنا چاہتے ہیں مگر یہ مشکل ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

آپریشن بنیان مرصوص کی تاریخ ساز کامیابی
مَعرکۂ حق
16 مئی، 2025
الحمدللہ
پوری قوم معرکہ حق میں ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح لڑی اور فتح حاصل کی
معصوم بچوں خواتین اور بزرگوں کے خون کا بدلہ لینے پر قوم پاکستان کی مسلح افواج کو سلام پیش کرتی ہے
پاکستان ہمیشہ زندہ باد!
حکومت پنجاب
SPL-911

لاہور ہوٹلز اینڈ ٹورازم ایسوسی ایشن کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کے حق میں شاندار ریلی کا انعقاد

چیئرمین آصف خان، صدر گلریز خٹک، سرپرست اعلیٰ میاں فیاض، سیکرٹری جنرل منیر گیلانی، سینئر وائس چیئرمین ملک اصغر اصغر اعوان، وائس چیئرمین چوہدری ارشد گجر، سینئر نائب صدر چوہدری خضر امین، نائب صدر چوہدری فاروق، نائب صدر چوہدری خالد معراج، نائب صدر حاجی مشتاق اعوان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل افریز شاہین تمام زونل صدور اور سینکڑوں کی تعداد میں ممبران شریک ہوئے

لاہور ہوٹلز اینڈ ٹورازم ایسوسی ایشن کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج کے حق میں شاندار ریلی نکالی گئی جس میں چیئرمین آصف خان، صدر گلریز خٹک، سرپرست اعلیٰ میاں فیاض، سیکرٹری جنرل منیر گیلانی، سینئر وائس چیئرمین ملک اصغر اصغر اعوان، وائس چیئرمین چوہدری ارشد گجر، سینئر نائب صدر چوہدری خضر امین، نائب صدر چوہدری فاروق، نائب صدر چوہدری خالد معراج، نائب صدر حاجی مشتاق اعوان، ڈپٹی سیکرٹری جنرل افریز شاہین تمام زونل صدور اور سینکڑوں کی تعداد میں ممبران شریک ہوئے یہ ریلی مال روڈ سے ہوتی ہوئی الفلاح چوک اور الفلاح چوک سے لاہور پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین آصف خان کا کہنا تھا کہ آج کئی صدیوں بعد سپہ سالار اعظم جنرل حافظ سید عاصم منیر نے غزوہ بدر کی یاد تازہ کردی وہاں بھی دشمن کو معاشی برتری، عددی اکثریت اور ہتھیاروں کا گھمنڈ تھا جو سرکار دو عالمؐ اور ان کے صحابہؓ نے مٹی میں ملایا اور آپریشن بنیان مرصوص میں سرکار کے غلاموں اور اللہ کے سپاہیوں نے اپنے سے تعداد میں تین گناہ بڑے دشمن کو نیست و نابود کر دیا۔ صدر گلریز خٹک کا کہنا تھا کہ مودی سرکار تم بالی ووڈ کی فلمیں لکھتے ہو اور ہم تاریخ لکھتے ہیں اور اگلے کئی سال کتابوں میں جو تاریخ پڑھائی جائے گی اس میں تمہیں نریندر مودی کے بجائے سرینڈر مودی پکارا جائیگا مزید سیکرٹری جنرل منیر گیلانی نے کہا کہ ملک کی سلامتی اور امن سیاحتی سرگرمیوں کی بنیاد ہے اور افواج پاکستان نے جس بہادری سے دشمن کے عزائم خاک میں ملائے ہیں اس سے نہ صرف قومی وقار بلند ہوا بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی دفاعی حیثیت کو بھی سراہا گیا۔ ایسوسی ایشن نے دعا کی اللہ تعالیٰ وطن عزیز کو ہمیشہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے اور افواج پاکستان کو مزید قوت عزم اور کامیابیاں عطا فرمائے۔ ریلی کے اختتام پر چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ عاصم منیر چیف آف ایئر سٹاف جنرل ظہیر احمد بابر چیف آ؟ف نیول سٹاف نوید اشرف اور پرائم منسٹر آف پاکستان میاں شہباز شریف کی تصاویر پر گل پاشی کی گئی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔

Surrender
Modi

Surrender
Modi

REAL COMMANDER
MAN OF STEEL
Chief of Army Staff
General Hafiz Asim Munir
Prime Minister of Pakistan
Lahore Hotels & Tourism Association

Surrender
Modi